رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ
A.B.C Certified
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | پیر | 24 ربیع الاول | 1448ھ | 07 ستمبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 55

سکیورٹی فورسز کے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں کامیاب آپریشنز، 21 خوارجی ہلاک

بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشتگرد عناصر کے مذموم عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے، صدر مملکت اور وزیراعظم

شمالی وزیرستان میں چھپے ہوئے مزید دس خوارجیوں کو جہنم واصل کیا گیا، اس کے ساتھ ہی، دراندازی کی کوشش کرنے والے اور سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں مؤثر طریقے سے ہلاک ہونے والے خوارجیوں کی کل تعداد پچیس ہوگئی

شمالی وزیرستان میں ہی ایک اور جھڑپ کے دوران، سکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد کے ساتھ خوارجیوں کے ایک اور گروہ کی نقل وحرکت کا سراغ لگایا، سکیورٹی فورسز کی ماہرانہ کارروائی کے نتیجے میں خوارجی ہلاک کردیے گئے

شمالی وزیرستان، اسلام آباد (آن لائن) سکیورٹی فورسز کی 3 سے 5 ستمبر کے دوران، خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں (بقیہ نمبر38 صفحہ 6پر)

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں (بقیہ نمبر37 صفحہ 6پر)

وزیراعظم کی ہدایت پر نیپال کے لیے انسانی امداد کی کھیپ کھٹمنڈو بھیج دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی (بقیہ نمبر42 صفحہ 6پر)

یوم دفاع وشہدا کے موقع پر کوئٹہ میں پروقار مرکزی تقریب کا انعقاد

گورنر اور وزیراعلیٰ بلوچستان، کورکمانڈر بلوچستان دیگر اعلیٰ سول وعسکری حکام نے شرکت کی

کوئٹہ (آن لائن) یوم دفاع وشہدا کے موقع پر کوئٹہ میں پروقار مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی (بقیہ نمبر41 صفحہ 6پر)

گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان کورکمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہدا پر پھول چڑھا رہے ہیں

شہدا کی قربانیاں وہ مقدس امانت ہے جس کی بنیاد پر پاکستان کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی قائم ہے، وزیراعظم

اللہ تعالی ہمارے شہدا کے درجات بلند فرمائے اور ہمارے پیارے وطن پاکستان کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں رکھے

پاکستان امن کا خواہاں ہے، امن کے لیے ہمارا عزم کسی صورت ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، شہباز شریف کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ یوم دفاع وشہدا کے موقع پر ہم اپنے شہدا کی لازوال شجاعت، غازیوں کی بہادری اوران کے اہل خانہ کے غیر متزلزل عزم کو سلام پیش کرتے ہیں، ان کی قربانیاں وہ مقدس امانت ہے جس کی بنیاد پر پاکستان کی (بقیہ نمبر40 صفحہ 6پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کی ڈی آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون سے ملاقات

ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر حادثات سے بچ سکتے ہیں، ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ عوام موٹروے پولیس کی جانب سے ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء سے استفادہ حاصل کرتے (بقیہ نمبر39 صفحہ 6پر)

پاک فضائیہ ہمیشہ کی طرح ہر چیلنج کا سامنا کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے، صدر مملکت

پاکستان کے یوم فضائیہ کے تاریخی موقع پر اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کو خراج عقیدت

پاکستان کی خودمختاری اور فضائی حدود کے دفاع کے لیے ہر لمحہ مستعد وسربکف ہے، آصف علی زرداری کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان کے یوم فضائیہ کے تاریخی موقع پر اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فضائیہ ہمیشہ کی طرح ہر چیلنج کا سامنا کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے، پاکستان کی خودمختاری اور فضائی حدود کے دفاع کے لیے ہر لمحہ مستعد و سربکف ہے۔ یوم فضائیہ پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ (بقیہ نمبر43 صفحہ 6پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل کوآرڈینیٹر نیکٹا میجر جنرل فیصل نصیر کا وزیراعلیٰ ہاؤس کوئٹہ میں استقبال کر رہے ہیں

نئے گورننس ماڈل کی تیاری، اپنی اسمبلی اور چیف ایگزیکٹو قائم کرنے کی تجویز

نئے صوبوں کا معاملہ، سب سے پہلے اسلام آباد کو نئے انتظامی ماڈل میں ڈھالنے کا فیصلہ

وفاقی دارالحکومت کے مستقبل کا نیا نقشہ وزیراعظم کے سامنے رکھ دیا گیا، مجوزہ ڈرافٹ میں 27 رکنی اسمبلی قائم کرنے کی سفارش، 21 ارکان براہ راست عوام کے ووٹ سے منتخب کرنے کی تجویز

چیف سیکرٹری اور 4 سیکرٹریز تعینات کرنے کی سفارش کی گئی، اعلیٰ سطح کی خصوصی کمیٹی میں وفاقی وزراء احسن اقبال، محسن نقوی شامل تھے، رانا ثنااللہ، مصدق ملک نے بھی کردار ادا کیا' نجی ٹی وی

اسمبلی کے ہر حلقے سے 7 نشستیں رکھنے کی تجویز جبکہ خواتین کیلئے 5 مخصوص اور اقلیتوں کیلئے ایک نشست مختص کرنے کی سفارش، سی ڈی اے سمیت مختلف اداروں کے اختیارات بھی ازسرنو ترتیب دیے جائیں گے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کی بحث جاری ہے، حکومت نے سب سے پہلے اسلام آباد کو نئے انتظامی ماڈل میں ڈھالنے کی تیاریاں تیز کردیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے مستقبل کا نیا نقشہ (بقیہ نمبر44 صفحہ 6پر)

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی دارالحکومت کے انتظامی ڈھانچے میں بڑی تبدیلی کی تیاری کی جارہی ہے، جس کے تحت اسلام آباد کے لیے اپنی منتخب اسمبلی، چیف ایگزیکٹو اور 27 انتظامی محکمے قائم کرنے کی تجویز سامنے آئی ہے۔ مجوزہ ڈرافٹ میں 27 رکنی اسلام آباد (بقیہ نمبر45 صفحہ 6پر)

اسحاق ڈار کا 6 ستمبر 1965 کے شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت

شہدا اور غازیوں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر اور مشعل راہ ہیں، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے 6 ستمبر 1965 کے شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ یوم دفاع و شہدا کے موقع پر اپنے پیغام میں اسحاق ڈار نے کہا کہ مسلح افواج نے 6 ستمبر 1965 کو غیر معمولی جرات اور قربانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وطن کا دفاع کیا، شہدا اور غازیوں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر اور (بقیہ نمبر46 صفحہ 6پر)

بانی کی رائے لیے بغیر انتظامی یونٹس پر بات نہیں کریں گے، سلمان اکرم

سانگھڑ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے بانی پی ٹی آئی کی رائے لیے بغیر انتظامی یونٹس کے عمل میں شامل نہیں ہوں گے (بقیہ نمبر48 صفحہ 6پر)

دو خاندانوں کی سیاست کو عمران خان نے توڑا ہے، سہیل آفریدی

عمرکوٹ (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ دو خاندانوں کی سیاست کو عمران خان نے توڑا ہے۔ کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے سہیل آفریدی (بقیہ نمبر49 صفحہ 6پر)

مریم نواز نے 3 صوبوں کو دہشتگردی کی بنیاد قرار دیکر مودی اور بھارت کو کلین چٹ دی، سہیل آفریدی

بیان سے دہشتگردی کیخلاف پاکستان کے عالمی موقف کو نقصان پہنچا، صوبوں کیخلاف متعصبانہ رویہ پاکستان کو تقسیم کرنے کی سوچ کا عکاس ہے

گزشتہ روز مریم نواز نے اپنے بیان میں کہا کہ مجھے ہمسایہ ممالک سے کم، ہمسایہ صوبوں سے زیادہ خطرہ ہے، کچے کا علاقہ کئی دہائیوں سے جرائم کا گڑھ بنا ہوا تھا

پشاور/لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے تین صوبوں کو دہشت گردی کی بنیاد قرار دیکر مودی اور بھارت کو کلین چٹ دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے بیان پر تنقید کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بیان سے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے عالمی موقف کو نقصان پہنچا، صوبوں کے خلاف متعصبانہ رویہ پاکستان کو تقسیم کرنے (بقیہ نمبر41 صفحہ 7پر)

یوم دفاع وشہداء پر افواج پاکستان کا شہدائے پاکستان کو خراج عقیدت پیش

شہدائے پاکستان فرض، عزت اور قربانی کی اعلیٰ ترین اقدار کی علامت ہیں، آئی ایس پی آر

امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، پاکستان کے خلاف کسی بھی جارحیت کا فوری اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، بیان جاری

میدان جنگ، فضاؤں اور سمندروں میں وطن کے محافظوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، غازیوں اور شہدا کے اہلخانہ کیلئے اظہار تکریم وتشکر

راولپنڈی (آن لائن) یوم دفاع وشہداء پر افواج پاکستان نے شہدائے پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے غازیوں اور شہدا کے اہلخانہ کے لئے اظہار تکریم وتشکر کیا ہے اور آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ شہدائے پاکستان فرض، عزت اور قربانی کی اعلیٰ ترین اقدار کی علامت ہیں۔ افواج پاکستان نے غازیوں اور شہداء کے اہلخانہ کے لئے اظہار تعزیت کیا۔ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر، نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف اور ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، جنرل عامر رضا سمیت مسلح افواج کا شہدائے پاکستان کو خراج عقیدت پیش کیا۔ مسلح (بقیہ نمبر47 صفحہ 6پر)

مستونگ کے علاقے میں قومی شاہراہ پر دو مختلف مقامات سے 6 نامعلوم افراد کی تشدد زدہ نعشیں ملی

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں قومی شاہراہ پر دو مختلف مقامات سے 6 نامعلوم افراد کی تشدد زدہ نعشیں ملی جنہیں پولیس نے ہسپتال منتقل کردیا پولیس کے مطابق مستونگ کے علاقے میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر شہر کے قریب 2 مختلف مقامات سے 6 افراد کی نعشیں ملیں ایس ایچ او عبدالرؤف بلوچ نے بتایا کہ ایک نعش ڈی سی ہاؤس کے قریب سے (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7پر)



کراچی: ایئر آفیسر کمانڈنگ پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان ایئر وائس مارشل حسن فیصل یوم دفاع کے موقع پر مزار قائد پر گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں

6 ستمبر غیر معمولی شجاعت اور بے مثال بہادری کا تاریخ ساز دن ہے، محسن نقوی

تاریخ گواہ ہے 1965 کی جنگ میں پاکستانی قوم نے مثالی اتحاد، عزم اور ثابت قدمی کا ثبوت دیا، وزیر داخلہ

شہدا کے خاندانوں سے پوری قوم بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور قوم اپنے شہدا اور غازیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ 6 ستمبر غیر معمولی شجاعت اور بے مثال بہادری کا تاریخ ساز دن، ایک ناقابل فراموش اور قابل فخر درخشاں باب ہے۔ یوم دفاع و شہدا کے حوالے سے اپنے خصوصی پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ میں شہدا کی عظیم قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو دشمن نے بلا اشتعال جارحیت کی (بقیہ نمبر42 صفحہ 7پر)

گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان کورکمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر دعا کر رہے ہیں

حماد اظہر ملتان سے گرفتار، لاہور پولیس کے حوالے

ملتان (این این آئی) سابق رکن قومی اسمبلی اور تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حماد اظہر کو ملتان سے گرفتار کرکے لاہور پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حماد اظہر 9 مئی 2023 کے واقعات سے متعلق مختلف مقدمات میں ملوث ہیں اور وہ 9 مئی 2023 سے اشتہاری تھے۔ پولیس ذرائع (بقیہ نمبر43 صفحہ 7پر)

6 ستمبر 1965 کی شام پاک فضائیہ بھارتی ایئر بیس پٹھانکوٹ پر قہر بن کر ٹوٹ پڑی

شام ساڑھے پانچ بجے حملہ شروع ہوا، چھ بجے پٹھانکوٹ ایئر بیس راکھ کا ڈھیر تھی، سابق ونگ کمانڈر غلام تواب

اسلام آباد (آن لائن) 6 ستمبر کی شام، پاک فضائیہ کے شیر دل اسکواڈرن کے نام رہی کیونکہ 6 ستمبر 1965 کی شام پاک فضائیہ بھارتی ایئر بیس پٹھانکوٹ پر قہر بن کر ٹوٹ پڑی۔ پاک فضائیہ کے اسکواڈرن نمبر 19 نے صرف 23 منٹ میں بھارتی فضائیہ کے اسکواڈرن (بقیہ نمبر57 صفحہ 7پر)

اسحاق ڈار کا ناروے کے ہم منصب ایسپن بارتھ ایدے سے ٹیلی فونک رابطہ

شاہ ناروے ہیرالڈ پنجم کے انتقال پر پاکستان کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ناروے کے وزیر خارجہ ایسپن بارتھ ایدے سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور شاہ ناروے ہیرالڈ پنجم کے انتقال پر پاکستان کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار (بقیہ نمبر56 صفحہ 7پر)

یوم دفاع وشہدا، پاک فوج کے جوانوں کا ملکی سلامتی وبقا کیلئے ہر قربانی دینے کا عہد

وطن سے عشق میں پاک فوج نے ہر ذمہ داری نبھائی اور پاکستانی ہونے پر ہمیشہ دل سے فخر کیا

راولپنڈی (این این آئی) یوم دفاع وشہدا کے موقع پر افواج پاکستان نے ملک کی سلامتی، خودمختاری اور بقا کیلئے ہر قربانی دینے کا عہد کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق افواج پاکستان کے افسران اور جوانوں نے کہا کہ پاک فوج کا ہر جوان وطن کا محافظ ہے اور ہم اس کی بقا وسلامتی (بقیہ نمبر55 صفحہ 7پر)

پاک فضائیہ نے گزشتہ سال بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، ایئر وائس مارشل حسن فیصل

پاکستان امن کا خواہاں ضرور ہے مگر خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کرے گا، مزار قائد پر تقریب سے خطاب

تمام شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، پاکستان امن کا خواہاں ضرور ہے مگر خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کرے گا

کراچی (این این آئی) ایئر وائس مارشل حسن فیصل نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ قوم کی امیدوں پر ہمیشہ پوری اتری، ہر مشکل میں پاک فضائیہ نے اپنی خدمات کو پیش کیا۔ مزار قائد پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایئر وائس مارشل حسن فیصل نے کہا کہ فضائی حدود کا دفاع پاک فضائیہ کے مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ نے گزشتہ سال بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، سربراہ پاک فضائیہ (بقیہ نمبر59 صفحہ 7پر)

رحیم یار خان میں ٹریکٹر ٹرالی اور ٹریلر میں تصادم، 7 افراد جاں بحق

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان میں ٹریکٹر ٹرالی اور ٹریلر میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں 7 افراد جاں بحق اور 60 سے زائد افراد زخمی ہوئے۔ پولیس (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7پر)

کوئی بھی ملک سے محبت کرنے والا اس سسٹم سے خوش نہیں، عبدالعلیم خان

کب تک نعروں سے ٹرخانے کا سلسلہ جاری رہے گا؟، وفاقی وزیر وصدر آئی پی پی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر وصدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے موجودہ حالات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئی بھی ملک سے محبت کرنے والا اس نظام سے خوش نہیں، عوام کو بنیادی سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں، لوگ آج (بقیہ نمبر60 صفحہ 7پر)

پاکستان سمیت 8 ممالک کی اسرائیلی وزرا کے غزہ سے فلسطینیوں کی بیدخلی کے بیان کی مذمت

غزہ مقبوضہ فلسطینی علاقے کا اٹوٹ حصہ ہے، فلسطینیوں کو بیدخل کرنے کی کوششیں خطے کے استحکام کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، مشترکہ اعلامیہ

فلسطینی عوام کی اپنی سرزمین پر ثابت قدمی کی مکمل حمایت کرتے ہیں، فلسطینیوں کے جائز حقوق کو نقصان پہنچانے کی تمام کوششیں مسترد کرتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت 8 ممالک نے اسرائیلی وزرا کی جانب سے غزہ سے فلسطینیوں کی بیدخلی سے متعلق بیانات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ، مغربی کنارے سمیت مقبوضہ بیت المقدس پر مشتمل فلسطینی سرزمین کا اتحاد برقرار رکھا جائے۔ مشترکہ اعلامیہ پاکستان، مصر، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب، ترکیہ اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ کی جانب سے جاری کیا گیا (بقیہ نمبر44 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیکٹا کے نیشنل کوآرڈینیٹر میجر جنرل فیصل نصیر کو سوئنیر پیش کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی ترک وزیر خارجہ حاکان فیدان سے ٹیلیفونک گفتگو

دونوں رہنماؤں کا مکہ دفاعی اتحاد کے تعاون کو مزید آگے بڑھانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکیہ کے وزیر خارجہ حاکان فیدان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت (بقیہ نمبر46 صفحہ 7پر)

یوم دفاع وشہدا، آئی ایس پی آر کا نغمہ منزل پاکستان جاری

راولپنڈی (این این آئی) یوم دفاع وشہدا کے موقع پر آئی ایس پی آر نے جذبہ حب الوطنی سے سرشار ولولہ انگیز قومی نغمہ منزل پاکستان جاری کر دیا۔ آئی ایس پی آر کا نغمہ قوم (بقیہ نمبر45 صفحہ 7پر)

پاکستان خطے میں پائیدار امن واستحکام کا خواہاں ہے، یوسف رضا گیلانی

پاکستان طاقت کے بجائے مکالمے، سفارت کاری اور پرامن ذرائع کو ترجیح دیتا ہے

اسلام آباد (آن لائن) قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے، خطے میں پائیدار امن واستحکام کا خواہاں ہے۔ یوم دفاع وشہداء کے موقع پر قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے مسلح افواج کے افسران وجوانوں (بقیہ نمبر54 صفحہ 7پر)

مضبوط دفاع کی بنیاد مضبوط معیشت، جدید ٹیکنالوجی اور قومی یکجہتی ہے، احسن اقبال

برآمدات میں اضافہ قومی سلامتی کا مشن ہے، پاکستان کو قرضوں پر انحصار سے نکال کر پیداوار، جدت اور برآمدات پر مبنی معیشت بنانا ہوگا

شہداء نے سرحدوں پر پاکستان کی خودمختاری کا دفاع کیا، ہمیں معیشت، علم اور ٹیکنالوجی کے محاذوں پر اسے مضبوط بنانا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ اکیسویں صدی میں دفاع وطن کا تصور محض سرحدوں کی حفاظت تک محدود نہیں رہا۔ مضبوط معیشت، جدید ٹیکنالوجی، باصلاحیت انسانی سرمایہ، توانائی و آبی تحفظ (بقیہ نمبر62 صفحہ 7پر)

گلگت بلتستان میں بادل پھٹنے سے سیلاب، شاہراہ قراقرم سمیت متعدد سڑکیں بند

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں بادل پھٹنے کے نتیجے میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچادی جس کے باعث شاہراہ قراقرم سمیت متعدد سڑکیں بند (بقیہ نمبر64 صفحہ 7پر)

6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا سنہری اور یادگار دن ہے، عظمیٰ بخاری

جنگ ستمبر کے شہدا وغازی ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، قوم نے افواج کے شانہ بشانہ جنگ لڑی

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک سنہری اور یادگار دن ہے، اس دن پاک فوج نے جرات و بہادری کی لازوال مثالیں قائم کیں جبکہ پاک (بقیہ نمبر63 صفحہ 7پر)

غذر میں بادل پھٹنے کے نتیجے میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچادی

سیلاب کے باعث امیٹ سے برجنگل جانے والی سڑک بند ہوگئی

غذر (آن لائن) گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں بادل پھٹنے کے نتیجے میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچادی، جس کے باعث شاہراہ قراقرم سمیت متعدد سڑکیں بند ہوگئیں، زرعی اراضی، فصلوں اور مکانات کو نقصان پہنچا جبکہ بجلی کی فراہمی بھی متاثر ہوئی۔ شدید بارش (بقیہ نمبر53 صفحہ 7پر)

پاکستان اور مصر کا امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کیلئے دوبارہ کوششیں تیز کرنے پر زور

وزرائے خارجہ نے علاقائی سلامتی کے معاملات پر رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا، ترجمان وزارت خارجہ

وزیراعظم اسحاق ڈار کی سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان سے بھی ٹیلیفونک گفتگو، علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور مصر نے امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد دوبارہ شروع کرنے اور تنازع پھیلنے سے روکنے کے لیے سفارتی کوششیں تیز کرنے پر زور دیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق مصر کے وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ٹیلی فون پر رابطہ کرکے علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس کے علاوہ دونوں کے درمیان خطے میں کشیدگی میں کمی، امن و استحکام کی بحالی سے (بقیہ نمبر47 صفحہ 7پر)

حکومت نے درآمد شدہ چینی برآمد کرنے کا فیصلہ کرلیا

ٹی سی پی نے ایک لاکھ 7 ہزار 739 میٹرک ٹن سفید ریفائنڈ چینی کی برآمد کے لیے ای ٹینڈر جاری کردیا

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے درآمد شدہ چینی برآمد کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے اور ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان نے ایک لاکھ 7 ہزار 739 میٹرک ٹن سفید ریفائنڈ چینی کی برآمد کے لیے ای ٹینڈر جاری کردیا ہے۔ ٹی سی پی کے مطابق چینی کی برآمد کے لیے ای پی اے (بقیہ نمبر52 صفحہ 7پر)

حکومت نااہلی چھپانے کے لیے سارا بوجھ عوام پر منتقل کر رہی ہے، حافظ نعیم

شہباز حکومت نے پٹرولیم لیوی کی مد میں غریب عوام سے چار ہزار ارب وصول کیے، آج سے مذاکرات کا آغاز ہوگا

حکومت لیبین ملک اور صومالیہ میں یرغمال پاکستانیوں کی رہائی کے اقدامات کرے، جماعت اسلامی مقبوضہ کشمیر سے پابندی ختم کی جائے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے موجودہ حکومت نااہل ترین ہے، یہ اپنی نااہلی اور کرپشن چھپانے کے لیے سارا بوجھ عوام پر منتقل کر رہی ہے، پیر سے حکومت سے مذاکرات کا آغاز ہوگا، مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو دھرنے حکومت (بقیہ نمبر65 صفحہ 7پر)

ہمارے شہداء کا خون قومی زندگی کے تانے بانے میں رچا بسا ہے، بلاول بھٹو

ہمارے شہداء کا خون قومی زندگی کے تانے بانے میں رچا بسا ہے اوران کی قربانی ہمیشہ قوم کیلئے ایک مقدس امانت رہے گی، چیئرمین پی پی پی

شہداء کے خاندانوں نے اپنے پیاروں کی ناقابل تلافی جدائی کے غم کو غیر معمولی حوصلے اور وقار سے برداشت کیا ہے، یوم دفاع پر پیغام

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر مسلح افواج کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے غازیوں اور بہادر جوانوں کو سلام پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے شہداء کے اہل خانہ (بقیہ نمبر48 صفحہ 7پر)

ستمبر 2026
روشن مستقبل
PAKISTAN NAVY

نارووال: وفاقی وزیر احسن اقبال یوم دفاع پاکستان کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی سعودی عرب کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال بالخصوص کثیر الجہتی فورمز پر باہمی دلچسپی کے امور پر (بقیہ نمبر49 صفحہ 7پر)

حمزہ چھٹی پر گھر آتا تو لگتا جیسے عید کا چاند نکل آیا ہے، والد کیپٹن حمزہ اکرم شہید

تمام مائیں اپنے بچوں کو وطن عزیز کے دفاع کے لیے تیار رکھیں، والدہ کیپٹن حمزہ اکرم شہید

اسلام آباد (آن لائن) 6 ستمبر یوم دفاع وشہداء کے موقع پر قوم کے عظیم شہداء اور غازیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ وطن کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والے کیپٹن حمزہ اکرم شہید کو قوم کا سلام، والد کیپٹن حمزہ اکرم شہید نے بتایا کہ 6 ستمبر یوم (بقیہ نمبر51 صفحہ 7پر)

وزیراعلیٰ پنجاب کی دہشتگردی کیخلاف گفتگو منفی انداز میں پیش کرنا افسوسناک ہے، مریم اورنگزیب

ایسے عناصر سیاسی نمبر سکورنگ کے لیے قوم میں تقسیم پیدا کرنا چاہتے ہیں، سینئر صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی دہشت گردی کے خلاف اقدامات سے متعلق گفتگو کو سوشل میڈیا پر منفی انداز میں پیش کرنا افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر (بقیہ نمبر50 صفحہ 7پر)

پاکستان بزنس فورم نے نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے کی حمایت کردی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بزنس فورم نے ملک میں معاشی ترقی اور بہتر گورننس کے لیے نظام میں تبدیلیوں کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے کی حمایت کردی۔ پاکستان بزنس فورم کے اعلامیے کے مطابق نئے صوبوں کے قیام سے ملک کے گورننس ماڈل میں بہتری آئے گی، تاہم اس حوالے سے فیصلہ تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور (بقیہ نمبر 66 صفحہ 7پر)


SCI
FIRST FOR HUNTERS
One Team - One Direction - One Purpose

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سفاری کلب انٹرنیشنل کے زیراہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ
عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹرانچیف
وسیم احمد

کھیلوں کی دنیا

انچارج
شجاع



ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کا تیسرا سیزن 3 اکتوبر سے شروع ہوگا

وارنر، یوراج، ڈیویلیئرز اور براوو پھر ایکشن میں ہونگے

اسلام آباد(این این آئی) ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز (ڈبلیو سی ایل) 2026 کا تیسرا سیزن 3 اکتوبر سے 18 اکتوبر 2026 تک دوبئی میں کھیلا جائے گا جس میں بین الاقوامی کرکٹ کے سابق اور ریٹائرڈ سپر اسٹارز ایک بار پھر میدان میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔ ٹورنامنٹ کے تیسرے سیزن میں آسٹریلیا کے جارح مزاج اوپنر ڈیوڈ وارنر، بھارت کے سابق اسٹار آل راؤنڈر یوراج سنگھ، جنوبی افریقہ کے معروف بلے باز اے بی ڈی ویلیئرز اور ویسٹ انڈیز کے سابق آل راؤنڈر ڈوین براوو سمیت متعدد عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے۔ اس مرتبہ ڈبلیو سی ایل کے دائرہ کار کو مزید وسعت دیتے ہوئے بنگلہ دیش چیمپئنز کو بھی پہلی بار ٹورنامنٹ میں شامل کیا گیا ہے جس کے بعد شریک ٹیموں کی تعداد بڑھ کر سات ہوگئی ہے۔ ٹرافی کے حصول کے لیے پاکستان چیمپئنز، انڈیا چیمپئنز، آسٹریلیا چیمپئنز، ساؤتھ افریقہ چیمپئنز، ویسٹ انڈیز چیمپئنز، انگلینڈ چیمپئنز اور بنگلہ دیش چیمپئنز میدان میں اتریں گی۔ 16 روز تک جاری رہنے والے ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں شائقین کو نہ صرف اپنے پسندیدہ سابق عالمی کرکٹ اسٹارز کو دوبارہ ایکشن میں دیکھنے کا موقع ملے گا بلکہ پاکستان اور بھارت سمیت روایتی حریفوں کے درمیان دلچسپ مقابلوں کی توقع بھی کی جارہی ہے۔ بنگلہ دیش چیمپئنز کی شمولیت سے تیسرے سیزن میں مقابلے مزید وسیع اور دلچسپ ہونے کی توقع ہے، جبکہ عالمی کرکٹ کے بڑے ناموں کی موجودگی ڈبلیو سی ایل 2026 کو شائقین کے لیے خصوصی توجہ کا مرکز بنائے گی۔

پی سی بی اور پی ایس ایل فرنچائز میں جنوری میں لیگ کے انعقاد پر مذاکرات

لاہور (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 12 ویں ایڈیشن کو آئندہ سال جنوری میں منعقد کرانے کی تجویز سامنے آگئی ہے۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور پی ایس ایل فرنچائز مالکان کے درمیان جنوری میں لیگ کے انعقاد کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ یکم ستمبر کو لندن میں ہونے والے پی ایس ایل گورننگ کونسل کے اجلاس میں لیگ کے شیڈول سمیت مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان سیریز کا تیسرا ٹیسٹ 9 ستمبر سے شروع ہوگا

انگلینڈ کو تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے، رپورٹ

برمنگھم (این این آئی) انگلینڈ اور پاکستان کے درمیان تیسرے اور آخری ٹیسٹ میچ 9 ستمبر سے شروع ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان سیریز کا تیسرا ٹیسٹ 9 ستمبر سے برمنگھم میں کھیلا جائے گا۔ یاد رہے کہ انگلینڈ کو تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے جبکہ پاکستان تیسرے ٹیسٹ میں کامیابی حاصل کر کے سیریز کا اختتام فتح کے ساتھ کرنے کا خواہاں ہے۔

حمزہ راجہ نے مسٹر یونیورس 2026 کا مجموعی ٹائٹل جیت لیا

حمزہ راجہ بین الاقوامی مقابلوں میں مجموعی ٹائٹل اور پرو کارڈ جیتنے والے پہلے پاکستانی ہیں، رپورٹ

برسلز (این این آئی) انٹرنیشنل فیڈریشن آف باڈی بلڈنگ اینڈ فٹنس کے زیرِ اہتمام مسٹر یونیورس 2026 چیمپئن شپ میں پاکستان نے اہم کامیابی حاصل کرلی۔ واپڈا کے حمزہ راجہ نے مینز فزیک کیٹیگری میں گولڈ میڈل جیتنے کے ساتھ ساتھ چیمپئن شپ کا مجموعی ٹائٹل بھی اپنے نام کرلیا۔ واپڈا ترجمان کے مطابق حمزہ راجہ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آئی ایف بی بی پرو کارڈ بھی حاصل کیا۔ ترجمان کے مطابق حمزہ راجہ بین الاقوامی مقابلوں میں مجموعی ٹائٹل اور پرو کارڈ جیتنے والے پہلے پاکستانی ہیں۔ مسٹر یونیورس 2026 چیمپئن شپ سوئٹزرلینڈ میں منعقد ہوئی، جس میں دنیا بھر سے 26 ممالک کے ایتھلیٹس نے شرکت کی۔ واپڈا ترجمان کے مطابق حمزہ راجہ کی کامیابی پاکستان کے لیے ایک اہم اعزاز ہے۔

ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید پی سی بی کے اہم عہدیدار کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے رہیں گے

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید پی سی بی کے اہم عہدیدار کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے رہیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ تھنک ٹینک کے اہم کردار عاقب جاوید مختصر دورے کے بعد واپس لاہور پہنچے، وہ لارڈز ٹیسٹ میں انگلینڈ کے ہاتھوں 194 رنز کی شکست کے بعد لندن گئے تھے، جہاں انہوں نے قومی ٹیم کے ساتھ 2 ستمبر کو بکنگھم پیلس میں شہزادہ چارلس کے عشائیے میں شرکت کی تھی۔ لندن میں چیئرمین پی سی بی کے ساتھ بورڈ کے اہم اجلاس میں شریک عاقب جاوید پر اس وقت سابق کرکٹرز اور کرکٹ کے حلقوں میں شدید تنقید کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ لارڈز ٹیسٹ کی شکست کے بعد ہیڈ کوچ سرفراز احمد، بولنگ کوچ عمر گل اور سات کھلاڑیوں کو ٹیم سے اچانک باہر کر کے پاکستان سے [illegible] کے فیصلے کے بعد بورڈ بالخصوص عاقب جاوید پر شدید تنقید کی جارہی ہے، اوران کے استعفے کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔

یوم دفاع
6th
PAKISTAN DEFENCE DAY

ڈائریکٹر جنرل کھیل ڈاکٹر یاسر خان بازئی کا محکمہ کھیل بلوچستان کے زیراہتمام یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ''رن فارفن'' ریس کے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کی ایشین گیمز میں پاکستان کی شرکت کیلئے تیاریاں مکمل

پاکستان کا دستہ 248 کھلاڑیوں اور آفیشلز پر مشتمل ہوگا، جن میں سے 93 افراد کو پاکستان اسپورٹس بورڈ مالی معاونت فراہم کرے گا

پاکستان کو کبڈی، والی بال، شوٹنگ، اسکواش، باکسنگ، ہاکی اور کرکٹ سمیت مختلف کھیلوں میں میڈلز ملنے کی توقع ہے، خالد محمود کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن نے ایشین گیمز میں پاکستان کی شرکت کے حوالے سے تیاریاں مکمل کرلیں جبکہ مختلف کھیلوں میں قومی کھلاڑیوں سے میڈلز کی امید ظاہر کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پی او اے کی سینئر نائب صدر فاطمہ لاکھانی قومی دستے کی سربراہ ہوں گی، پاکستان کا دستہ 248 کھلاڑیوں اور آفیشلز پر مشتمل ہوگا، جن میں سے 93 افراد کو پاکستان اسپورٹس بورڈ مالی معاونت فراہم کرے گا جبکہ دیگر کھلاڑی اور آفیشلز متعلقہ فیڈریشنز، پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن اور اپنی مدد آپ کے تحت گیمز میں شرکت کریں گے۔ سیکرٹری پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن خالد محمود کے مطابق پاکستان کو کبڈی، والی بال، شوٹنگ، اسکواش، باکسنگ، ہاکی اور کرکٹ سمیت مختلف کھیلوں میں میڈلز ملنے کی توقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گیمز کی آرگنائزنگ کمیٹی نے ملک کی نمائندگی کے لیے ہیڈ آف اسٹیٹ، ہیڈ آف گورنمنٹ اور ہیڈ آف اسپورٹس کو شرکت کی دعوت دی تھی، تاہم مقررہ تاریخ تک کسی جانب سے شرکت کی تصدیق نہیں کی گئی۔ خالد محمود کے مطابق ڈی جی پاکستان اسپورٹس بورڈ ایشین گیمز میں واحد حکومتی نمائندے کے طور پر شرکت کریں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ایشین گیمز کے پہلے مرحلے میں قومی ہاکی ٹیم 13 اور 14 دسمبر کو جاپان پہنچے گی۔ سیکرٹری پی او اے کے مطابق کھلاڑیوں کو ڈوپنگ اور دیگر اہم امور سے آگاہی فراہم کرنے کے لیے سال میں تین مرتبہ لیکچرز اور سیمینارز کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔

زیادا کرم درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ میں افغان کلب نے فرینڈز کلب امندی کو 5-4 پنلٹی ککس سے ہرادیا

بنوں (این این آئی) ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن بنوں کے زیراہتمام جاری زیادا کرم درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ میں افغان کلب نے فرینڈز کلب امندی کو پنلٹی ککس سے ہرا کر اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ انٹرنیشنل فٹ بالر عابد روکی میچ کے مہمان خصوصی تھے اس موقع پر پاکستان فٹ بال فیڈریشن (ٹیکنیکل کمیٹی) کے رکن اور ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری اسرار بنگش کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ گزشتہ روز بنوں سپورٹس کمپلیکس میں افغان کلب اور فرینڈز کلب کی ٹیموں کے درمیان میچ کھیلا گیا جس میں افغان کلب نے فرینڈز کلب امندی کو 5-4 پنلٹی ککس سے ہرا کر اگلے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا۔ مقررہ وقت تک دونوں ٹیمیں 2-2 گول سے برابر رہیں۔ میچ کا فیصلہ پنلٹی ککس پر ہوا اور پنلٹی ککس پر افغان کلب نے پانچ گول اور فرینڈز کلب نے چار گول کئے۔ آج پیر کو کرم کلب اور القریش کلب کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔

بھارت کے خلاف میچ پاکستان ویمنز ٹیم کے لیے اہم سنگِ میل

بیجنگ (آن لائن) ویمنز ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ 2026 میں بھارت کے خلاف میچ پاکستان ویمنز ٹیم کے لیے اہم سنگ میل بن گیا، قومی ٹیم نے اپنا 200 واں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیل لیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق پاکستان ویمنز ٹیم نے اپنا پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ مئی 2009 میں کھیلا تھا جبکہ 5 ستمبر 2026 کو بھارت کے خلاف 200 واں میچ مکمل کیا۔

پاکستان ویمنز ٹیم نے 200 واں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیل لیا

پاکستان ویمنز ٹیم نے اپنا پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ مئی 2009 میں کھیلا تھا

ممبئی (این این آئی) ویمنز ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ 2026 میں بھارت کے خلاف میچ پاکستان ویمنز ٹیم کے لیے اہم سنگ میل بن گیا، قومی ٹیم نے اپنا 200 واں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیل لیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق پاکستان ویمنز ٹیم نے اپنا پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ مئی 2009 میں کھیلا تھا جبکہ 5 ستمبر 2026 کو بھارت کے خلاف 200 واں میچ مکمل کیا۔ پاکستان نے ویمنز ایشیا کپ 2026 کے پہلے میچ میں تھائی لینڈ کو شکست دے کر فاتحانہ آغاز کیا تھا تاہم 200 ویں میچ میں روایتی حریف بھارت نے پاکستان کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی۔

بھارتی کرکٹر اور اداکارہ کا محبت کا منفرد اظہار

ارشدیپ سنگھ نے بازو پر سمرین کی لکھائی میں SK، سمرین کور نے ارشدیپ کی لکھائی میں AS کا ٹیٹو بنوایا

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹر ارشدیپ سنگھ اور اداکارہ و ماڈل سمرین کور نے اپنے رشتے کو مزید خاص بناتے ہوئے ایک دوسرے کی لکھائی میں ٹیٹو بنوالیے۔ دونوں نے روایتی طور پر اپنے اپنے نام کے ابتدائی حروف کو ایک دوسرے کے ہاتھ سے لکھی ہوئی تحریر میں بازو پر مستقل طور پر نقش کروایا۔ ارشدیپ سنگھ نے بازو پر سمرین کی لکھائی میں SK جبکہ سمرین کور نے ارشدیپ کی لکھائی میں AS کا ٹیٹو بنوایا جس کے ساتھ ایک باریک لائن سے بنا چھوٹا سا سرخ رنگ میں دل بھی بنا ہوا ہے۔ یہ ٹیٹو بنگلورو کے ایلینز ٹیٹو اسٹوڈیو میں بنائے گئے جہاں سمرین نے اسی موقع پر اپنی پیدائش کے پھول کا ٹیٹو بھی بنوایا۔ ارشدیپ اور سمرین کے تعلق کی خبریں آئی پی ایل 2026 کے دوران سامنے آئی تھیں۔ دونوں کو مختلف مواقع پر ایک ساتھ دیکھا گیا جس کے بعد سوشل میڈیا پر ان کے رشتے سے متعلق قیاس آرائیاں شروع ہوگئیں۔ بعدازاں ارشدیپ نے انسٹاگرام پوسٹ کے ذریعے سمرین کے ساتھ اپنے تعلق کی تصدیق کردی تھی۔

پاکستان ویمنز ٹیم نے 200 واں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیل لیا

پاکستان ویمنز ٹیم نے اپنا پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ مئی 2009 میں کھیلا تھا

ابوظہبی (این این آئی) ویمنز ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ 2026 میں بھارت کے خلاف میچ پاکستان ویمنز ٹیم نے اپنا 200 واں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیل لیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق پاکستان ویمنز ٹیم نے اپنا پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ مئی 2009 میں کھیلا تھا جبکہ 5 ستمبر 2026 کو بھارت کے خلاف 200 واں میچ مکمل کیا۔ پاکستان نے ویمنز ایشیا کپ 2026 کے پہلے میچ میں تھائی لینڈ کو شکست دے کر فاتحانہ آغاز کیا تھا تاہم 200 ویں میچ میں روایتی حریف بھارت نے پاکستان کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی۔

Sports & Youth Affairs Department
Government of Balochistan
Run For Fun
3rd Position 20,000
2nd Position 30,000
1st Position 50,000

ڈائریکٹر جنرل کھیل ڈاکٹر یاسر خان بازئی محکمہ کھیل بلوچستان کے زیراہتمام یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ''رن فارفن'' ریس میں پوزیشن حاصل کرنیوالے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کررہے ہیں

کوئٹہ میں یوم دفاع کے موقع پر رن فارفن ریس کا انعقاد

اختتام پر مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل کھیل ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کامیاب کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی

کوئٹہ (خ ن) محکمہ کھیل حکومت بلوچستان کے زیراہتمام یوم دفاع وشہدا کے موقع پر کوئٹہ میں پانچ کلومیٹر ''رن فارفن'' ریس کا انعقاد کیا گیا، جس میں لاہور، ڈیرہ اسماعیل خان اور پشاور سے بھی نوجوانوں اور ایتھلیٹس نے بھرپور شرکت کی، پانچ کلومیٹر پر مشتمل ریس ایئرپورٹ روڈ سے شروع ہوکر مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی ایوب سپورٹس کمپلیکس میں اختتام پذیر ہوئی۔ ریس میں لاہور سے تعلق رکھنے والے محمد احمد نے پہلی، عبدالرحیم نے دوسری جبکہ عین اللہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے محمد احمد کو 50 ہزار روپے، دوسری پوزیشن کے حامل عبدالرحیم کو 30 ہزار روپے جبکہ تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے عین اللہ کو 20 ہزار روپے نقد انعام دیا گیا۔ ریس کے اختتام پر مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل کھیل ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کامیاب کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی، انہیں میڈلز پہنائے اور نقد انعامات سے نوازا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر یاسر خان بازئی نے کہا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت اور صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان بلوچستان مینا مجید بلوچ کی سربراہی میں یوم دفاع پاکستان کے موقع پر رن فارفن ریس کا انعقاد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 1965 میں ملک کے دفاع کے لیے جس طرح عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی تھی، آج بھی پوری قوم اسی جذبے کے ساتھ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ یوم دفاع کے موقع پر رن فارفن ریس کا انعقاد بھی اسی قومی جذبے کو اجاگر کرنے کی ایک کوشش ہے، ڈائریکٹر جنرل کھیل نے کہا کہ رن فارفن ریس کے انعقاد کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے کوئٹہ میں یہ آٹھویں ریس منعقد کی گئی ہے اور وقت کے ساتھ اس میں نوجوانوں کی شرکت میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ اس مرتبہ ملک کے دیگر شہروں سے بھی نوجوانوں اور ایتھلیٹس نے شرکت کی، جبکہ پہلی پوزیشن بھی لاہور سے تعلق رکھنے والے ایتھلیٹ نے حاصل کی۔ اس بار ریس میں پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کے علاوہ چوتھی پوزیشن حاصل کرنے والے ایتھلیٹ کو 10 ہزار روپے جبکہ مزید 10 کھلاڑیوں کو پانچ، پانچ ہزار روپے دے کران کی حوصلہ افزائی کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے، ریس صوبائی کوچ صنوبر خان، ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس امان اللہ خان اور عثمان اعوان کی زیرنگرانی منعقد ہوئی۔ ٹریفک پولیس اور سیکورٹی اداروں کی جانب سے بھی بھرپور تعاون فراہم کیا گیا۔

مایہ ناز کرکٹر سعید انور کا یوم پیدائش 6 ستمبر کو منایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نامور قومی کرکٹر سعید انور کی سالگرہ اتوار 6 ستمبر کو منائی گئی۔ سعید انور 6 ستمبر 1968 کو کراچی میں پیدا ہوئے اور انہوں نے اپنا پہلا ایک روزہ میچ ویسٹ انڈیز کے خلاف 1989 میں کھیلا جبکہ سعید انور نے اپناٹیسٹ ڈیبیو بھی ویسٹ انڈیز کے خلاف میچ میں کیا۔ اپنے کیریئر کے دوران سعید انور نے کئی بڑی اور یادگار اننگز کھیلیں۔ انہوں نے اپنی پہلی ٹیسٹ سنچری نیوزی لینڈ میں سکور کی اور ویلنگٹن میں کھیلے گئے ٹیسٹ میچ میں 169 رنز سکور کئے۔ سعید انور نے 1996 میں انگلینڈ کے خلاف اوول میں 176 رنز کی شاندار اننگز بھی کھیلی جبکہ کلکتہ میں بیٹ کیری کیا اور ناقابل شکست 188 رنز بنائے جو ٹیسٹ کرکٹ کا ان کا بہترین سکور ہے۔ لارڈز میں 1996 میں سعید انور کی بہترین پرفارمنس کو وزڈن المانک میگزین میں بھی سراہا گیا۔ سعید انور کا ون ڈے ریکارڈ بھی انتہائی شاندار ہے جس میں انہوں نے 20 سنچریاں سکور کیں۔ انہوں نے چنائی میں بھارت کے خلاف 194 رنز اسکور کیے جو کئی سال تک ون ڈے کا سب سے بڑا انفرادی سکور رہا۔ سعید انور کو وزڈن کی جانب سے 1997 میں سال کے بہترین کھلاڑی اور صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سمیت مختلف اعزازات سے بھی نوازا گیا۔

عثمان ''معیاری باؤلر'' مگر اسکواڈ سے ان کا اخراج کنڈیشنز کی وجہ سے ہوا، مائیک ہیسن

21 سالہ منہاس بھی بیٹنگ بھی کرسکتے ہیں ان کنڈیشنز میں ہمیں بیٹر کی بھی ضرورت تھی، ہیڈ کوچ کا انٹرویو

لندن (آن لائن) پاکستان ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے اسپنر علی عثمان کے باہر ہونے کی وجہ بیان کردی ہے۔ پاکستان کے وائٹ بال کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن انگلینڈ کے خلاف تیسرے ٹیسٹ کے لیے ان کے کوچنگ پینل کی قیادت کریں گے اور اب انہوں نے بتایا ہے کہ بائیں ہاتھ کے اسپنر علی عثمان سیریز سے باہر کیوں کیا گیا ہے۔ علی عثمان نے فرسٹ کلاس کیریئر کا آغاز 2016 میں کیا اور جولائی، اگست میں ویسٹ انڈیز کے خلاف دو میچوں کی سیریز میں ڈیبیو کیا۔ 33 سالہ کھلاڑی انگلینڈ کے خلاف جاری تین میچوں کی سیریز کے لیے پاکستانی اسکواڈ کا بھی حصہ تھے اور انہوں نے لیڈز کے ایجبسٹن میں افتتاحی میچ میں پانچ وکٹیں لے کر دورے کا شاندار آغاز کیا تاہم قومی ٹیم میچ ایک اننگز اور 103 رنز سے ہارگئی۔ علی عثمان نے لارڈز ٹیسٹ میں ایک وکٹ حاصل کی اور 11.4 اوورز میں 56 رنز دیے۔ لارڈز میں 194 رنز کی شکست کے بعد عثمان ان سات کھلاڑیوں میں شامل تھے جنہیں برمنگھم میں تیسرے ٹیسٹ کے لیے پاکستانی اسکواڈ سے ریلیز کیا گیا جو 9 ستمبر کو شروع ہونا تھا۔ قائم مقام ہیڈ کوچ نے جواب میں عثمان کو ایک ''معیاری باؤلر'' کے طور پر تسلیم کیا لیکن اس بات پر اصرار کیا کہ اسکواڈ سے ان کا اخراج برطانیہ (یو کے) کی کنڈیشنز کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ 21 سالہ منہاس بھی بیٹنگ بھی کرسکتے ہیں ان کنڈیشنز میں ہمیں بیٹر کی بھی ضرورت تھی۔

جونیئر ہاکی ایشیا کپ، پاکستانی ٹیم نے چین کو 2-4 سے شکست دے دی

پہلے میچ میں قازقستان کو 0-15 سے شکست دی تھی، پاکستانی ٹیم ایونٹ میں اپنا تیسرا میچ 8 ستمبر کو ملائیشیا کے خلاف کھیلے گی

بیجنگ (آن لائن) جونیئر ہاکی ایشیا کپ میں پاکستان نے ایونٹ میں مسلسل دوسری کامیابی حاصل کرتے ہوئے چین کو بھی شکست دے دی۔ چین میں جاری جونیئر ہاکی ایشیا کپ میں پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم نے چین کو 2-4 سے شکست دے دی، قومی ٹیم نے پہلے میچ میں قازقستان کو 0-15 سے شکست دی تھی۔ پاکستانی ٹیم ایونٹ میں اپنا تیسرا میچ 8 ستمبر کو ملائیشیا کے خلاف کھیلے گی، قومی ٹیم ایونٹ میں مسلسل تیسری جیت کیلئے پرعزم ہے۔

ڈائریکٹوریٹ جنرل سپورٹس بلوچستان کے زیراہتمام یوم دفاع پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ ''رن فارفن'' ریس میں کھلاڑی اختتامی لائن کی جانب سے بڑھ رہے ہیں

10 ویں سٹوڈنٹس اولمپک گیمز کے ڈراز کا اعلان

گیمز 11 ستمبر سے کراچی میں شروع ہوگی

کراچی (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 10 ویں سٹوڈنٹس اولمپک گیمز کے ڈراز کا اعلان کردیا گیا ہے، گیمز 11 ستمبر سے 29 ستمبر تک کراچی میں کھیلی جائے گی۔ گیمز کی آرگنائزنگ کمیٹی اور ڈراز کمیٹی کا گزشتہ روز منی سپورٹس کمپلیکس ناظم آباد کراچی میں منعقد ہوا جس کی صدارت مقبول آرائیں نے کی۔ اجلاس میں ٹورنامنٹ کے اہم اسٹیک ہولڈرز، سپورٹس کوارڈینیٹر، ہیڈ کوچز، تعلیمی اداروں کے سپورٹس ٹیچر اور ٹیم منیجر نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں بنیادی توجہ تمام گیمز کے طے شدہ ڈسپلن اور قوانین کے عمل کا انعقاد، فکسچر کا قیام، گروپ بندی کی تقسیم اور آپریشنل ضابطوں کو منصفانہ کھیل اور اسٹوڈنٹس کے باضابطہ قوانین کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈراز بنائے گئے۔

آئی سی سی کا فیوچر ٹورز پروگرام سیمینار 22 اور 23 ستمبر کو دبئی میں ہوگا

12 ٹیسٹ کھیلنے والے ممالک اور 8 ایسوسی ایٹ ارکان کے نمائندے شرکت کریں گے

بھارتی حکومت کو کثیر ملکی ٹورنامنٹس میں پاکستان کے خلاف کھیلنے پر وہ اعتراض نہیں جو دوطرفہ سیریز پر ہے، بھارتی میڈیا

اسلام آباد (این این آئی) آئی سی سی کا فیوچر ٹورز پروگرام سیمینار 22 اور 23 ستمبر کو دبئی میں ہوگا جس میں 12 ٹیسٹ کھیلنے والے ممالک اور 8 ایسوسی ایٹ ارکان کے نمائندے شرکت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں دوطرفہ ون ڈے یا ٹی 20 سیریز کے مقابلے میں کثیر ملکی سیریز کی مالی اور تجارتی افادیت کا جائزہ لیا جائے گا۔ ممکنہ فارمیٹ میں پاکستان اور بھارت کے ساتھ ایک یا دو مزید ٹیمیں شامل کی جاسکتی ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان دوطرفہ سیریز گزشتہ ایک دہائی سے زائد عرصے سے نہیں ہوئی، دونوں ٹیمیں اس دوران صرف آئی سی سی اور ایشین کرکٹ کونسل کے کثیر ملکی ٹورنامنٹس میں آمنے سامنے آئی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی حکومت کو کثیر ملکی ٹورنامنٹس میں پاکستان کے خلاف کھیلنے پر وہ اعتراض نہیں جو دوطرفہ سیریز پر ہے، تاہم کسی بھی کرکٹ رابطے کے لیے دونوں ممالک کی حکومتوں کی منظوری ضروری ہوگی۔ ذرائع کے مطابق تجویز آگے بڑھنے کی صورت میں پاکستان، بھارت سیریز کے لیے متحدہ عرب امارات، انگلینڈ یا آسٹریلیا جیسے غیر جانب دار مقامات زیرغور آسکتے ہیں۔

پی پی ایف پیڈل رینکنگ کپ ٹورنامنٹ 11 ستمبر سے اسلام آباد میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن اور ایشیا پیڈل فیڈریشن کی زیرسرپرستی، اسلام آباد پیڈل ایسوسی ایشن اور پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیراہتمام اور اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے تعاون سے پی پی ایف پیڈل رینکنگ کپ ٹورنامنٹ 11 ستمبر سے اسلام آباد میں شروع ہوگا۔ اسلام آباد پیڈل ایسوسی ایشن کے صدر صہیب حسن نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں اور ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے کھلاڑی مختلف چار کیٹگریز میں حصہ لیں گے جن میں بوائز انڈر 12-، بوائز انڈر 14، بوائز انڈر 16 اور بوائز انڈر 18- کے مقابلے شامل ہیں ٹورنامنٹ 13 ستمبر تک جاری رہے گا اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

پاکستان ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے اسپنر علی عثمان کے باہر ہونے کی وجہ بیان کردی

عثمان ایک ''معیاری باؤلر'' کے طور پر تسلیم، اسکواڈ سے اخراج کنڈیشنز کی وجہ سے ہوا، ہیڈ کوچ مائیک ہیسن

لندن (این این آئی) پاکستان ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے اسپنر علی عثمان کے باہر ہونے کی وجہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عثمان ایک ''معیاری باؤلر'' کے طور پر تسلیم، اسکواڈ سے اخراج کنڈیشنز کی وجہ سے ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کے وائٹ بال کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن انگلینڈ کے خلاف تیسرے ٹیسٹ کیلئے ان کے کوچنگ پینل کی قیادت کریں گے، انہوں نے بتایا کہ بائیں ہاتھ کے اسپنر علی عثمان سیریز سے باہر کیوں کیا گیا ہے؟ علی عثمان نے فرسٹ کلاس کیریئر کا آغاز 2016 میں کیا اور جولائی، اگست میں ویسٹ انڈیز کیخلاف دو میچوں کی سیریز میں ڈیبیو کیا، 33 سالہ کھلاڑی انگلینڈ کے خلاف جاری تین میچوں کی سیریز کیلئے پاکستانی اسکواڈ کا بھی حصہ تھے اور انہوں نے لیڈز کے ایجبسٹن میں افتتاحی میچ میں پانچ وکٹیں لے کر دورے کا شاندار آغاز کیا تاہم قومی ٹیم میچ ایک اننگز اور 103 رنز سے ہارگئی۔ علی عثمان نے لارڈز ٹیسٹ میں ایک وکٹ حاصل کی اور 11.4 اوورز میں 56 رنز دیئے، لارڈز میں 194 رنز کی شکست کے بعد عثمان ان سات کھلاڑیوں میں شامل تھے جنہیں برمنگھم میں تیسرے ٹیسٹ کیلئے پاکستانی اسکواڈ سے ریلیز کیا گیا جو 9 ستمبر کو شروع ہونا تھا۔ قائم مقام ہیڈ کوچ نے جواب میں عثمان کو ایک ''معیاری باؤلر'' کے طور پر تسلیم کیا لیکن اس بات پر اصرار کیا کہ اسکواڈ سے ان کا اخراج برطانیہ (یوکے) کی کنڈیشنز کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ 21 سالہ منہاس بھی بیٹنگ بھی کرسکتے ہیں ان کنڈیشنز میں ہمیں بیٹر کی بھی ضرورت تھی۔

یوم دفاع پاکستان
nni

پشاور؛ یوم دفاع پاکستان انٹر ڈسٹرکٹ ویمن باسکٹ بال ٹورنامنٹ جیتنے والی ٹیم کا مہمان خصوصی پرنسپل سٹی گرلز کالج پروفیسر رابعہ سکندر کیساتھ گروپ فوٹو

پی ایس ایل کا اگلا ایڈیشن متوقع شیڈول سے پہلے کرانے کی تجویز

لندن میں ہونے والے پی ایس ایل کی گورننگ کونسل کے اجلاس میں پی ایس ایل کے اگلے ایڈیشن سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی آٹھوں فرنچائزز کے مالکان نے اگلے سال ٹورنامنٹ کو جنوری میں منعقد کرنے کی تجویز پر غور کیا ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق لندن میں ہونے والے پی ایس ایل کی گورننگ کونسل کے اجلاس میں پی ایس ایل کے اگلے ایڈیشن سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق والی کونسل نے اپریل اور مئی کے دوران محدود اشتہاری آمدنی کے خدشات کے باعث پی ایس ایل کو جنوری میں منتقل کرنے کی تجویز پیش کی۔ فرنچائز مالکان نے اس معاملے پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ ٹورنامنٹ کسی بھی وقت منعقد ہو، کیا انہیں براڈکاسٹ آمدنی میں اپنا حصہ مکمل طور پر ملے گا؟ خاص طور پر ٹی وی رائٹس سے توقعات کے مطابق آمدنی حاصل نہ ہونے کے باعث اشتہاری آمدنی پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ پی ایس ایل کے موجودہ معاہدے کے تحت تمام فرنچائزز کو مرکزی ریونیو پول سے حاصل ہونے والی براڈکاسٹ آمدنی کا 95 فیصد حصہ ملتا ہے۔ پی ایس ایل کے پہلے نو ایڈیشنز، فروری اور مارچ کے دوران کھیلے گئے تھے۔ تاہم 2025 میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی اور رواں سال ٹی 20 ورلڈ کپ کے باعث گزشتہ دو سیزنز کے لیے ٹورنامنٹ کو اپریل مئی میں منتقل کیا گیا۔ اس کے نتیجے میں پی ایس ایل بھارتی پریمیئر لیگ (IPL) کے ساتھ بیک وقت کھیلی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پی ایس ایل کو آئی پی ایل کے ساتھ منعقد کرنے کا ایک فائدہ یہ رہا کہ غیر ملکی کھلاڑی مسلسل دستیاب رہے، ماضی میں دنیا بھر میں ہونے والی دیگر ٹی 20 لیگز کے ساتھ ٹکرا کے باعث کھلاڑیوں کی دستیابی ایک مسئلہ رہی تھی تاہم جنوری فروری کی ونڈو میں واپسی سے یہ مسئلہ دوبارہ جنم لے سکتا ہے کیونکہ اس دوران پی ایس ایل کو جنوبی افریقہ کی SA20 اور آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ کے ساتھ غیر ملکی کھلاڑیوں کے حصول کے لیے مشکل ہوسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق جنوری میں پی ایس ایل کے انعقاد سے پی سی بی کو انتظامی اور موسمی مشکلات کا بھی سامنا ہوسکتا ہے، کیونکہ پنجاب میں جنوری اور فروری موسم سرما کے سخت ترین مہینوں میں شمار ہوتے ہیں۔ پی ایس ایل کے چار روایتی وینیوز میں سے تین، لاہور، ملتان اور راولپنڈی، پنجاب میں واقع ہیں جہاں عموماً جنوری فروری کے مہینوں میں غروبِ آفتاب کے بعد درجہ حرارت سنگل ڈیجٹ تک گرجاتا ہے، جبکہ شدید دھند کے باعث سفر اور میچز کے انتظامات میں بھی مشکلات درپیش ہوسکتی ہیں۔ ایک تجویز یہ ہے کہ ٹورنامنٹ کا آغاز کراچی سے کیا جائے، جہاں موسم سرما نسبتاً معتدل ہوتا ہے، اور پھر ٹورنامنٹ آگے بڑھنے کے ساتھ اسے پنجاب اور پشاور منتقل کیا جائے، کیونکہ اس وقت تک موسم کی شدت میں کمی آنے کا امکان ہوگا۔ پاکستان کے پاس اس وقت نومبر کے وسط سے مارچ تک ایک واضح بین الاقوامی کرکٹ ونڈو موجود ہے، جس کے دوران کوئی ہوم یا اوے سیریز شیڈول نہیں ہے۔

یوم دفاع پر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد شہدا کی یادوں کو تازہ کرتا ہے، محمد اکرم ساہی

ملک پاکستان اور وطن عزیز کی سلامتی کے لئے دی جانے والی شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گے، گفتگو

لاہور (این این آئی) ایشیا ایتھلیٹکس فیڈریشن کے نائب صدر اور چیئرمین ساؤتھ ایشین ایتھلیٹکس فیڈریشن میجر جنرل محمد اکرم ساہی نے کہا ہے کہ یوم دفاع پر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد شہدا کی یادوں کو تازہ کرتا ہے۔ ملک پاکستان اور وطن عزیز کی سلامتی کے لئے دی جانے والی شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گے۔ یوم دفاع پاکستان کے دن کے موقع پر کھلاڑیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان کے موقع پر کھیلوں کے مقابلے منعقد کروانے کا مقصد یہ ہے کہ اپنے شہدا کی یادوں اور قربانیوں کو یاد رکھنا ہوتا ہے۔ میجر جنرل اکرم ساہی نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان ہمیں وطن عزیز کی سلامتی، خودمختاری اور آزادی کے لئے دی گئی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے شہدا اور غازیوں کو خراج تحسین اور عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم عہد کریں کہ اتحاد، نظم وضبط، حب الوطنی اور یکجہتی کے ذریعے پاکستان کو مضبوط خوشحال اور ناقابل تسخیر بنائیں گے۔ آخر پر میجر جنرل ریٹائرڈ محمد اکرم ساہی نے شہیدوں، غازیوں محافظوں اور پاکستان کو سلام پیش کیا۔ اس حوالے سے ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر بریگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین نے کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد ہمارے شہدا کی ملک پاکستان کے لئے قربانیوں اور خدمات کو یاد رکھنا ہے انہوں نے شہدا کے درجات کی بلندی، ملک پاکستان کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے لئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ ملک پاکستان کے دفاع کے لئے جانوں کا نذرانہ دینے والے شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

کرکٹ کے شاہین، کسی جذبے کے بغیر کھیلے!

تحریر۔ چودھری خادم حسین

انگلستان میں لارڈز کے میدان میں شاہینوں کی دوسری شکست اور سیریز انگلینڈ ٹیم کی جھولی میں چلے جانے کے بعد بہت واویلا شروع ہوگیا ہے اور اب تو "چور ای کہندے چور او چور" یوں یہ شکست ایک ایسی صورتحال پیدا کرچکی ہے جس سے ظاہر ہوگیا کہ ملکی کرکٹ کے حوالے سے سینئر کھلاڑیوں کے خدشات درست ثابت ہوئے ہیں۔

کوئی رائے دینے یا کسی اظہار سے قبل انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان ناصر حسین کی گفتگو کو زیرغور لانا ہوگا کہ انہوں نے دوسرے برطانوی کھلاڑیوں کے برعکس ایک ایسی بات کہی جو بالکل واضح تھی لیکن اِس حوالے سے بات نہیں کی جا رہی تھی۔ ان کا یہ تاثر سو فیصد درست ہے کہ گراؤنڈ میں پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں میں کوئی جذبہ نہیں تھا اور نہ ہی ایسا جوش، جس سے اندازہ ہوتا کہ کھلاڑی کھیل کے لئے پُرعزم ہیں۔ ناصر حسین کا یہ تجزیہ درست ہے خود میں نے بھی میچ دیکھتے ہوئے یہی محسوس کیا کہ کھلاڑی قطعی طور پر کھیل سے لاتعلق ہیں اور سلمان علی آغا جب پہلے میچ کی کپتانی کررہے تھے تو وہ چیونگم چباتے ہوئے میدان میں سود و زیاں سے لاپرواہ نظر آتے تھے اور ایسا ہی کچھ دوسرے کھلاڑیوں کے ساتھ بھی تھا۔

کرکٹ میرا شوق بلکہ ایک حد تک جنون بھی ہے، میں وقت ملے تو یہ کھیل باقاعدہ دیکھتا ہوں، میں نے بنگلہ دیش اور شاہینوں کا مقابلہ دیکھا تو بنگلہ دیش والوں نے آسٹریلیا کی سرزمین پر جب آسٹریلین ٹیم کو شکست دی تو وہ میچ بھی دیکھا، بنگلہ دیش والوں کا جذبہ عروج پر تھا اور فتح نے اُن کے قدم چومے۔ اگلے ٹیسٹ میں وہ ہار گئے تو ان کا جذبہ نہیں ہارا، وکٹ نے ایسی صورت اختیار کی کہ وہ آسٹریلین باؤلرز کے سامنے جم نہ سکے۔ بہرحال پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان میچز میں بنگلہ دیش کی کارکردگی دیکھی تو ظاہر ہوتا تھا کہ ان کا شمار بڑی ٹیموں میں ہوگا اور اِدھر بڑی ٹیموں میں مقام بنا لینے والی ٹیم اب منفی ہوگئی ہے۔

کھیل کو دیکھتے ہوئے مجھے واضح محسوس ہوا کہ دو تین حضرات پرفارم نہیں کر پا رہے تو تین چار وہ بھی ہیں جو جان بوجھ کر سیریز ہارنے پر تلے ہوئے تھے، صاف نظر آیا کہ سلمان علی آغا اور شان مسعود دُکھی ہیں اور ان کا کھیلنے کا موڈ نہیں ہے۔ خود ان کی کارکردگی پر نظر ڈال لیں۔ سلمان آغا ابھی تک وائٹ بال کے کپتان ہیں اور ان کو دورہ کرنے والی ٹیم کا نائب کپتان بنایا گیا تھا۔ وہ کافی عرصہ سے آؤٹ آف فارم ہیں اور ان کی کارکردگی مایوس کن تھی، پھر بھی ان کو نائب کپتان بنا کر بھیجا گیا تو قارئین! یہ بھی حقیقت ہے کہ بابر کو دوبارہ کپتان بنا دینا ان کو ناگوار گذرا تھا، میرا اندازہ ہے کہ بابر کی بطور کپتان سلیکشن عاقب جاوید کے لئے بھی تکلیف دہ تھی یہ تو چیئرمین محسن نقوی کی پسند کا معاملہ تھا، کہا جاتا ہے کہ بابر کو کپتان بنا کر ان کے دِل کا بوجھ ہلکا کیا گیا تھا لیکن ان حضرات کو یہ پسند نہیں آیا تھا۔ میں نے اپنی سطور میں بابر کے لئے تجویز کیا تھا کہ ان کو قیادت نہ دی جائے بلکہ وہ خود اجتناب کریں اور کھیل پر توجہ دیں کہ اِس وقت وہ ایک ایسے کھلاڑی ہیں جو ملک کو مزید اعزاز دِلا سکتے ہیں کہ ابھی ان کی کرکٹ باقی ہے لیکن قیادت کا مزہ ہی کچھ اور ہوتا ہے اس لئے وہ کھلاڑی رہنے کا فیصلہ نہ کرپائے اور اب سازش کے گرداب میں ہیں جو بابر کو کسی قیمت پر نہ صرف قیادت پر نہیں دیکھنا چاہتے بلکہ اس کی کرکٹ ختم کرانا چاہتے اور عاقب جاوید نے تو شکست کا الزام بابر پر لگا بھی دیا ہے۔

دونوں ٹیسٹ میچوں کے حوالے سے ٹیم مینجمنٹ کی ناتجربہ کاری کا یہ عالم تھا کہ وہ پہلے ٹیسٹ کی وکٹ کو ہی نہیں پڑھ سکے اور نہ ہی انہوں نے انگلینڈ ٹیم پر نظر ڈالی جس میں سپنر کوئی نہیں تھا اور چار فاسٹ باؤلر تھے۔ ہمارے تین باؤلروں کی حالت یہ تھی کہ کوئی 135-36 کلومیٹر کی رفتار سے زیادہ رفتار پر گیند نہیں کرسکا ایک آدھ گیند 138 یا 139 تک چلی جانا کوئی بات نہیں۔ عباس تجربہ کار تھا اور کاؤنٹی کھیلتا ہے اُسے رکھنا سمجھ میں آتا تھا۔ محمد علی اس حد تک گوارا ہے کہ اس کی رفتار بہتر ہے اور وہ دلجمعی سے باؤلنگ بھی کرلیتا ہے پھر اس سے زیادہ حیرت اس امر پر ہے کہ پہلے میچ میں بری طرح ہار جانے کے بعد بھی دوسرے میچ میں کوئی تبدیلی نہ کی گئی، حالانکہ عثمان کی جگہ عبید کو ٹیم میں شامل کرنا لازم تھا اور رضوان کی جگہ نوجوان وکٹ کیپر کو موقع دینا لازم تھا، غوری بیٹنگ بھی بہتر کرلیتا ہے اگر یہ فیصلہ ہوجاتا تو رضوان کے حصے میں یہ رسوائی نہ آتی جواب نکے حضرات کے ساتھ شامل ہوکر واپس بھجوانے میں ہوئی ہے۔

اب اس شکست کے بعد عاقب جاوید اینڈ کو نے جو کیا ہے اس پر پورے ملک کے سینئر کھلاڑی اور سپورٹس رائٹرز اور صحافی حیران ہیں شاہد آفریدی نے درست کہا کہ ٹی 20 ٹیم کے کھلاڑی بھیج دیئے ہیں، اوپننگ کے لئے امام الحق کا متبادل صائم کو بنایا گیا، کیا بورڈ حضرات نے صائم ایوب کو اٹھتے بال کو ٹُک کرتے دیکھا ہے جس پر کبھی کبھار چھکا لگا تو عام طور پر ڈیپ لیگ پوزیشن پر کیچ ہوا، انگلینڈ کے باؤلر تو بال ہی ایسی کرتے ہیں کہ صائم کو یہ شاٹ کھیل کر آؤٹ ہونا ہو گا۔

بہرحال بہت کچھ کہا جا رہا ہے، بات بڑھی سیدھی ہے کہ بورڈ سے پیر تسمہ پاء فارغ نہیں ہوں گے تو کچھ نہیں ہوگا، سب سے پہلے عاقب جاوید سے نجات لازم ہے کہ ہر سازش کے پیچھے وہی نظر آتے ہیں۔ یوں بھی ملک بھر میں ہر کوئی ان کو ہٹانے کا مطالبہ کر رہا ہے، ان کے پاس کیا اور کون سی گیدڑ سنگھی ہے کہ وہ چپک کر رہ گئے ہیں۔ ٹیم کی بہتری کے لئے نظرانداز کھلاڑیوں پر توجہ دینا ہوگی آخر کامران غلام کا کیا قصور کہ وہ اب بھی نظر میں نہیں آیا۔ سینئر کھلاڑی تو یہ بھی پوچھ رہے ہیں کہ شاہین آفریدی اور نسیم شاہ کو کیوں نظرانداز کیا گیا۔

☆☆☆☆

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ A.B.C Certified
روزنامہ
عوام
کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹرانچیف
وسیم احمد

کسی بھی نیٹو رکن کے خلاف جارحیت برداشت نہیں کی جائے گی، امریکی سفیر

اس طرح کے حملوں میں توانائی سے متعلق اثاثے اور انتہائی اہم اور حساس انفراسٹرکچر نشانہ بن سکتا ہے۔ تاہم امریکہ نیٹو ملکوں کے ساتھ کھڑا ہوگا، میتھیو وائٹا کار

روم (این این آئی) نیٹو کے کسی بھی رکن ملک کے خلاف جان بوجھ کر کیے جانے والے کسی بھی حملے کو برداشت نہیں کیا جائے گا، اگر کسی نے نیٹو رکن کے خلاف جارحیت کی تو امریکہ نیٹو ملکوں کے ساتھ کھڑا ہوگا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اس امر کا اظہار نیٹو کے لیے امریکی سفیر میتھیو وائٹا کار نے کیا۔ سفیر نے اٹلی میں ایک بزنس کانفرنس کی سائیڈ لائنز میں گفتگو کرتے ہوئے کہا جس صورت حال کا سامنا ہے میں اسے زیادہ تشویشناک کہوں گا کہ یہ ہائبرڈ ہے۔ اس سے پہلیہ میں ایسی ہی صورت حال کا سامنا لیپزگ میں ہو چکا ہے اور ہم پولینڈ میں دیکھ چکے ہیں۔ امریکی سفیر نے کہا کہ نیٹو ارکان کو اس سلسلے میں مستعد اور تیار رہنا ہوگا۔ تاکہ کسی بھی چیلنج کے حوالے سے سخت پیغام دیا جاسکے۔ اگر ہم یہ نشان دہی کرسکیں کہ یہ حملے کون کر رہا ہے تو ہمیں یقین ہے کہ ہم اسے باور کرا سکتے ہیں کہ یہ ناقابل برداشت ہے۔ ہم اسے قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا اس طرح کے حملوں (بقیہ نمبر1 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی حاجی اصغر خان ترین اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

کانگو کے دارالحکومت میں شادی کی تقریب، آتشزدگی سے 22 افراد ہلاک

کنشاسا (این این آئی) کانگو کے دارالحکومت کنشاسا میں ایک شادی کے ہال میں آگ لگنے سے کم از کم 22 (بقیہ نمبر5 صفحہ 6 پر)

زاپوریژیا جوہری پلانٹ کی مرمت کے لیے مقامی طور پر جنگ بندی نافذ ہے، آئی اے ای اے

علاقے سے بارودی سرنگیں ختم کرنے کے بعد یوکرین کے تکنیکی ماہرین پاور لائن کی مرمت شروع کردیں گے، بیان

ویانا (این این آئی) بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) نے کہا ہے کہ ایجنسی کی ثالثی میں مقامی جنگ بندی نافذ ہوگئی ہے تاکہ زاپوریژیا جوہری پاور پلانٹ کو بیرونی بجلی کی بحالی کے لیے اس کی مرمت ممکن ہو۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق (بقیہ نمبر4 صفحہ 6 پر)

ڈلاس میں ریپبلکن پارٹی کی انتخابی کانفرنس، ٹرمپ اور وینس شرکت کرینگے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بدھ کی شام ڈلاس شہر میں وسط مدتی انتخابات کے حوالے سے ریپبلکن نیشنل کمیٹی کی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطاب کریں گے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق یہ وسط مدتی انتخابات کے دوران ریپبلکن پارٹی کی قیادت اور مندوبین کا ایک نادر اجتماع ہے، جس کا اہتمام ٹرمپ نے آئندہ نومبر میں ہونے والے انتخابات کی تیاری کے لیے پارٹی کے (بقیہ نمبر3 صفحہ 6 پر)

لاکھوں ووٹرز کے شہریت کے ڈیٹا تک ٹرمپ کی رسائی پر پابندی برقرار

اپیل کورٹ کے ججوں کا شہریت کے بارے میں معلومات کے امکان سے متعلق بھی خدشات کا اظہار

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وفاقی اپیل کورٹ کے ایک پینل نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی اس درخواست کو رد کردیا ہے جس میں ریاستوں کی ووٹر فہرستوں میں شہریت کے ریکارڈ کی درستی کی تصدیق کے لیے ہجرت کے وفاقی ڈیٹا بیس کو استعمال کرنے پر عائد پابندی ختم کرنے کی اپیل کی گئی تھی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق جاری ہونے والے دو کے مقابلے ایک ووٹ کے فیصلے میں ڈسٹرکٹ آف کولمبیا کی امریکی اپیل کورٹ نے نچلی عدالت کے اس فیصلے کی منسوخی کو رد کردیا جس میں محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی کے ڈیٹا بیس کے استعمال پر پابندی لگائی گئی تھی۔ پچھلے فیصلے میں یہ کہا گیا تھا کہ حکومت کو 3 نومبر کو ہونے والے مڈٹرم انتخابات سے پہلے اس سسٹم (بقیہ نمبر2 صفحہ 6 پر)

دشمن کی ہر حرکت ہماری تحریک کی نظروں میں ہے، پاسداران انقلاب

ایران کی طرف سے دشمن کی ہر کارروائی کا فیصلہ کن انداز میں جواب دیا جائے گا، آبنائے ہرمز میں 3 امریکی بحری جہازوں کو نشانہ بنایا ہے، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز میں 3 امریکی بحری جہازوں کو نشانہ بنایا ہے۔ پاسدارانِ انقلاب کے مطابق امریکی طیارہ بردار، بحری جہاز اور ایک ڈسٹرائر کو بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا، جبکہ دونوں جنگی جہاز مبینہ طور پر ایران کی بحری ناکہ بندی میں شریک تھے۔ ایرانی پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ امریکی جنگی جہازوں کو ایرانی بحری جہازوں کے لیے مشکلات پیدا کرنے پر نشانہ بنایا گیا، جس کے بعد دونوں امریکی جنگی جہاز علاقے سے فرار ہوگئے۔ ایرانی حکام نے مزید دعویٰ کیا کہ امریکی فوج کی ایک بغیر پائلٹ کشتی کو بھی نشانہ بنایا گیا، جو آبنائے ہرمز کے محفوظ علاقے میں داخل ہونے کی کوشش کر رہی تھی۔ پاسدارانِ انقلاب نے خبردار کیا کہ دشمن کی (بقیہ نمبر7 صفحہ 6 پر)

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اسمبلی اجلاس میں بلوچستان سٹیزن فیسیلیٹیشن اینڈ گڈ گورننس کا مسودہ قانون پیش کر رہے ہیں

سعودی عرب، اقامہ، ملازمت اور سرحدی قوانین کی خلاف ورزی پر ایک ہفتے میں 14 ہزار گرفتاریاں

وزارت نے شہریوں اور مقیم افراد سے اپیل کی کہ وہ ایسی خلاف ورزیوں کی اطلاع مقررہ سیکیورٹی نمبروں پر دیں

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں مشترکہ سیکیورٹی مہموں کے دوران ایک ہفتے میں 14165 افراد کو اقامہ، ملازمت اور سرحدی سلامتی کے قوانین کی خلاف ورزی پر گرفتار کیا گیا جبکہ 1315 افراد کو غیر قانونی طریقے سے سرحد کے راستے مملکت میں داخل ہونے کی کوشش کے دوران حراست میں لیا گیا۔ وزارتِ داخلہ کے مطابق ریکارڈ کی گئی خلاف ورزیوں میں 7121 افراد اقامہ نظام، 3636 افراد سرحدی سلامتی کے نظام اور 3408 افراد ملازمت کے نظام کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے۔ اس عرصے میں سیکیورٹی اداروں نے 1315 افراد کو سعودی عرب میں غیر قانونی طریقے سے سرحد عبور کرکے داخل ہونے کی کوشش کے دوران گرفتار کیا۔ ان (بقیہ نمبر36 صفحہ 6 پر)

یمن، الخوخہ اور المخا میں حوثیوں کے بارودی کشتیوں کے حملے ناکام بنادیئے گئے

حوثی ملیشیا نے ایک بار پھر میزائلوں کے ذریعے رہائشی علاقوں اور عوامی اجتماعات کو نشانہ بنایا، عسکری میڈیا

صنعا (این این آئی) یمنی مغربی ساحل میں قومی مزاحمت کی بحری افواج نے حوثی ملیشیا کی جانب سے بھیجی جانے والی بارودی کشتیوں کے نئے حملوں کو ناکام بنادیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق یہ حملے تعز کے مغرب اور الحدیدہ کے جنوب میں مختلف جنگی محاذوں پر زمینی جھڑپوں میں تیزی کے ساتھ بیک وقت کیے گئے۔ عسکری میڈیا نے بتایا کہ بحری افواج نے دو ایسی بارودی کشتیوں کو تباہ کردیا جنہوں نے الخوخہ میں الفجرہ اور المخا بندرگاہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تھی۔ ادھر حوثی ملیشیا نے ایک بار پھر میزائلوں کے ذریعے رہائشی علاقوں اور عوامی اجتماعات کو نشانہ بنایا۔ اس کے تحت الحدیدہ کے جنوب میں واقع ضلع حیس میں محکمہ تعلیم و تربیت کے دفتر پر بیلسٹک میزائل (بقیہ نمبر35 صفحہ 6 پر)

سابق اسرائیلی جرنیلوں کا حکومت پر غیرقانونی قابضین کی پشت پناہی کا الزام

اصل خطرہ قابضین کی کارروائیاں ہیں، ایران یا غزہ نہیں، اسرائیلی جرنیلوں کا بیان

تل ابیب (این این آئی) سابق اسرائیلی جرنیلوں نے اسرائیلی حکومت پر مغربی کنارے میں غیر قانونی قابضین کے تشدد کی پشت پناہی کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ غیرملکی خبر (بقیہ نمبر34 صفحہ 6 پر)

ایرانی وزیر خارجہ کا سعودی اور ترک ہم منصبوں سے ٹیلیفونک رابطہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق خبر ایجنسی کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ نے سعودی اور ترک ہم منصبوں سے گفتگو کے دوران خطے کی (بقیہ نمبر33 صفحہ 6 پر)

میکسیکو کی سرحد پر کارٹیلز کے 300 ڈرون مار گرائے، امریکہ

یہ ڈرونز تارکین وطن کے سمگلر سرحد کے ساتھ ایسی جگہوں کا پتہ لگانے کے لیے استعمال کرتے تھے جہاں کوئی اتھارٹی موجود نہیں، نادرن کمانڈ

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے کہا ہے کہ اس نے 2026 کے آغاز سے میکسیکو کی سرحد کے ساتھ منشیات اور جرائم پیشہ کارٹیلز کے 300 سے زیادہ ڈرونز مار گرائے۔ امریکہ اور ہمسایہ ممالک کا احاطہ کرنے والے یو ایس نادرن کمانڈ (یو ایس نارتھ کام) نے کسی مخصوص گروپ کا نام لیے بغیر ڈرونز کو منشیات کے کاروبار سے منسلک کیا۔ نادرن کمانڈ نے کہا کہ اس نے صرف اگست میں 100 ڈرون مار گرائے لیکن یہ نہیں بتایا کہ یہ سرحد کی کس طرف ہوا۔ امریکی فوج نے کہا کہ یہ آلات "بین الاقوامی مجرمانہ تنظیموں کی طرف سے سرحد پار غیر قانونی سرگرمیوں (بقیہ نمبر30 صفحہ 6 پر)

بخت محمد کاکڑ، میر شعیب نوشیروانی اور رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

ڈاکٹر ربابہ بلیدی اسمبلی اجلاس میں بلوچستان فشریز اینڈ ایکواکلچر کا مسودہ قانون پیش کر رہی ہیں

غزہ، بیرون ملک علاج کرانے کی اجازت نہ ملنے کے بعد کینسرزدہ فلسطینی خاتون جاں بحق

غزہ (این این آئی) غزہ میں ایک ایسی کینسر زدہ فلسطینی خاتون کے انتقال کی اطلاع ملی ہے جو پچھلے ماہ تک اسرائیلی حکام سے درخواست کرتی رہی کہ اسے اپنے علاج کے لیے لندن جانے کی اجازت دی جائے مگر اسے اجازت نہ دی گئی، اب اس کینسر زدہ خاتون نے بستر پر (بقیہ نمبر6 صفحہ 6 پر)

ٹرمپ کی یوکرین جنگ ختم کرنے کی کوشش جاری، وٹکوف اور کشنر کی پوتین سے ملاقات

ٹرمپ نے مجھ سے آپ کو اپنا سلام پہنچانے کا کہا، وٹکوف کا فضائی حملے روکنے کی منظوری پر بھی روسی صدر کا شکریہ

ماسکو (این این آئی) روسی صدر پوتین نے کریملن میں امریکی صدر کے خصوصی مندوب سٹیو وٹکوف اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر کے ساتھ یوکرین میں جنگ پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے بات چیت کا آغاز کیا تاکہ روس یوکرین جنگ کے حل تک پہنچنے کے لیے امریکہ کی نئی کوشش کو آگے بڑھایا جا سکے۔ ملاقات کے آغاز میں وٹکوف نے پوتین کو امریکی صدر کا سلام پہنچاتے ہوئے کہا کہ صدر ٹرمپ نے مجھ سے آپ کو اپنا سلام پہنچانے کا کہا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وٹکوف نے تین دن کے لیے فضائی حملے روکنے کی منظوری پر بھی روسی صدر کا شکریہ ادا کیا تاکہ (بقیہ نمبر8 صفحہ 6 پر)

ڈومینیکن کی مولا ڈومنگیز مس ورلڈ 2026 بن گئیں

سپین کی نمائندہ نے پہلی رنر اپ اور ملائیشیا کی نمائندہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی

ہنوئی (این این آئی) ویتنام کے ساحل نہا ترانگ سے مس ورلڈ کا تاج اس وقت جمہوریہ ڈومینیکن منتقل ہوگیا جب جوبیری مولا ڈومنگیز کو دنیا بھر سے 111 امیدواروں کے درمیان مقابلے کے اختتام پر سال 2026 کے لیے مس ورلڈ کا تاج پہنا دیا گیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق تاج پوشی اس ایڈیشن میں ہوئی جس میں مقابلے کے آغاز کے 75 سال مکمل ہونے کا جشن بھی منایا جا رہا تھا۔ مقابلے کے آخری مراحل میں صرف چھ خواتین حصہ لے رہی تھیں۔ سپین (بقیہ نمبر9 صفحہ 6 پر)

برطانیہ میں چند نقاب پوش افراد نے ڈوفر بندرگاہ کو بند کردیا

لندن (این این آئی) برطانیہ میں درجنوں نقاب پوش افراد نے ملک کے جنوب مشرق میں کینٹ کاؤنٹی میں واقع ڈوفر بندرگاہ کی نقل و حرکت کو مفلوج کر دیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اس حوالے سے وائرل ہونے (بقیہ نمبر10 صفحہ 6 پر)

اسرائیل کی جنوبی لبنان میں اپنی فورسز کم کرنے کی تیاریاں

فورسز لبنان کی سرحد سے دو یا چار کلومیٹر کی گہرائی میں تعینات ہوں گی، اسرائیلی میڈیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں اپنی فورسز کو کم کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اتھارٹی نے رپورٹ کیا کہ سکیورٹی ادارے نے لبنان میں اسرائیل کی سرحد کے زیادہ قریب ایک نیا سکیورٹی زون قائم کرنے پر بات چیت کی ہے۔ اتھارٹی نے نشاندہی کی کہ اسرائیلی فورسز لبنان کے ساتھ سرحد سے دو یا چار کلومیٹر کی گہرائی میں تعینات ہوں گی۔ اتھارٹی نے یہ بھی واضح کیا کہ لبنان سے متعلق اسرائیلی منصوبے کو ابھی تک سیاسی سطح کی منظوری حاصل نہیں ہوئی۔ یہ پیش رفت اس وقت سامنے آئی ہے جب جمعہ کے (بقیہ نمبر12 صفحہ 6 پر)

نیپال، 64 سالہ خاتون کو ملبے سے 10 دن بعد زندہ نکال لیا گیا

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں 64 سالہ خاتون کو گھر کے ملبے سے زندہ نکال لیا گیا، خاتون 10 دن تک ملبے اور کیچڑ میں پھنسی رہی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق حکام نے بتایا کہ آرمڈ پولیس فورس نیپال اور دیگر اداروں کی مشترکہ ٹیم نے خاتون کو گھر سے (بقیہ نمبر11 صفحہ 6 پر)

ایران پر حملہ ہوا تو جواب پہلے سے زیادہ دردناک ہوگا، قالیباف

امریکا اب یہ سمجھ چکا ہے کہ ایران کی جانب سے متناسب جوابات کا دور ختم ہو چکا ہے، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف کسی بھی جارحیت کا جواب پہلے سے زیادہ تیز، بھاری اور دردناک ہوگا۔ ایرانی خبررساں ادارے کے مطابق قالیباف نے کہا کہ امریکا اب یہ سمجھ چکا ہے کہ ایران کی جانب سے متناسب جوابات کا دور ختم ہو چکا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قالیباف کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران کسی بھی ممکنہ نئے حملے کی صورت میں پہلے سے زیادہ سخت ردعمل دینے کی پالیسی اختیار کرنے کا عندیہ دے رہا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران (بقیہ نمبر13 صفحہ 6 پر)

ہائی کورٹ بلوچستان کے حکم پر سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ نعمت اللہ ترین کینسل شدہ لوکل بسوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز میں 3 جہازوں کو نشانہ بنایا

ایران نے ہمارے جہازوں پر فائرنگ کی تو اس کے آئل ٹینکرز تباہ کر دیں گے، امریکی وزیر جنگ

واشنگٹن/تہران (این این آئی) امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے ایران کو دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ اگر ایران نے ہمارے جہازوں پر فائرنگ کی تو ہم اس کے تیل کے ٹینکروں کو تباہ کر دیں گے۔ یہ بات امریکی سینٹرل کمانڈ کی جانب سے اس اعلان کے بعد سامنے آئی کہ اس نے پانچ ستمبر کو خام تیل کے تین ایرانی ٹینکروں پر فضائی حملے کیے۔ امریکی وزیر جنگ نے کہا کہ ایرانی تیل بردار ٹینکروں کا بیڑا غیر محفوظ ہے اور تہران کے پاس اپنے بیڑے کی حفاظت کے لیے کوئی بحری یا فضائی افواج نہیں ہیں۔ دوسری جانب پاسداران انقلاب نے کہا کہ آبنائے ہرمز میں (بقیہ نمبر32 صفحہ 6 پر)

ایک اور بھارتی پائلٹ کا کارنامہ، نیا طیارہ کھمبے سے ٹکرا دیا

مسافروں اور عملے کو عام سیڑھیوں کے ذریعے بحفاظت باہر نکال لیا گیا، تحقیقات جاری

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی پائلٹ نے نیا طیارہ رہنما کھمبے سے ٹکرا دیا، جس کے باعث طیارے کے اگلے حصے کو نقصان پہنچا، جسے مرمت کیلئے سری نگر میں گراؤنڈ کر دیا گیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق بھارتی پائلٹس کے کارنامے دنیا بھر میں جگ ہنسائی کا سبب بن رہے ہیں، تازہ واقعہ مقبوضہ کشمیر کے سری نگر ایئرپورٹ کا ہے جہاں ممبئی سے سری نگر پہنچی انڈیگو ایئر کی پرواز 6E-225 پارکنگ کیلئے جانے کے دوران ویژول ڈاکنگ گائیڈنس سسٹم کے کھمبے سے ٹکرا گئی۔ کھمبے پر لیزر سینسر اور ڈسپلے یونٹ لگے ہوتے ہیں جو پائلٹ کو پارکنگ میں مدد (بقیہ نمبر31 صفحہ 6 پر)

مغربی کنارے میں تشدد روکنے کے لیے امریکی سفیر کا سنگین سزاؤں کا مطالبہ

فلسطینی رہائشیوں کو تحفظ کے ساتھ رہنے کا حق، ان کی سلامتی کو یقینی بنانے کی ذمہ داری اسرائیل کی ہے، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل میں امریکی سفیر نے مقبوضہ مغربی کنارے میں تشدد کے ذمہ دار افراد کے لیے سنگین سزاؤں کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطینیوں کے تحفظ کو یقینی بنانا اسرائیلی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ہمارا واضح پیغام ہے کہ جرم جرم ہے، دہشت گردی دہشت گردی ہے۔ جب لوگ ایسا کرتے ہیں تو انہیں توقع رکھنی چاہیے کہ ان کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے۔ سفیر نے کہا کہ فلسطینی رہائشیوں کو تحفظ کے ساتھ رہنے کا حق ہے اور ان کی سلامتی کو یقینی بنانے کی ذمہ داری اسرائیل کی ہے۔ (بقیہ نمبر28 صفحہ 6 پر)

خلیج عمان میں امریکی کارروائی، ایران تیل بردار جہاز ڈبو دیا گیا، ویڈیو جاری

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی فوج نے خلیج عمان میں ایک تیل بردار جہاز کو نشانہ بنا کر ڈبو دیا ہے۔ سینٹ کام نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ امریکی فوجی اہلکاروں کی کارروائی کے نتیجے میں ایم ٹی کا کیلو نامی آئل ٹینکر خلیج عمان میں غرق ہوگیا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے کارروائی (بقیہ نمبر29 صفحہ 6 پر)

جنیوا، 128 ممالک کا خود کار ہتھیاروں سے متعلق ایک دستاویز پر اتفاق

معاہدہ تنازعات میں مہلک خود کار ہتھیاروں کے نظام کے استعمال کے بارے میں بڑھتی ہوئی تشویش کے تناظر میں طے پایا، رپورٹ

جنیوا (این این آئی) دنیا کے 128 ممالک نے ایسی دستاویز پر اتفاق کرلیا جو خود کار ہتھیاروں کے بارے میں بین الاقوامی ضابطے طے کرنے کی راہ ہموار کرسکتی ہے یہ تمام ممالک اندھادھند اثر والے یا حد سے زیادہ نقصان دہ ہتھیاروں کے استعمال کو منظم یا محدود کرنے والے دائرہ کار کے فریق ہیں۔ اگرچہ اس دستاویز کی پابندی قانونی طور پر لازم نہیں تاہم 128 فریق ممالک کے بیچ یہ اتفاق رائے ایک اہم قدم ہے، جو ایسے ہتھیاروں کے نظام کو منظم کرنے کے طریقوں پر ایک دہائی سے زائد عرصے تک جاری رہنے والے مذاکرات کے بعد طے پایا ہے۔ (بقیہ نمبر27 صفحہ 6 پر)

ایتھنز، ایئر شو کے دوران یونانی فضائیہ کا دوسیٹوں والا جنگی طیارہ گر کر تباہ

ایتھنز (این این آئی) یونان کے دارالحکومت ایتھنز کے قریب تاناغرا ایئرپورٹ پر ایئر شو کے دوران یونانی فضائیہ کا دوسیٹوں والا ایف 4- فینٹم جنگی طیارہ گر کر تباہ ہوگیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق یونانی فضائیہ کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ حادثہ تاناغرا ایئرپورٹ پر جاری (بقیہ نمبر26 صفحہ 6 پر)

لبنان کے حزب اللہ مخالف وزیر خارجہ کی جان کو خطرہ، دفتر جانا چھوڑ دیا

لبنان کے وزیر خارجہ تقریباً دو ماہ سے سکیورٹی وجوہات کی بنا پر اپنے گھر سے کام کر رہے ہیں، ذرائع

بیروت (این این آئی) لبنان کے وزیر خارجہ یوسف رجی نے تصدیق کی ہے کہ انہیں حالیہ دنوں میں سکیورٹی سے متعلق خبردار کیا گیا ہے، جس کے باعث وہ وزارتِ خارجہ کے دفتر میں باقاعدگی سے حاضری نہیں دے رہے۔ لبنانی ذرائع کے مطابق لبنان کے وزیر خارجہ تقریباً دو ماہ سے سکیورٹی وجوہات کی بنا پر اپنے گھر سے کام کر رہے ہیں۔ یوسف رجی لبنان کی موجودہ حکومت میں حزب اللہ کے ہتھیاروں اور ریاستی اختیار کے معاملے پر سخت موقف رکھنے والے وزرا میں شمار ہوتے ہیں۔ انہوں نے کھلے عام کہا کہ لبنان کو مسلح گروہوں کے بجائے ریاستی اداروں کے مکمل اختیار میں ہونا چاہیے۔ لبنان کی وزارت خارجہ کے مطابق رجی نے ایران پر (بقیہ نمبر25 صفحہ 6 پر)

یمن، فوج نے الجوف اور مغربی ساحل پر حوثی ڈرونز مار گرائے

الجوف میں ایک ونگڈ ڈرون اور تعز میں دو انتحاری ڈرون گرائے گئے، مسلح افواج

صنعا (این این آئی) یمنی سرکاری افواج نے اعلان کیا ہے کہ ان کے فضائی دفاعی نظام نے الجوف اور تعز کی گورنریوں کے متعدد جنگی محاذوں پر حوثی جماعت کے کئی ڈرونز مار گرائے ہیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق مسلح افواج کے میڈیا سینٹر نے وضاحت کی کہ فضائی دفاع نے الجوف میں الحزم شہر کے مشرق میں واقع عدوان محاذ پر ایک ونگڈ ڈرون طیارہ مار گرایا۔ مغربی ساحل پر قومی مزاحمت نے جاسوسی اور ایف پی وی قسم کے طیاروں کو کامیابی سے روک دیا۔ اس کے علاوہ تعز کے مغربی مضافات میں واقع البرح محاذ پر فائبر آپٹک سے چلنے والے دو انتحاری ڈرونز کو بھی تباہ کیا۔ یہ پیش رفت یمن کے مغرب میں تعز اور الحدیدہ کی گورنریوں کے کئی محاذوں پر دیکھنے (بقیہ نمبر14 صفحہ 6 پر)

غزہ، 70 بچوں سمیت 100 فلسطینی شہدا کی اجتماعی نماز جنازہ اور تدفین

غزہ (این این آئی) غزہ پٹی میں 70 بچوں سمیت 100 فلسطینی شہدا کی اجتماعی نماز جنازہ اور تدفین کردی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین غزہ شہر کے مشرق میں واقع زیتون محلے میں کی گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق بمباری کے شکار علاقوں میں ملبوں سے اب تک تقریباً 800 سے 900 (بقیہ نمبر15 صفحہ 6 پر)

بھارت، ذہنی معذور خاتون پر جنسی حملہ کرنے والے اوباش لڑکے کو آوارہ کتوں نے سبق سکھا دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست تمل ناڈو کے شہر کوئم بتور میں انسانیت کو شرما دینے والے واقعے کے دوران بے زبان جانوروں نے فرض شناسی کی انوکھی مثال قائم کر دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق نشے میں دھت میں 16 سالہ لڑکا 30 سالہ ذہنی معذور خاتون کو سرعام جنسی طور پر ہراساں کر رہا تھا اور وہ خاتون مدد کے لیے چیخ رہی تھیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ لڑکا (بقیہ نمبر17 صفحہ 6 پر)

غزہ، بوکھلاہٹ کی شکار اسرائیلی فوج نے فائرنگ کو گولہ باری سمجھ کر میزائل شکن چلادیئے

واقعے میں کوئی شخص زخمی نہیں ہوا، غلط شناخت اور میزائل فائر کی مزید تحقیقات جاری ہیں، صیہونی فوج

غزہ (این این آئی) حماس، حزب اللہ اور ایران سے جنگ میں تھکی ہوئی اور خوف زدہ اسرائیلی فوج نے غزہ میں موجود اپنی ہی فورسز کی فائرنگ کو فضائی خطرہ سمجھتے ہوئے بوکھلاہٹ میں انٹرسیپٹر میزائل داغ دیا۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق اس بات کا اعتراف ترجمان اسرائیلی فوج کے بیان میں کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ غزہ کی سرحد کے اوپر ایک مشتبہ فضائی ہدف کی نشاندہی کے بعد دفاعی نظام کو فعال کیا گیا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ تاہم بعد میں معلوم ہوا کہ جس چیز کو فضائی ہدف سمجھا گیا تھا وہ دراصل غزہ کے اندر موجود اسرائیلی فوجیوں کی فائرنگ تھی۔ اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ واقعے میں کوئی شخص زخمی نہیں ہوا تاہم غلط شناخت اور میزائل فائر ہونے کے (بقیہ نمبر16 صفحہ 6 پر)

مشرق وسطیٰ میں امریکی اڈے اب کسی کام کے نہیں رہے، سابق سی آئی اے چیف کا بڑا اعتراف

مہنگے دفاعی نظاموں کے بجائے کم لاگت ڈرونز اور جدید جنگی حکمت عملی کی طرف توجہ دینا ہوگی، ڈیوڈ پیٹریاس

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی سی آئی اے ڈائریکٹر اور ریٹائرڈ جنرل ڈیوڈ پیٹریاس نے اعتراف کیا ہے کہ مشرقی خلیجی ریاستوں میں فعال امریکی فوجی اڈوں کو برقرار رکھنا اب پہلے کی طرح قابل عمل نہیں رہا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق انٹرویو میں ڈیوڈ پیٹریاس نے ایران کی جانب سے امریکی فوجی اڈوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنائے جانے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ خطے میں موجود فوجی اڈے اور اہم انفراسٹرکچر اب ایک دوسرے کے خلاف دبا اور اثر و رسوخ کے لیے استعمال ہو رہے ہیں۔ پیٹریاس نے ایران کے ساتھ جاری تنازع کے دوران امریکی فضائی دفاعی صلاحیت پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکا ممکنہ طور پر (بقیہ نمبر18 صفحہ 6 پر)

امریکی طیارہ بردار بحری جہاز ابراہم لنکن تھائی لینڈ سے واپس روانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی طیارہ بردار بحری جہاز ابراہم لنکن تھائی لینڈ سے واپس چلا گیا۔ غیرملکی خبر ایجنسی کے مطابق ابراہم لنکن مشرق وسطیٰ میں معمول کی کارروائیوں میں حصہ لے گا، ابراہم لنکن اپنی تعیناتی کے دوران ایران جنگ اور امریکی ناکہ بندی میں شامل تھا۔ تھائی بندرگاہ پر 5 روز کے دوران بحری جہاز کی (بقیہ نمبر19 صفحہ 6 پر)

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات و دیگر اعلیٰ حکام اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھ رہے ہیں

تعز میں فوجی کشیدگی کے باعث 1790 یمنی خاندان بے گھر ہوگئے، اقوام متحدہ

مسلسل گولہ باری کے باعث خاندانوں کے لیے نسبتاً محفوظ علاقوں کی جانب منتقل ہونا بھی مشکل ہوگیا، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے انکشاف کیا ہے کہ جنوب مغربی یمن کے صوبے تعز میں لڑائی میں شدت آنے کے بعد صرف دو روز کے دوران تقریباً 1790 یمنی خاندان نقل مکانی پر مجبور ہوئے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق یہ صورتحال حوثی گروہ کی فوجی کشیدگی اور اس کی جانب سے آبادی والے علاقوں اور بے گھر افراد کے کیمپوں پر مسلسل گولہ باری کے بعد پیدا ہوئی۔ اقوام متحدہ کے دفتر برائے رابطہ انسانی امور کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق 3 ستمبر 2026 کی صبح سے تعز کے دونوں اضلاع مقبنہ اور جبل حبشی میں محاذی علاقوں کے ساتھ جھڑپیں اور توپ خانے سے گولہ باری دوبارہ شروع ہوئی، جس کے نتیجے میں بے گھر افراد کی میزبانی کرنے والے مقامات اور قریبی دیہات سے بڑے پیمانے پر نقل مکانی شروع ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق 3 ستمبر سے اب تک تقریباً 1790 خاندان بے گھر ہو چکے ہیں جبکہ نقل مکانی کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ زیادہ تر بے گھر خاندان مقبنہ اور جبل حبشی کے اندر ہی ایک مقام سے (بقیہ نمبر20 صفحہ 6 پر)

بولیویا کی فوجی بیرک میں زوردار دھماکا، 2 افراد ہلاک

لاپاز (این این آئی) بولیویا کے شہر ویاچا میں قائم فوجی بیرک میں دھماکے کے نتیجے میں کم از کم 2 افراد ہلاک اور 81 زخمی ہوگئے جبکہ 14 افراد تاحال لاپتا ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق بولیویا کے وزیر دفاع ارنیستو جسٹینیانو نے بتایا کہ دھماکا تقریباً ڈھائی بجے ایک فوجی اڈے میں ہوا جہاں توپ خانے کی ایک رجمنٹ تعینات تھی۔ خبریں حکام کا کہنا تھا کہ بیرک میں موجود آتش بازی کے مواد کے (بقیہ نمبر24 صفحہ 6 پر)

مصر، منشیات کیس میں ایک ٹی وی پریزنٹر سمیت 11 کو سزائے موت سنادی گئی

قاہرہ (این این آئی) مصر کی ایک عدالت نے ایک معروف ٹی وی پریزنٹر سمیت گیارہ افراد کو منشیات کے مقدمے میں سزائے موت سنائی ہے۔ ان پر الزام لگایا گیا ہے کہ یہ افراد منشیات کی سمگلنگ کے علاوہ منشیات کی تیاری میں بھی ملوث تھے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق عدالتی فیصلے میں ٹی وی کی 39 سالہ پریزنٹر سارہ خلیفہ کو سزائے موت سنائی گئی ہے۔ (بقیہ نمبر21 صفحہ 6 پر)

ایرانی آئل ٹینکرز پر امریکی حملوں کو تہران نے جارحیت اور جنگی جرم قرار دے دیا

ایران اپنی خودمختاری اور قومی مفادات کے دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا، ایرانی وزارت خارجہ کا بیان

تہران (این این آئی) ایران کی وزارت خارجہ نے ایرانی تیل بردار جہازوں پر امریکی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں جارحیت قرار دیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے بیان کے مطابق امریکی کارروائیاں ایران کے خلاف جاری فوجی دباؤ، بحری ناکہ بندی اور معاشی جنگ کا حصہ ہیں۔ تہران نے الزام عائد کیا کہ تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانا اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی اور عالمی امن و سلامتی کے لیے خطرہ ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ نے امریکی حملوں کو جنگی جرم قرار دیتے ہوئے کہا کہ تجارتی بحری جہازوں پر حملوں سے بین الاقوامی بحری تجارت اور شپنگ کی سلامتی کو بھی خطرہ لاحق ہوگیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ایران اپنی خودمختاری اور قومی مفادات (بقیہ نمبر23 صفحہ 6 پر)

انڈونیشیا میں آتش فشاں پھٹنے پر پروازیں اور تعلیمی سرگرمیاں معطل

شہری ماسک اور آنکھوں کی حفاظت کا سامان استعمال کریں، حکام کی ہدایت

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا میں آتش فشاں پھٹنے سے پروازیں اور تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوگئیں، انڈونیشیا کے آناک کراکاٹوا آتش فشاں کے پھٹنے کے بعد آتش فشانی راکھ نے فضائی سفر اور معمولاتِ زندگی کو متاثر کیا ہے۔ جکارتہ کے سوئیکارنو ہٹا انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر راکھ پہنچنے کے باعث پروازیں عارضی طور پر معطل کی گئیں۔ حکام کے مطابق 209 پروازیں متاثر ہوئیں اور تقریباً 22,798 مسافر اس صورتحال سے متاثر ہوئے۔ بعض مقامات پر اسکولوں کی سرگرمیاں منسوخ کردی گئیں، جبکہ راکھ کے باعث شہریوں میں آنکھوں میں جلن کی شکایات بھی سامنے آئیں۔ آتش فشانی راکھ کے بادل ہزاروں میٹر بلندی تک پہنچے اور جاوا ساٹرا کے مختلف (بقیہ نمبر22 صفحہ 6 پر)

اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کی زیر صدارت صوبائی وزراء حاجی نور محمد دمڑ، میر ضیاء اللہ لانگو، میر شعیب نوشیروانی، حاجی علی مدد جتک، راحیلہ حمید درانی، میر صادق عمرانی پارلیمانی سیکرٹریز سنجے کمار، حاجی عبدالمجید بادینی، حاجی محمد خان لہڑی، اراکین صوبائی اسمبلی، ڈاکٹر اشوک کمار، میر یونس عزیز زہری، میر رحمن صالح بلوچ اور حاجی اصغر خان ترین اسمبلی اجلاس میں پیش کی گئی قراردادوں پر اظہار خیال کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
فون 081-2832244 فیکس 081-2822255
اسلام آباد فون 051-2890427 فیکس 051-2890437
32266 فیکس 32755
پیر 07 ستمبر 2026ء

نوکریوں کی خرید وفروخت کا دھندا

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کسی صورت سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہونے دیں گے، اگر محکمہ جنگلات میں اسامیاں فروخت کرنے کا الزام درست ثابت ہوا تو متعلقہ وزیر اور سیکرٹری اپنے عہدوں پر نہیں رہیں گے، اس سلسلے میں انکوائری کمیٹی تشکیل دی جائے، شفاف تحقیقات کے لئے اپوزیشن لیڈر کی سر براہی میں خصوصی کمیٹی تشکیل دی جائے، اسپیکر نے قرار دیا کہ تحقیقات صرف محکمہ جنگلات تک محدود نہیں رہنی چاہیں، بلکہ دیگر محکموں میں ہونے والی بھرتیوں کا بھی جائزہ لیا جائے، ہم سرکاری محکموں و اداروں میں بھرتیوں کے عمل کا جائزہ لینے کے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہیں، صوبے کے نوجوان بے روزگاری کے ہاتھوں پریشان ہیں، انھیں بے چینی و مایوسی کا شکار ہونے سے روکنے کے لئے ضروری ہے کہ میرٹ کے اصول کو ضروری بنایا جائے، محکمہ جنگلات کے حوالے سے دیگر شکایات کا بھی جائزہ لینا ضروری ہے، اہم پروجیکٹس میں کنٹریکٹ پر رکھے گئے، اعلیٰ تعلیم یافتہ ملازمین کو مدت پوری ہونے سے قبل فارغ کئے جانے کا معاملہ بھی زیر غور لانا ہوگا۔

پارکنگ کا مسئلہ

صوبائی دارالحکومت میں پارکنگ کا مسئلہ سنگین ہوتا جارہا ہے، ہم ٹریفک پولیس کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ غیر قانونی پارکنگ ایریاز کا فوری خاتمہ کیا جائے۔

شکستوں کے سلسلے

تحریر۔ محمد معاذ قریشی

پاکستان اور انگلینڈ کا اگلا کرکٹ ٹیسٹ میچ 9 ستمبر سے شروع ہونے والا ہے اور پاکستان کا ایک محب وطن شہری اور کرکٹ کے کھیل کا شوقین ہونے کے ناتے میں یہ پیش گوئی خاصے وثوق کے ساتھ کرسکتا ہوں کہ اس کا نتیجہ کیا نکلے گا۔ وہی جو گزشتہ دو ٹیسٹ میچوں کا نکلا ہے۔ یہ نتیجہ اخذ کرنے کی وجہ سبھی جانتے ہیں، ہمارے کھلاڑیوں کا نان پروفیشنل طرز عمل۔ کوئی کریز پر ٹکتا ہی نہیں کہ مخالف ٹیم کا دیا گیا رنز کا ٹارگٹ پورا کیا جاسکے یا دوسری ٹیم کے لیے رنز کا ایک بڑا ہدف مقرر کیا جا سکے۔ ذرا سا دباؤ بڑھ جائے تو ہماری ٹیم تاش کے پتوں کی طرح بکھرتی نظر آتی ہے۔ میری پیش گوئی کتنی سچ ثابت ہوتی ہے اس کا اندازہ آپ اس بات سے لگالیں کہ جب دوسرے ٹیسٹ میچ میں پاکستان کی پہلی اننگز چل رہی تھی تو میں ایک دوست کے ساتھ کہیں بیٹھا چائے پی رہا تھا۔ اس وقت 104 رنز پر پاکستان کے چھ کھلاڑی پویلین واپس جاچکے تھے۔ دوست سے باتیں کرتے ہوئے میں ایسے ہی ازراہ تفنن کہہ دیا کہ جس طرح ہماری ٹیم کھیل رہی ہے، اس اننگز میں پوری ٹیم 110 رنز تو بنا ہی لے گی اور پورے 110 پر آؤٹ ہوئی، یعنی آخری چار کھلاڑیوں نے اس وقت صرف 6 رنز بنائے جب ٹیم کو مخالف ٹیم کی پہلی اننگز کا سکور لیول کرنے کے لئے مزید 186 رنز کی ضرورت تھی اور دوسری اننگز میں پاکستان کے تین کھلاڑی صرف 14 رنز پر آؤٹ ہوچکے تھے جب ٹیم کو جیت کے لئے مزید 375 رنز درکار تھے اور آخری دو کھلاڑی 194 رنز پر اوپر نیچے اس وقت آؤٹ ہوگئے جب ٹیم کو میچ جیتنے کے لئے مزید 195 رنز کی اشد ضرورت تھی۔ بات پھر وہی، جو کئی بار دہرا چکا ہوں کہ پوری جان لڑا کر ہارنے اور جیت پلیٹ میں رکھ کر مخالف ٹیم کو پیش کرنے میں زمین آسمان کا فرق ہے۔

یہ کوئی ون ڈے یا ٹی ٹونٹی میچ تو نہیں تھا کہ اوورز کے ختم ہوجانے کا اندیشہ ہو، یہ ٹیسٹ میچ تھا جس میں اوور لامحدود ہوتے ہیں۔ کھلاڑیوں کو کم ازکم وکٹ پر تو ٹکنا چاہئے۔ رنز چاہے نہ بنائیں۔ فی اوور ایک ایک دو دو ہی بناتے جائیں اور سکور بورڈ کو حرکت میں رکھیں، لیکن کہاں، جب ایک کھلاڑی آؤٹ ہوتا ہے تو پھر لائن لگ جاتی ہے اور پھر یہ پیش گوئی کرنا آسان ہو جاتا ہے کہ پوری ٹیم 110 رنز پر آؤٹ ہوجائے گی۔

وکٹ پر ٹکنے سے مجھے ہمیشہ سری لنکا کے ارجنا رانا ٹنگا یاد آجاتے ہیں۔ وکٹ پر ٹکنا کوئی ان سے سیکھے۔ کتنے ہی میچوں میں دیکھا کہ جب چوکے اور چھکے لگانا ناممکن ہوجاتا تھا تو وہ بال کو ہٹ لگا کر ایک ایک دو دو رنز بناتے رہتے تھے اور اکثر ہٹ لگا کر وہ تقریباً ٹہلتے ہوئے وکٹ کے دوسرے اینڈ پر جاتے تھے۔ اس طرح بیٹسمین میچ کے آخر میں ٹیل اینڈرز کے لئے سکور کا پہاڑ چھوڑ نہیں جاتے تھے، بلکہ تھوڑا سا سکور ہوتا تھا جو ٹیل اینڈرز ہٹیں لگا کر پورا کرلیا جاتا تھا۔ رانا ٹنگا نے اسی طرح سری لنکا کو کئی میچ جتوائے تھے۔ یہی رانا ٹنگا تھے جن کی قیادت میں سری لنکا کی ٹیم نے ورلڈکپ کا لاہور میں فائنل جیتا تھا۔ یہ ہوتی ہے کرکٹ اور یہ ہوتا ہے کرکٹ کھیلنے کا ٹھیک انداز اور طریقہ۔ میرا آج کا سوال یہ ہے کہ کیا ایک کرکٹ ٹیم میں باؤلرز کی ذمہ داری صرف باؤلنگ کرنا ہوتی ہے، رنز بنانا نہیں؟ جو باؤلر بن جاتا ہے اس پر کیا لازم ہو جاتا ہے کہ اس نے بیٹنگ ٹھیک انداز میں نہیں کرنی اور میچ ہرانا ہی ہرانا ہے۔

یہ مسئلہ دوسرے ممالک کی ٹیموں کے ساتھ بالکل نہیں ہے۔ ہم نے کئی ایسے میچ دیکھے ہیں جن میں ٹاپ آرڈر بیٹسمینوں کے ناکام ہو جانے کے بعد ٹیل اینڈرز نے اپنی کوششوں سے ٹیم اور ملک کو میچ جتوائے۔ ہمارے کھلاڑی لگتا ہے مٹی کے مادھو ہیں کہ دوسری ٹیم ان کی خامیوں کو فوراً ہی بھانپ لیتی ہے اور پھر ایسی باؤلنگ کراتی ہے کہ ہم سے دوسری ٹیم کا کیا گیا سکور ہی لیول نہیں ہو پاتا، اس پر برتری حاصل کرنا اور اس سے زیادہ رنز بنا کر اپنی دوسری اننگز کو زیادہ سے زیادہ محفوظ بنانا تو بڑی دور کی بات ہے، جس طرح دوسرے ممالک کی ٹیموں کے ٹیل اینڈرز اپنے ملک کے لئے میچ جیتنے کا سبب بنتے رہے ہیں، اسی طرح ہمارے ٹیل اینڈر پتا نہیں پاکستان کو کتنے میچ ہروانے کا باعث بن چکے ہیں لیکن مجال ہے کہ کسی نے اصلاح احوال کے لئے سوچا ہو یا اپنی کارکردگی بہتر بنانے کے بارے میں سوچا ہو۔

کیا ہمارے ملک میں کرکٹ کے حوالے سے ٹیلنٹ ختم ہوچکا ہے جو بار بار پٹے ہوئے کھلاڑیوں پر مبنی ٹیم بنا دی جاتی ہے۔ جب پاکستان کی ٹیم نے انگلینڈ کے خلاف پہلا ٹیسٹ میچ ہارا تھا تو برطانوی میڈیا نے قرار دیا تھا کہ پچاس برسوں میں یہ پاکستان کی سب سے کمزور ٹیم ہے جو برطانیہ ٹیسٹ میچز کھیلنے آئی ہے۔ جو کمزوری برطانوی میڈیا کو نظر آ گئی وہ ہمارے سلیکٹرز اور کوچز کو کیوں نظر نہیں آتی؟

ایک وقت تھا کہ پاکستان کا شمار دنیا کی ٹاپ کرکٹ ٹیموں میں ہوتا تھا، اب ہم نویں دسویں نمبر کی ٹیم بن کر رہ گئے ہیں جبکہ وہ ٹیمیں جو ہم سے سیکھ کر ورلڈ کرکٹ میں داخل ہوئی وہ چوتھے پانچویں نمبر آ رہی ہیں۔ کیا یہ زوال کسی کو نظر نہیں آتا؟

اس ساری بحث کا مقصد کرکٹ کے کرتا دھرتاؤں کو یہ باور کرانا ہے کہ خدارا ٹیم کی طرف توجہ دیں۔ اس طرح کے میچ ہارنے سے دنیا میں بڑی ذلت ہوتی ہے جیسے ہم ہارتے ہیں۔ کھلاڑیوں کی فٹنس اور تربیت پر توجہ دیں۔ یہ کھلاڑی نہیں چلتے تو نیا ٹیلنٹ تلاش کریں، جس طرح پاکستان کی ٹیم کے میچ جیتنے یا ہارنے کی پری ڈکشن کی جاسکتی ہے اسی طرح میں یہ بات بھی دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے ملک میں کرکٹ سمیت ہر طرح کے ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے۔ کرکٹ کے ارباب بست وکشاد کو بس یہ ٹیلنٹ تلاش کرنے کی زحمت گوارا کرنا ہوگی۔

☆☆☆☆

قیام پاکستان کی کہانی، میری زبانی

تحریر۔ ریاض احمد چودھری

پیارے بچو۔ آج تمہیں قیام پاکستان کی کہانی سناتے ہیں۔ میں نے خود اپنی آنکھوں سے پاکستان بنتے دیکھا ہے۔

پیارے بچو: 23 مارچ کو لاہور کے منٹو پارک میں آل انڈیا مسلم لیگ کے تین روزہ سالانہ اجلاس کے اختتام پر وہ تاریخی قرارداد منظور کی گئی تھی جس کی بنیاد پر مسلم لیگ نے برصغیر میں مسلمانوں کے جدا وطن کے حصول کے لئے تحریک شروع کی تھی اور سات برس کے بعد اپنا مطالبہ منظور کرانے میں کامیاب رہی۔

مارچ 1940ء میں لاہور میں مسلم لیگ کا جلسہ ہوا۔ جس میں برعظیم کے مختلف علاقوں سے ہزاروں مسلمانوں نے شرکت کی۔ اس جلسے میں قرارداد لاہور منظور کی گئی جس کو بعد میں قرارداد پاکستان کا نام دیا گیا۔ میں نے اپنے دادا چودھری دین محمد مرحوم کے ساتھ منٹو پارک لاہور میں، 23,22 مارچ کو منعقد ہونے والے تاریخی اجتماع میں شرکت کی۔ جلسہ گاہ میں رضا کار تعینات تھے۔ مجھے صدر آل انڈیا مسلم لیگ قائداعظم محمد علی جناحؒ اور لیگ کے دوسرے رہنماؤں کو دیکھنے اور ان کو سننے کا موقع ملا۔

21 مارچ 1940ء کی شام تک جلسے کے شرکاء قافلوں کی صورت میں منٹو پارک کے سبزہ زاروں میں خیمہ زن ہوگئے۔ 22 مارچ کو مسلم لیگ کے 27 ویں سالانہ اجلاس کا آغاز ہوا۔ مینار پاکستان جس تاریخی قرارداد کا ترجمان ہے وہ 22 مارچ کو ہی پیش کی جانی تھی مگر شیر بنگال اے کے فضل الحق جنہوں نے قرارداد پیش کرنا تھی وہ نہ پہنچ سکے۔ لہٰذا اس تاریخی اور عظیم الشان واقعے کو 23 مارچ تک موخر کردیا گیا۔ 22 مارچ کے جلسے میں قائداعظمؒ نے نسبتاً طویل تقریر کی۔ قائداعظمؒ نے دوقومی نظریے کو روز روشن کی طرح واضح کردیا۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو قائداعظم نے مغربی جمہوریت سے بالاتر ہوکر اسلامی جمہوریت کی بنیاد رکھی کیونکہ مغربی جمہوریت میں مذہبی بنیادوں پر تقسیم سیکولر ازم کے باعث ممکن نہیں۔ اگلے روز جلسے کی کارروائی کے دوران شیر بنگال اے کے فضل الحق نے پرتپاک نعروں کی گونج میں 427 الفاظ پر مشتمل قرارداد پیش کی۔ مولوی فضل الحق کی طرف سے پیش کردہ اس قرارداد کی تائید یوپی کے مسلم لیگی رہنما چوہدری خلیق الزماں، پنجاب سے مولانا ظفر علی خان، سرحد سے سردار اورنگ زیب سندھ سے سر عبداللہ ہارون اور بلوچستان سے قاضی عیسیٰ نے کی۔ اس اہم دستاویز نے پاک و ہند کے مسلمانوں کے لئے قائداعظمؒ کی صدارت میں اسلامی نظریہ حیات کی بنیاد پر ایک واضح منزل کا تعین کیا۔ اللہ کریم نے اس قرارداد کو اتنا بابرکت بنایا کہ مسلم لیگ ایک فعال قوت بن گئی۔ 1946ء کے انتخابات میں ووٹ کی طاقت سے وہ مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت کے طور پر اُبھری۔ اپریل 1941ء میں مدراس میں مسلم لیگ کے اجلاس میں قرارداد لاہور کو جماعت کے آئین میں شامل کرلیا گیا اور اسی کی بنیاد پر پاکستان کی تحریک شروع ہوئی لیکن اس وقت بھی ان علاقوں کی واضح نشاندہی نہیں کی گئی تھی جن پر مشتمل علیحدہ مسلم مملکتوں کا مطالبہ کیا جارہا تھا۔ منٹو پارک میں برصغیر کے کونے کونے سے آئے ہوئے مسلمانوں کا بے پناہ ہجوم تھا۔ یہ سب اپنے رہنما قائداعظمؒ کی ایک جھلک دیکھنے اور ان کا خطاب سننے کے لئے بے تاب تھے۔ قائد نے اگرچہ انگریزی میں خطاب کیا لیکن تمام شرکاء جو انگریزی نہیں بھی جانتے تھے وہ بھی یہی سمجھتے تھے کہ ان کے قائد نے جو کچھ کہا ہے سو فیصد درست کہا ہے۔

تحریک پاکستان زوروں پر تھی۔ ان دنوں ہمارے ہاں لاہور سے روزنامہ "زمیندار" اور روزنامہ "احسان" آیا کرتے تھے۔ روزنامہ "احسان" مسلم لیگ کی سرگرمیوں کو زیادہ اہمیت دیتا تھا۔ میں اس وقت لوگوں کو مسلم لیگ کی سرگرمیوں سے آگاہ کیا کرتا تھا۔ امرتسر میں مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے طلباء تحریک پاکستان میں جوش وخروش سے شامل ہوتے تھے۔ سٹی مسلم لیگ کے صدر شیخ صادق حسن مرحوم اور مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے سرپرست اور بزرگ سیاسی رہنما شیخ سراج الدین پال ایڈووکیٹ سے رہنمائی حاصل کرتے تھے۔ شیخ سراج الدین پال، شیخ عزالدین پال، ذکی الدین پال اور تقی الدین پال کے والد محترم تھے۔

طلباء نے دسمبر 1946ء کے انتخابات میں مسلم لیگی امیدواروں کی کامیابی کے لئے بڑے جوش وخروش سے کام کیا اور انہیں کامیابی بھی حاصل ہوئی۔ ہمارے حلقے سے چودھری نصر اللہ خاں ایڈووکیٹ کامیاب ہوئے جو داود ضلع نارووال سے تعلق رکھتے تھے۔ بعد میں نصر اللہ خاں 1970ء کے انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔

تقسیم ہند کے وقت پنجاب اور بنگال تقسیم نہیں ہوئے تھے مگر ہندوؤں نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن پر اثر انداز ہوکر پنجاب اور بنگال کی تقسیم کی تجویز پیش کردی، کیونکہ ہندوستان میں انگریزوں کی آمد پر ہندوؤں اور انگریزوں نے باہم ملاپ کر لیا تھا۔ پنجاب اور بنگال کے ہزاروں مسلمانوں نے انگریزوں کے خلاف جدوجہد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا اور جزائر انڈیمان میں ساری عمر قید کاٹی۔ لارڈ میو نے جزائر انڈیمان کا دورہ کیا تو شیر دل آفریدی نے اسے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ یہ قتل برصغیر میں انگریز حکومت کیلئے ایک بڑا جھٹکا ثابت ہوا۔

تقسیم کے وقت طے ہوا تھا کہ مسلم اکثریت کے علاقے پاکستان میں شامل ہوں گے لیکن ریڈکلف کے نام سے بننے والے کمشن نے سازش کے تحت گورداسپور کو ہندوستان میں شامل کردیا۔ اس وقت جسٹس تیجا سنگھ کا تعلق گورداسپور سے تھا۔ انگریزوں نے تیجا سنگھ کے ذریعے گورداسپور کو بھارت میں شامل کردیا کیونکہ جموں وکشمیر کو جانے والے ریل اور زمینی راستے گورداسپور سے ہوکر گزرتے تھے۔

نام نہاد سکھ رہنما ماسٹر تارا سنگھ نے پنجاب اسمبلی کے باہر کرپان لہراتے ہوئے پنجاب میں مسلمانوں کے قتل عام کا اعلان کیا۔ پنجاب کی ریاستیں جالندھر، پٹیالہ اور کپورتھلہ کے سیکورٹی فورسز اور سکھوں نے منظم ہوکر فیروزپور، امرتسر، کپورتھلہ، جالندھر، ہوشیارپور، پنجاب کے دیگر علاقوں اور راجستھان میں مسلمانوں کا قتل عام کیا۔ خاص طور پر تیرہ اور چودہ کی درمیانی رات کو امرتسر میں سکھ حملہ آور ہوئے اور انہوں نے ہزاروں مسلمانوں کو شہید کیا۔ سکھوں نے دریائے بیاس کے کنارے بیاس ریلوے سٹیشن۔ ہیڈ گنگا سے ہیڈ سلیمانکی تک بہت سے مسلمانوں کو شہید کیا۔ اس وقت لیفٹیننٹ کرنل محمد عیسیٰ مغربی پنجاب میں تعینات تھے انہوں نے نہ صرف مغربی پنجاب میں مسلمانوں کی بروقت حفاظت کی بلکہ امرتسر اور دیگر علاقوں میں بلوچ رجمنٹ کے فوجیوں کو بھیج کر مسلمانوں کو بحفاظت بذریعہ ریل پاکستان بھجوایا۔

امرتسر سے مہاجرین کو لے کر پہلی ریل آٹھ بجے روانہ ہوئی جو چار پانچ گھنٹے بعد والٹن کیمپ لاہور پہنچی۔ دوسری ریل بارہ بج کر پانچ منٹ پر امرتسر سے لاہور روانہ ہوئی۔ امرتسر ریلوے اسٹیشن پر ہم نے ریڈیو پر مصطفیٰ علی ہمدانی کی آواز میں قیام پاکستان کا اعلان سنا۔ ریلوے اسٹیشن پر موجود ہزاروں مسلمانوں نے جوش و خروش میں نعرے بلند کیے۔ یہ ریل جب امرتسر سے چلی تو لاہور تک پہنچتے پہنچتے کئی جگہوں پر سکھوں کے حملوں کا شکار ہوئی۔ بالآخر کئی گھنٹوں کی تاخیر کے بعد جب لاہور پہنچی تو اسے منٹگمری کی طرف روانہ کردیا گیا، کیونکہ لاہور انتظامیہ والٹن میں مہاجرین کو سنبھالنے کے لئے مقدور بھر انتظامات نہ کرسکی تھی۔ خیر دوسرے دن صبح پانچ بجے منٹگمری پہنچے اور گورنمنٹ کالج کیمپ آفس میں قیام پذیر ہوگئے۔ مسلم لیگی رہنماؤں، کارکنوں اور شہریوں نے کیمپ میں قیام وطعام کا بہت اعلیٰ انتظام کر رکھا تھا۔

☆☆☆☆

مکہ دفاعی معاہدہ: اہل حرم کے لئے نوید سحر

تحریر۔ مصطفیٰ کمال پاشا

مکہ دفاعی معاہدہ، پاکستان ترکی اور سعودی عرب کے درمیان ایک عسکری و دفاعی حقیقت بننے جارہا ہے مسلم دنیا کے تین بڑے مل بیٹھے ہیں وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع اور مسلح افواج کے سربراہان سر جوڑ چکے ہیں ایک دوسرے کی عسکری دفاعی ضروریات کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کو عسکری و دفاعی طور پر مضبوط بنانے کے معاملات زیر بحث ہیں۔ پاکستان مسلم دنیا کی واحد ایٹمی قوت ہے جس نے حال ہی میں دنیا کی سب سے بڑی جمہوری ریاست، دنیا کی تیسری بڑی معاشی پاور اور اپنے سے تین گنا بڑی فوج رکھنے والی ریاست کو جنگ میں دھول چٹا کر اپنی عسکری برتری ثابت کردکھائی ہے عظیم الجثہ بت پرست ریاست پر فتح پاکر پاکستان نے دنیا پر اپنی فنی مہارت اور دفاع وطن کے عزم بالجزم کا اظہار کردیا ہے۔ ترکی عسکری و معاشی طور پر ایک منظم اور مستحکم ملک ہے ناٹو کا بھی ممبر ہے علاقائی و عالمی معاملات میں نہ صرف رائے رکھتا ہے بلکہ ایک فریق کے طور پر دخیل بھی ہے۔ سعودی عرب حرمین شریفین کے باعث مسلمانوں میں احترام کے بلند درجے پر فائز ہے تیل کی دولت کے باعث سعودی عرب کی عالمی سطح پر بھی پذیرائی ہے تینوں ممالک کا کسی مشترکہ دفاعی معاہدے میں شریک ہونا ایک بہت بڑا قدم ہے ریجنل سیاست میں ہی نہیں بلکہ خطے اور کرہ ارض کی سیاست میں ایک بہت بڑی خبر ہے تینوں ممالک نے طے کرلیا ہے کہ اس کا سیکریٹریٹ ریاض میں قائم کیا جائے گا اور اس کا پہلا سیکرٹری جنرل پاکستان سے ہوگا۔ یہ بات پاکستان کے لئے اہم اور باعث توقیر ہے پاکستان ایک ایسا ملک ہے جس کے کثیر جہتی تعلقات ہیں امریکہ چین ایک دوسرے کے دشمن ہیں حریف ہیں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لئے کوشاں ہیں۔ پاکستان کے دونوں کے ساتھ حلیفانہ اور دوستانہ تعلقات ہیں ایران امریکہ جنگ کے دوران پاکستان نے اپنی اس حیثیت کو بڑی مہارت سے استعمال کیا، ایران کے کسی مسلم ملک کے ساتھ اچھے تعلقات نہیں ہیں 79ء کے انقلاب کے بعد ایران کی انقلابی قیادت نے انقلاب ایکسپورٹ کرنے کی پالیسی اختیار کی، جواباً سعودی عرب پاکستان و دیگر ممالک نے اس رجحان کا کاؤنٹر کرنے کی پالیسی اختیار کی اس طرح ایران کے مسلم ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہوئے۔ پھر 80ء میں عراق کے ساتھ طویل جنگ نے عرب وعجم کی دشمنی کو مزید ابھارا۔ صیہونی وصلیبی قوتیں بھی میدان میں اتریں اور پھر داعش جیسی سفاک تنظیم معرض وجود میں لائی گئی عالم اسلام اس جنگ میں لہولہان ہوا۔ پاکستان دہشت گردی کی اس جنگ کا سب سے بڑا متاثر ملک ہے ایران نے حالیہ دنوں میں جنگ بندی بات چیت کے دوران پاکستان پر جس اعتماد کا اظہار کیا وہ تاریخی اور انتہائی قابل ستائش ہے پاکستان نے اپنی مفاہمتی پوزیشن کو بروئے کار لاتے ہوئے دو دشمنوں ایران اور امریکہ کو مذاکرات کی میز پر بٹھا دیا۔ دونوں ممالک گزرے 45 سالوں سے ایک دوسرے کے خلاف برسر پیکار تھے ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت بھی نہیں کررہے تھے پاکستان نے دونوں کو میز پر بیٹھا کر اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر متفق کرایا۔ یہ ایک ایسی دستاویز ہے جو ان دونوں ممالک کے درمیان طویل مدتی اور پائیدار جنگ بندی اور امن کی ابتدا بن چکی ہے۔

سعودی عرب اور ایران بھی ایک دوسرے کے دشمن ہیں عرب وعجم کی دشمنی ان ممالک کی گھٹی میں پائی جاتی ہے پاکستان نے ان دو ممالک کو قریب لانے کی بھی کامیاب کاوش کی ہے دونوں ممالک پاکستان پر اعتماد کرتے ہیں پاکستان کی بات مانتے ہیں پاکستان نے دونوں ممالک کے درمیان غیر مرئی انداز میں سفارتکاری کر کے معاملات میں پائی جانے والی گرمی وشدت کو بڑی حد تک کم کرنے کی کامیاب کاوش کی، جاری جنگ کے دوران اگر ایران نے سعودی عرب پر بھرپور حملہ نہیں کیا تو اس کا کریڈٹ بھی پاکستان کو جاتا ہے۔ پاکستان کا ثالث اور بڑے بھائی کا کردار واضح اور نمایاں ہوگیا ہے پاکستان کی سفارتی سطح پر عالمی سطح پر پوزیشن بہت مستحکم ہوگئی ہے۔

دوسری طرف داخلی طور پر ہم اتنے ہی کمزور اور منتشر ہوتے چلے جارہے ہیں کہ ہماری قومی سلامتی پر سوالات اٹھنا شروع ہوگئے ہیں سرکاری شعبے کی ناکارکردگی کے بارے میں دو آراء نہیں پائی جاتی ہیں نظام کی ناکارکردگیاں قوم پر عیاں ہو چکی ہیں گزرے کئی سالوں سے تین باتوں میں ہم تیزی سے ترقی کررہے ہیں قومی قرضہ بڑھ رہا ہے، ٹیکس وصولیوں کا حجم بڑھ رہا ہے اور سرکاری اخراجات میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ دوسری طرف غربت بڑھ رہی ہے بے روزگاری بڑھ رہی ہے دہشت گردی بڑھ رہی ہے نظام پر عوام کا عدم اعتماد بڑھ رہا ہے 26 کروڑ میں 67 فیصد نوجوان، اپنے حال اور مستقبل سے قطعاً مایوس نہیں ہیں۔ مایوسی بڑھ رہی ہے۔ عدم اعتماد بڑھ رہا ہے اور ہاں کرپشن کا دور دورہ ہے نااہلی ہر طرف راج کررہی ہے ناامیدی بڑھ رہی ہے سفارتی اور عالمی سطح پر پاکستان کی کامیابیاں و کامرانیاں اپنی جگہ درست ہیں لیکن اصل مسئلہ اندرون ملک عام شہری کی حالت، عام آدمی کی سوچ ہے، عام آدمی کا ایمان، جو ابتر ہے، کمزور ہے اس کو بہتر بنائے بغیر ہمارے حالات سدھرنے والے نہیں ہیں۔ ہم کسی بڑے حادثے کی طرف جا رہے ہیں 1971ء میں ہم سانحہ عظیم سے گزر چکے ہیں سقوط غرناطہ کے بعد سقوط ڈھاکہ سانحہ عظیم ہے ہم نے بت فروشوں سے شکست کھائی۔ بنگالیوں نے ہم سے بڑھ کر علیحدگی اختیار کی بنگالی مسلم لیگ کے بانی تحریک پاکستان کے داعی و ہراول تھے عددی اعتبار سے مستحکم اور اکثریت میں تھے ہم نے ان کے ساتھ ناانصافیاں کیں نتیجتاً وہ ہم سے الگ ہوگئے آج باقیماندہ پاکستان میں حالات کچھ اسی قسم کے ہیں ناامیدی ہے نارسائی ہے اشرافیہ کے خلاف نفرت پائی جاتی ہے دو صوبوں میں دہشت گردوں کا راج ہے مرکز گریز قوتیں پنپ رہی ہیں غربت اور ناانصافی نے معاملات کو ناقابل واپسی حد تک خراب کردیا ہے کہا جارہا ہے کہ ہم کسی بڑے حادثے کی طرف بڑھ رہے ہیں اس سے پہلے کہ معاملات الٹ پلٹ ہوجائیں ہمیں معاملات درست کرلینا چاہئیں وگرنہ قدرت کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے۔

تحریک پاکستان کے گمنام ہیرو پروفیسر محمد صادق!

تحریر۔ ندیم اختر ندیم

تاریخ کا حافظہ بھی عجیب ہے، یہ بعض اوقات بڑے بڑے ناموں کی چمک دمک میں ان بنیاد کے پتھروں کو فراموش کردیتا ہے جن پر پوری عمارت کھڑی ہوتی ہے۔ تحریک پاکستان کے سرگرم کارکن، قائداعظم محمد علی جناحؒ کے پسندیدہ، پرجوش نوجوان سپاہی، استاد اور عظیم سماج سیوک پروفیسر محمد صادق صاحب بھی ایک ایسی ہی شخصیت تھے، جنہیں ہمارے تھنک ٹینک اور مورخین نے شائد بھلا دیا۔ ایسے سچے محبِ وطن لوگوں کی شخصیت، قربانیاں اور قائداعظم سے رفاقت کو تو ہمارے نصاب تعلیم کا حصہ ہونا چاہیے تھا تاکہ نئی نسل جان سکتی کہ پاکستان محض ایک جغرافیے کا نام نہیں، بلکہ یہ انمول جذبوں اور بے لوث قربانیوں کا ثمر ہے۔ مجھے پروفیسر محمد صادق صاحب کے صاحبزادے حامد صادق سے ملاقات اور گفتگو کا شرف حاصل ہوا۔ یہ ملاقات محض ایک گفتگو نہیں بلکہ تاریخ کے ایک روشن اور سچے باب کی ورق گردانی تھی۔ پروفیسر صاحب کا خاندانی پس منظر بھی علم وادب کے گہرے رنگوں میں رنگا ہوا تھا؛ وہ فیض احمد فیض کے چچازاد بھائی تھے اور دونوں کے گھروں کے درمیان صرف ایک سانجھی دیوار حائل تھی۔ پروفیسر صاحب کے صاحبزادے حامد صادق صاحب کی گفتگو سے معلوم ہوا کہ پروفیسر محمد صادق صاحب کے دل میں تحریک پاکستان اور قائداعظم کی محبت کس درجہ کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ وہ گرمیوں کی تپتی دھوپ اور لو میں بھی لوگوں تک پاکستان کا پیغام پہنچانے نکل کھڑے ہوتے۔ ان کی مخلصانہ جدوجہد اور صلاحیتوں کے قائداعظم بھی معترف تھے، اسی لئے قائداعظم باقاعدہ پروفیسر صاحب کو اپنے پاس بلاتے اور کچھ امور پر مشورہ کرتے۔ ایک دفعہ گورنمنٹ کالج لاہور میں ایک اہم بیٹھک جلدی شروع ہوئی، قائداعظم کو پروفیسر صاحب سے شدید انس تھا۔ پروفیسر صاحب کو پہنچنے میں کچھ دیر ہوئی تو قائداعظم کے ساتھ بیٹھے ایک شخص نے بے چینی سے کہا: "چھوٹا قائد کہاں گیا؟ اسے ڈھونڈو!"۔ پھر کچھ ہی دیر میں پروفیسر صاحب وہاں پہنچ گئے۔ قائداعظم کے سامنے انہیں "چھوٹا قائد" کہنا اور ان کی رائے کو اہمیت دینا ظاہر کرتا ہے کہ وہ تحریکِ پاکستان کا کتنا قیمتی اثاثہ تھے۔ پروفیسر صاحب کے صاحبزادے اپنے والد کی محنت اور عظمت کو یاد کرتے ہوئے جذباتی ہوگئے۔ کہنے لگے کہ جو محنت ہمارے بزرگوں نے کی، ہم تصور بھی نہیں کرسکتے۔ والد صاحب رات کو تھکے ماندے گھر لوٹتے تو کہتے: "بیٹا! ذرا پاؤں دبا دو۔" میں پاؤں دباتا اور عقیدت سے ان کے پاؤں چوم لیتا، کیونکہ والد صاحب کے وجود سے ایمان کی خوشبو آتی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں دنیا میں وہ بڑا مقام اور عزت دی جو صرف کسی قسمت والے کو ملتی ہے۔ وقت کے بڑے بڑے نامور اور باثر لوگ ان کے سامنے زانوئے ادب تہ کرتے، لیکن پروفیسر صاحب کی درویشی کا عالم یہ تھا کہ وہ انہیں گلے لگاتے اور نصیحت کرتے کہ "کسی کے سامنے مت جھکو، صرف اللہ کی ذات کے سامنے جھکو۔" اپنے وطن سے ان کا لگاؤ عشق کی عمیق گہرائیوں تک جاتا تھا سقوطِ مشرقی پاکستان کا سانحہ پیش آیا، تو وہ لکڑی کے پرانے ریڈیو پر خبریں سن رہے تھے۔ جیسے ہی یہ اندوہناک خبر ان کے کانوں سے ٹکرائی، وہ جیسے پاگل سے ہوگئے۔ آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑیاں جاری ہوگئیں زاروقطار رونے لگے۔ وطنِ عزیز کے دولخت ہونے کا صدمہ ان کے لیے اتنا گہرا تھا کہ دن بھر اسی شدید کیفیت اور کرب میں رہے اور رات کو سب بہن بھائیوں نے مل کر انہیں کچھ سنبھالا۔

پروفیسر محمد صادق صاحب نے انڈیا اور پاکستان دونوں جگہ پڑھایا۔ وہ کیڈٹ کالج حسن ابدال میں بھی تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے، ان کی ہینڈ رائٹنگ نہایت شاندار اور دلکش تھی۔ انہوں نے سرسید احمد خان کے ساتھ مل کر مسلمانوں میں تعلیم کے فروغ کے لیے گراں قدر اقدامات اٹھائے۔

وہ اپنے آبائی گاؤں کالا قادر حال 'فیض نگر' واپس آگئے اور سماجی بہبود کے کاموں میں جُت گئے۔ وہ اپنے کزن فیض احمد فیض کے ساتھ مل کر عوامی خدمت کے کاموں کی کوششیں کرتے رہے۔ فیض صاحب کے ساتھ مل کر علاقے کیلئے سڑک منظور کرائی اسے بنوایا۔ گاؤں میں بجلی لائے، سکول قائم کیا ڈسپنسری بنوائی۔ دور دور سے غریب لوگ ان کے پاس آتے اور کام ہو جانے پر دعائیں دیتے جاتے۔ اس وقت کالا قادر ضلع سیالکوٹ (اب نارووال) کا حصہ تھا۔ پروفیسر صاحب غریب لوگوں کے کام کروانے کیلئے خود شہر جاتے، ان کا کرایہ اپنی جیب سے ادا کرتے، انہیں کھانا کھلاتے اور ان کے کام کروا کر واپس لوٹتے۔

فیض صاحب کا پروفیسر صاحب سے گہرا تعلق تھا اور وہ اکثر کالا قادر آتے۔ اپنی وفات سے محض دو روز قبل بھی فیض صاحب پروفیسر صاحب کے ہاں آئے۔ یہ وہی تاریخی موقع تھا جب پروفیسر صاحب نے ایک مشاعرہ کرایا تھا، جہاں فیض احمد فیض نے اپنا مشہور پنجابی کلام "اٹھ اتاں نوں جٹا" پڑھا۔

پروفیسر محمد صادق صاحب اپنی زندگی کے آخری ایام میں اپنے بچوں کو وصیت کر گئے کہ "آپ نے یہ گھر نہیں چھوڑنا، آباؤ اجداد کے مسکن کو چھوڑ کر کہیں نہیں جانا۔" انہیں علم وآگہی سے اس قدر محبت تھی کہ باقاعدہ اپنے گاؤں اخبار لگوایا ہوا تھا۔

پروفیسر صاحب جیسی عظیم، مخلص اور تاریخ ساز شخصیات صدیوں میں پیدا ہوتی ہیں انہیں اگرچہ حکومت پاکستان کی جانب سے تحریک پاکستان میں گراں قدر خدمات پر اعزازات سے نوازا گیا لیکن۔ وہ قائد کے سپاہی بھی تھے، علم کے معمار بھی اور سچے سماج سیوک بھی تھے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے گمنام ہیروز کی زندگی اور خدمات کو منظر عام پر لایا جائے تاکہ ہماری آنے والی نسلیں اپنے اصل محسنوں کی قربانیوں سے روشناس ہو سکیں۔ ابھی انکی زندگی کے کئی گوشے میں کالم کی طوالت کے خدشے کے پیش بیان نہیں کرسکا پروفیسر صاحب نارووال کالا قادر کے قبرستان میں آسودہ خاک ہیں ان کے مزار پر حکومتی اعزاز بھی رکھا گیا ہے جو انہیں چالیس پچاس سال قبل حکومت پاکستان نے دیا۔

☆☆☆☆

شیخ صلاح بن محمد البدیر حرم نبویؐ کے روح پرور خطیب

تحریر۔ محمد علی یزدانی

مدینہ منورہ کی روح پرور فضاء میں جب جمعۃ المبارک کی اذان کے بعد منبر نبویؐ سے ایک پرسکون مگر گہری آواز بلند ہوتی ہے تو دلوں پر ایک عجیب سا سکون اتر آتا ہے۔ مسجد نبویؐ کے امام وخطیب شیخ ڈاکٹر صلاح بن محمد البدیر حفظہ اللہ کی آواز وہ روشنی ہے جو دلوں کو نرم کرتی ہے، آنکھوں کو اشکبار کردیتی ہے، اور ایمان کی تجدید کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ ان کا خطبہ صرف الفاظ نہیں بلکہ روح کی غذا ہے، جس میں قرآن کی خوشبو، سنت رسول کا رنگ اور امتِ مسلمہ کے درد کی گونج سنائی دیتی ہے 1971ء میں الاحسا میں پیدا ہونے والے شیخ ڈاکٹر صلاح بن محمد البدیر کا تعلق سعودی عرب کے ایک ایسے گھرانے سے ہے جو دین، اخلاق اور علم کا مرکز رہا ہے۔ بچپن ہی سے انہیں قرآن مجید سے گہری وابستگی حاصل تھی۔ کم عمری میں ہی حفظ قرآن مکمل کیا اور ابتدائی تعلیم اپنے شہر میں حاصل کی۔ بعد ازاں مدینہ منورہ کے علمی اداروں سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی، جہاں انہیں جلیل القدر علماء کرام کی شاگردی کا شرف حاصل ہوا۔

انہوں نے تفسیر، حدیث، فقہ، عربی ادب اور علمِ بلاغت میں گہری مہارت حاصل کی۔ ان کے اساتذہ کی صحبت نے ان کے مزاج میں وقار، حلم اور توازن پیدا کیا۔ یہی اوصاف آگے چل کر ان کے علمی وقار اور روحانی اثر کی بنیاد بنے۔ شیخ صلاح بن محمد البدیر کو مسجد نبویؐ میں امامت وخطابت کا منصب عطا ہوا یہ اعزاز دنیا کے لاکھوں علماء میں سے چند ہی کو نصیب ہوتا ہے۔ ان کے خطبات میں ایمان کی تازگی، قرآنی فہم، اور فکری بصیرت کا حسین امتزاج دکھائی دیتا ہے۔ وہ نہ زور بیان پر انحصار کرتے ہیں، نہ جذباتیت سے متاثر ہوتے ہیں، ان کا انداز سادہ مگر گہرائی سے بھرپور ہوتا ہے۔ ان کی گفتگو میں بلاغت ہے، انداز میں سکون، اور لہجے میں وہ نرمی جو مدینہ منورہ کی ہواؤں کی طرح دِلوں کو چھو جاتی ہے۔ ان کے خطبات میں عقیدہ، عبادت، اخلاق، عدل، معاشرتی اصلاح، والدین کی خدمت اور امت کے اتحاد جیسے موضوعات بار بار نظر آتے ہیں۔ وہ قرآن وسنت کو زندگی کے ہر پہلو کا رہنماء قرار دیتے ہیں اور ایمان وعمل کی تطہیر پر زور دیتے ہیں۔ شیخ صلاح بن محمد البدیر کے خطبات میں امتِ مسلمہ کا درد نمایاں ہے۔ وہ ہمیشہ قرآن وسنت کی طرف رجوع کی دعوت دیتے ہیں اور مسلمانوں کو اتحاد، علم، صبر اور عمل کی راہ دکھاتے ہیں۔ ان کے نزدیک امت کا احیاء صرف کتابوں یا تقریروں سے نہیں بلکہ عملی ایمان سے ممکن ہے۔ ان کا ایک مشہور جملہ ہے:

"اگر مسلمان اپنے ایمان، علم اور کردار کو مضبوط کر لیں تو کوئی طاقت انہیں مغلوب نہیں کرسکتی۔"

شیخ صلاح بن محمد البدیر کو پاکستان اور پاکستانی عوام سے خاص عقیدت ہے۔ وہ ایک سال قبل پاکستان کا دورہ کرچکے ہیں اور انہوں نے پاکستان کی مرکزی مساجد میں خطبات کے ذریعے مسلمانان پاکستان کے ایمان کو مزید مضبوط بنایا۔ شیخ صلاح بن محمد البدیر نے اس موقع پر فرمایا تھا کہ پاکستان امتِ مسلمہ کی امید ہے، اسے دینی قیادت کے میدان میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ وہ پاکستان کے لئے ہمیشہ دُعاگو رہتے ہیں اور یہاں کے علماء کو قیادت واستقامت کا مظہر قرار دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک پاکستان امتِ مسلمہ کا دل ہے، اگر یہاں ایمان اور کردار مضبوط ہوجائے تو پوری امت میں روشنی پھیل سکتی ہے۔ شیخ صلاح بن محمد البدیر کے خطبات کی ترتیب قابلِ تقلید ہے۔ ان کی آواز میں جلال نہیں بلکہ جمال ہے۔ ان کے لہجے میں نرمی، وقار اور ایک عجیب سی کشش ہے جو سننے والے کے دِل میں اُتر جاتی ہے۔ جب وہ قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں تو مسجد نبویؐ کے ستونوں سے گونجتی ہوئی آیات دلوں میں روشنی بھرتی ہیں۔ وہ محض خطیب نہیں، ایک روحانی رہنما ہیں جن کے الفاظ عبادت کا احساس دیتے ہیں۔ شیخ صلاح بن محمد البدیر کے نزدیک ایمان کا حقیقی حسن اخلاق میں ہے۔ وہ بارہا فرماتے ہیں، اگر زبان، رویہ اور معاملات اسلام کے مطابق نہیں تو عبادات بھی ادھوری ہیں۔ وہ امت کو یاد دلاتے ہیں کہ اسلام محض عبادات کا مذہب نہیں بلکہ مکمل ضابطہء حیات ہے۔ ان کے خطبات میں نوجوانوں کے لئے خصوصی پیغام ہوتا ہے۔ وہ انہیں علم حاصل کرنے، سچ بولنے، وقت کی قدر کرنے، اور خدمتِ خلق میں حصہ لینے کی تلقین کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک نوجوانی ایک نعمت ہے جس سے امت کے مستقبل کی تعمیر ہوتی ہے۔ شیخ صلاح بن محمد البدیر نے دینی تعلیم وتربیت کے میدان میں بھی گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ انہوں نے مختلف علمی اداروں میں تدریس کا فریضہ سرانجام دیا، طلبہ کی اخلاقی وفکری تربیت کی، اور منبر نبویؐ سے اُمت کو فکری استقامت عطا کی۔ ان کے ہزاروں شاگرد دنیا بھر میں دینِ اسلام کے فروغ کے لئے سرگرم ہیں۔

وہ ہر موقع پر علم میں اعتدال، کردار میں توازن، اور دعوت میں نرمی کی تلقین کرتے ہیں۔ یہی توازن ان کے علمی وروحانی مقام کو مزید بلند کرتا ہے۔ شیخ صلاح بن محمد البدیر کی شخصیت ایک عالم، مصلح، داعی اور مفکر کی حسین آمیزش ہے۔ ان کی گفتگو میں عاجزی، ان کے چہرے پر سکون، اور ان کے لہجے میں شفقت جھلکتی ہے۔ وہ کبھی سختی نہیں برتتے بلکہ امت کے لئے ہمیشہ خیر، دعا اور امید کی بات کرتے ہیں۔ ان کی سادگی ان کے وقار کو اور بڑھا دیتی ہے۔

گہنایا ہوا چاند

تحریر۔ نسیم شاہد

سوشل میڈیا بھی غضب ڈھانے والی دودھاری تلوار بن گیا ہے۔ پہلے بھی واقعات رونما ہوتے تھے، لوگ ملک سے باہر بھی جاتے تھے، مگر کسی کو فوری خبر نہیں ہوتی تھی۔ اب واقعات ومشاہدات ایسے امنڈے چلے آتے ہیں جیسے نیپال میں سیلاب آیا ہے۔ سب سے زیادہ مشکل وہ لوگ پیدا کرتے ہیں جو بیرونِ ملک جاتے ہیں اور اپنی سیاست پر توجہ دینے کی بجائے چن چن کر ایسی باتیں اور مناظر سامنے لاتے ہیں جو عام پاکستانیوں کا دل جلاتی ہیں۔ یہ تو ضرور لکھتے ہیں اس ملک کا ہر گوشہ حسین ہے بلکہ جنت نظیر ہے۔ کوئی کینیڈا جاتا ہے تو کسی مقام پر کھڑے ہوکر پہلی ویڈیو یہی بناتا ہے دنیا میں جنت دیکھنی ہو تو کینیڈا کو دیکھ لیں۔ کوئی نیویارک کے ٹائم سکوائر میں کھڑے ہوکر زندگی کی رنگینیوں کو نمایاں کرتے ہوئے کمنٹری کرتا ہے، زندگی کے رنگ دیکھنے ہوں تو نیویارک میں دیکھیں۔ ہمارے دوست محمد افضل شیخ یورپ کے دورے پر گئے ہوئے ہیں تو وہاں کی خوبصورتیوں کو سوشل میڈیا پر اجاگر کررہے ہیں۔ کوئی دوست ان ممالک کے شاداں و فرحاں لوگوں کی چہل پہل کو دکھا کر کہتا ہے، دیکھو یہاں کسی کو کسی سے حسد ہے اور نہ کسی کو پرواہ، سب اپنی اپنی دھن میں مگن ہیں، نہ کوئی کسی کا مختصر لباس دیکھ کر چونک رہا ہے اور نہ کسی کو اعلیٰ یا ادنیٰ لباس سے کوئی غرض ہے۔ پھر کوئی دوست یہ خبر لے آتا ہے کہ ٹورانٹو کے کھانے نہ صرف ذائقے دار ہیں بلکہ خالص اجزاء سے تیار ہوتے ہیں۔ جو مٹن کڑاہی پاکستان میں کھا کے دو دن معدہ خراب رہتا ہے وہ وہاں کھائیں تو آسانی سے ہضم ہوجاتی ہے۔ کوئی یہ دور کی کوڑی لاتا ہے کہ دیکھو یہاں کانسٹیبل دور دور تک نظر نہیں آتا مگر اس کے باوجود ٹریفک روانی سے چلتی ہے اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کا کوئی سوچتا بھی نہیں۔ کوئی ویڈیو بنا کے دکھاتا ہے دیکھو لندن کی سڑکیں لاہور سے چھوٹی ہیں لیکن وہاں ٹریفک چلتی ہے، جام نہیں ہوتی، کیونکہ سب لائن اور لین کی پرواہ کرتے ہیں۔ کوئی دوسرے ملکوں کے نظام انصاف کی خبر دیتا ہے اور کوئی کہتا ہے دیکھو میں یوکرائن میں ہوں، لیکن یہاں امن وامان کا کوئی مسئلہ نہیں۔ دن ہو یا رات آپ محفوظ ہیں پھر ایسے ستم ظریف بھی ہیں، جو صاف ستھری شاہراہوں، باغات، پارکوں اور شاپنگ سنٹروں کے مناظر دکھاتے ہوئے کہیں گے دیکھو یہ کتنے صاف ستھرے ہیں، حالانکہ یہاں ستھرا پنجاب جیسا کوئی ادارہ بھی نظر نہیں آتا۔ اب آپ ہی بتائیں کہ جب سوشل میڈیا کھولتے ہی ایسی پوسٹیں اور ویڈیوز نظر آئیں تو ہم جیسے پاکستانی کیسے ہضم کریں۔ پردہ پڑا رہے تو دکھ نہیں ہوتا، جب پردہ ہٹا دیا جائے تو موازنے کی وجہ سے پریشانی شروع ہوجاتی ہے۔

اب ایک طرف یہ عالیشان دنیا ہے جو دوست جہاز سے اترتے ہی دکھانا شروع کردیتے ہیں۔ کئی تو ایسے ظالم ہیں کہ قطر یا دبئی کے ایئر پورٹس پر لینڈ کرتے ہی ان کے پرشکوہ مناظر دکھانا شروع کردیتے ہیں، جہاں لوگ سکون سے بورڈنگ کے مراحل طے کررہے ہوتے ہیں۔ بڑی بڑی ڈیوٹی فری شاپس پر خریداری کرتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر ان مناظر کے ساتھ جب وہ دنیا سامنے آتی ہے جو پاکستانیوں کی دنیا ہے تو دکھ اور احساسِ کمتری کی ایک لہر سی رگ وپے میں دوڑ جاتی ہے۔ لوگ ایئر پورٹوں پر سفری سہولتوں کے فقدان کی دہائی دے رہے ہوتے ہیں۔ جگہ جگہ رکاوٹوں اور رشوت کے مظاہر دکھاتے ہیں۔ ایئر پورٹ پر سرکاری اہلکاروں کی فرعونیت کا ذکر کرتے ہیں۔ آف لوڈنگ کے قصے بیان کرتے ہوئے رونے لگتے ہیں۔ دنیا کے کسی ایئر پورٹ پر آپ کو اس ملک کے وزیر داخلہ کی معائنہ کرتے ویڈیو نہیں ملے گی، یہ صرف پاکستان ہے جس کا وزیر داخلہ ایئر پورٹس پر امیگریشن کے مراحل چیک کرتا ہے۔ ایسی ویڈیوز دیکھ کر پاکستانی دل ہی دل میں کڑھنے لگتے ہیں۔ پھر اس ظالم سوشل میڈیا نے کروڑوں کیمروں سے بنائی گئی وہ ویڈیوز بھی دکھانی ہوتی ہیں جو پاکستانی بنانا پہلا فرض سمجھتے ہیں۔ کہیں آگ لگی ہو، کوئی اس میں جل رہا ہو تو اسے بچانے پر توجہ دینے کی بجائے اس کے مرنے پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے اور اسے کیمرے میں محفوظ کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ دوسرے ممالک کے اچھے اچھے مناظر دیکھنے کے بعد جب نظر اس ویڈیو پر پڑتی ہے جس میں کوئی ناہنجار کسی راہ چلتی خاتون کا پرس چھین کر بھاگتا ہے اور خاتون زمین پر گرجاتی ہے تو جی چاہتا ہے کسی طرح اُڑ کے بیرون ملک چلے جائیں، جہاں سکون ہے۔ قانون ہے اور تہذیب وانسانیت کی عملداری ہے۔ پھر جب سوشل میڈیا پر یہ خبر آتی ہے کہ پندرہ دن سے لاپتہ معصوم کائنات کی کھیتوں سے نعش مل گئی ہے اور اس کی ویڈیو بھی پوسٹ کردی جاتی ہے تو اُبکائی سی آنے لگتی ہے کہ ہم کس ملک میں جی رہے ہیں۔ سچی بات یہ ہے کہ ہمارے پاس دنیا کو کوئی اچھا منظر دکھانے کے لئے ہے بھی نہیں۔ ایک تو ہماری ذہنیت ایسی بن گئی ہے کہ منفی دکھانا کارِ ثواب ہے اور دوسرا سچائی اور اچھائی کو دکھا کر ہماری تسلی وتشفی بھی نہیں ہوتی۔

جس معاشرے کا چہرہ یہ ہو کہ 14 نوزائیدہ بچے آگ میں جھلس کر کوئلہ بن جائیں۔ جہاں تین چار سالہ بچیوں کے اغواء، ریپ اور پھر قتل کی خبریں معمول ہوں، جہاں شوہر بیویوں کو قتل کرکے ان کی نعشیں تک جلا دیتے ہوں، جس معاشرے میں معمولی جھگڑوں پر چار پانچ لوگ مار دیئے جائیں۔ جہاں پولیس کے بارے میں سنگین سوالات اٹھتے ہوں، تھانوں کے اندر ریپ اور قتل کی وارداتیں ہوجاتی ہوں اور پھر یہ سب خبریں سب مناظر سوشل میڈیا کے ذریعے اندرون وبیرونِ ملک گھر گھر پہنچتے ہوں وہاں وہ خوبصورتیاں کیسے پیدا ہوسکتی ہیں جو ہمارے دوست بیرونِ ملک جاتے ہی دکھانا شروع ہوجاتے ہیں۔ انہیں اتنا بھی خیال نہیں رہتا کہ جو کچھ ہم سوشل میڈیا پر ڈال کر اپنے ہم وطنوں، دوستوں اور عزیز واقارب کو دکھا رہے ہیں، ان کے لئے خوشی کا نہیں اذیت کا سامان بن رہا ہے۔ ان کی کڑھن میں اضافہ کررہا ہے۔ پھر وہ رات دن یہی ادھیڑ بن کرتے ہیں کہ کسی طرح اس ملک سے نکلیں اور ان جنت نظیر ملکوں میں جائیں جہاں جا کر ہمارے دوست ہمیں خوشنما مناظر دکھاتے ہیں۔ ہمارا ملک جنت سے کم نہیں لیکن ہم نے اس کے چہرے کو گہنایا ہوا چاند بنادیا ہے۔ قصور ہمارا ہے ملک کا نہیں۔

☆☆☆☆

پھولوں کو سرخی دینے میں، پتے پیلے ہوجاتے ہیں

تحریر۔ ڈاکٹر سعدیہ بشیر

بوڑھے برگد کی جڑیں زمین کی گہرائیوں تک پھیل چکی تھیں اور شاخوں سے نکلنے والے ریشے جھک جھک کر زمین کو چھو رہے تھے۔ ایسا لگتا تھا جیسے صدیوں سے کھڑا یہ درخت صرف زمین میں پیوست نہیں بلکہ وقت کی تہوں میں بھی اپنی جڑیں اتار چکا ہے۔ آتے جاتے لوگ اسے دیکھ کر گزر جاتے۔ میں دیر تک اسے دیکھتی رہی۔ اچانک برگد نے مجھ سے کہا۔

"میرے سبز پتے، میری شاخیں اور ان سے نکلنے والا دودھیا محلول دیکھ رہی ہو؟ یہ سب اس ملک کی علامتیں ہیں جسے تم پاکستان کہتے ہو۔ میری پیچ در پیچ شاخیں، میری بوڑھی ہیبت، میرے تحفظ کے لئے جاری ہونے والے مسلسل نوٹیفکیشن اور میری بقا کے لیے کی جانے والی علامتی جدوجہد۔ کیا یہ سب تمہیں اپنے وطن کی یاد نہیں دلاتے؟"

اس کے پتوں اور نرم شاخوں سے نکلنے والا گاڑھا، دودھیا محلول زمین پر ٹپک رہا تھا۔

"اسے برگد کا دودھ کہتے ہیں،" درخت نے کہا۔ "دراصل یہ خلوص اور دیانت کی علامت ہے۔ البتہ اس میں بے ایمانی اور ہوس کی ملاوٹ ہوجائے تو یہی دودھ سیاہ نشان چھوڑ دیتا ہے۔" "اور اگر اسے ہوا، روشنی اور مستقل مزاجی مل جائے تو؟" میں نے پوچھا۔ برگد مسکرایا۔ "تو تھوڑی سی ہوا بھی اسے ربڑ کی طرح جما دیتی ہے۔" میں نے سوچا کہ ہمارے معاشرے میں بھی شاید یہی ہوتا ہے۔ حالات کی ہوا، اقتدار کی روشنی اور مفادات کی حرارت بعض چیزوں کو اتنا مضبوط کردیتی ہے کہ پھر انہیں توڑنا آسان نہیں رہتا۔ برگد کی جٹاؤں جیسی لٹکتی جڑیں عجیب پراسرار تھیں۔ "ان ریشوں میں بہت سے راز دفن ہیں،" درخت نے کہا۔

مجھے یوں محسوس ہوا جیسے ان میں سازشیں، بند فائلیں، سرخ فیتے میں لپٹی کمیٹیوں کی رپورٹس، ادھورے فیصلے اور مکمل نہ ہونے والے وعدے بندھے ہوئے ہوں۔ کمال یہ تھا کہ انہی ریشوں میں بے ایمانی بھی تھی اور ایمان داری بھی۔ میں نے برگد کی طرف دیکھا تو وہ زار زار رو رہا تھا۔ اسی دوران ایک پتے نے میرے کان کے قریب آکر سرگوشی کی۔ "کچھ مت کہنا۔ یہاں غدار بھی ہیں۔" برگد یک دم بلک اٹھا۔ "چپ رہو۔ یہ نادان ہیں۔ ایک ہی درخت کے پتے بھلا مختلف سوچ اور فکر میں کیسے بٹ سکتے ہیں؟ ہم نے سردی گرمی ساتھ جھیلی ہے۔ آندھی آئی تو ایک دوسرے کی پناہ بنے۔ دھوپ ہوئی تو سایہ دیا۔ ہر ظلم پر یکجا آواز اٹھانے والے یہ پتے اب ایک دوسرے کو دشمن کیسے کہہ سکتے ہیں؟"

مجھے یوں لگا جیسے کوئی کھیل جاری ہے۔

"یہ زمانہ عجیب ہے،" برگد بولا۔ "اب چہرے بدلنے کے لیے وقت نہیں لگتا۔ کبھی ایک بٹن کافی ہوتا ہے۔"

اس میں ذرہ برابر شک نہیں کہ ہم سب پاکستان کی محبت میں گرفتار ہیں۔ مسئلہ صرف یہ ہے کہ رائے کے معمولی اختلافات کو اتنا بڑا بنا دیا گیا ہے کہ جیسے محبتِ وطن بھی کسی مخصوص گروہ کی جاگیر ہو۔ جب اختلافِ رائے کے دروازے بند ہونے لگیں تو برداشت، رواداری اور ایثار کے پودے بھی سوکھنے لگتے ہیں۔ میں نے برگد کی طرف دیکھا۔ اس کے کچھ پتے دھوپ میں چمک رہے تھے اور کچھ ہوا کے ساتھ لرز رہے تھے۔ میں نے بے اختیار کہا۔

کتنے ہی برس گزرے آزادی کامل کو
اب تک نہ مگر ہم کو وعدوں کا خیال آیا
جس راہ پہ ٹھہرے ہیں وہ خون میں ڈوبی ہے
اک خوف مسلسل کو اب تک نہ زوال آیا

کچھ دیر بعد برگد کے پتوں پر جیسے سرخی اترنے لگی۔ "یہ سرخی؟" میں نے پوچھا۔ برگد نے کہا۔ "یہ ان لوگوں کے لہو کی یاد ہے جنہوں نے اس مٹی کے لئے اپنی جان دی۔ شہادت کسی ایک دن کا واقعہ نہیں، اس کی بازگشت نسلوں تک جاری رہتی ہے۔" مجھے یقین تھا کہ اس سرزمین کی کہانی صرف مایوسی کی کہانی نہیں۔ لیکن میرے دِل نے پھر بھی دہائی دی۔ تاش کے پتوں کی طرح بکھرے ہوئے، قسمت آزماتے چہرے اب تھک چکے ہیں۔ انہیں ہر چند سال بعد نئے خواب دکھائے جاتے ہیں۔ نئے منصوبے، نئے نعرے، نئی تختیاں اور نئی افتتاحی تقریبات، مگر تھکے ہوئے چہروں کی تھکن وہیں رہتی ہے۔ برگد نے آہستہ سے کہا۔ "تمہیں ہر نیا منصوبہ تشہیر کیوں دکھائی دیتا ہے؟" میں نے کہا۔ "کیونکہ کبھی کبھی منصوبے کا افتتاح اس کے نتیجے سے زیادہ اہم ہوجاتا ہے۔ تختی چمکتی رہتی ہے، مگر جس کے لئے منصوبہ بنایا گیا تھا۔ وہ اپنی ضرورت لیے وہیں کھڑا رہتا ہے۔" برگد نے گہری سانس لی۔ "پانی ہمیشہ نشیب کی طرف جاتا ہے،" اس نے کہا۔ "اور اپنے ساتھ جو کچھ لاتا ہے، وہی زمین کی قسمت بناتا ہے۔ "حکومتیں بدلتی ہیں۔ بیانیے اور ترجیحات بدلتی ہیں۔ سوشل میڈیا کے ٹرینڈ بدلتے ہیں۔ مگر عام آدمی کے حصے میں آنے والی حقیقت اکثر وہی رہتی ہے۔ سیاسی موسم بدلتے رہتے ہیں، لیکن ٹیکس کا بوجھ صرف عوام ہی کے حصے میں آتا ہے۔ میں نے برگد کی زمین کو چھوتی جٹاؤں کو دیکھا۔ اچانک مجھے محسوس ہوا کہ یہ جڑیں عوام کی تصویر ہیں۔ زمین سے جڑی

(باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر40)



☆☆☆☆☆☆☆☆ کوئٹہ، بزم اعلیٰ حضرت العالمی مرکز کوئٹہ کے زیر اہتمام میلاد مصطفی کانفرنس کے موقع پر پیر سید محمد ضیاء الدین القادری، محمد عاقل باروی، مولانا سید عرفان شاہ اور دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

زمینداروں کی کروڑوں روپے کی کھڑی فصلیں تباہ ہو رہی ہیں، عبدالوہاب

آٹھ ستمبر سے قومی شاہراہ غیر معینہ مدت تک بلاک کریں گے، جھالاوان زمیندار کمیٹی

خضدار (آن لائن) جھالاوان زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبدالوہاب غلامانی نے کہا ہے کہ یوریا کھاد کی بندش اور جائز طریقے سے زمینداروں کو عدم فراہمی کی وجہ سے زمینداروں کے کاٹن سمیت کروڑوں کے دیگر فصلات تباہ ہو رہے ہیں سات ستمبر تک یوریا کھاد تک زمینداروں کی رسائی ممکن نہیں بنائی گئی تو آٹھ ستمبر سے قومی شاہراہ غیر معینہ مدت تک بلاک کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے خضدار پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جھالاوان زمیندار ایکشن کمیٹی کے عہدیداروں کے علاوہ نال زہری وڈھ وہیر زیدی فیروز آباد سمیت ضلع کے مختلف علاقوں سے زمینداروں کی ایک بڑی تعداد موجود تھی عبدالوہاب غلامانی کا کہنا تھا کہ اگست سے پہلے زمینداروں کے لئے زرعی کھاد یوریا کو بند کر دیا گیا گزشتہ دنوں زمینداروں کی ضلعی انتظامیہ سے بات ہوئی ہمیں یقین دہانی کرائی گئی کے اگست کے آخر میں یوریا کھاد کا مسئلہ حل ہو جائے گا مگر انتظامیہ کی یقین دہانی غیر موثر ہو گئی اور یوریا کھاد پر ظاہری پابندی تاحال جاری ہے جبکہ ستم ظریفی کی بات یہ ہے کہ یہی کھاد فروش بلیک میں یوریا کھاد آٹھ سے دس ہزار روپے میں چوری چھپے فروخت کر رہے ہیں یوریا کھاد کی قانونی طریقے سے عدم فراہمی کے باعث زمینداروں کی کروڑوں روپے کی کھڑی فصلیں تباہ ہو رہی ہے بلوچستان خصوصاً ضلع خضدار کی کاٹن کی ملکی سطح پر بڑی مانگ ہے یہاں زمیندا روں نے ہزاروں ایکڑ زمین پر کاٹن کاشت کی ہے مگر یوریا کھاد کی عدم دستیابی کی وجہ سے پورے کاٹن کا فصل تباہ ہو رہا ہے حکومت کو اگر کھاد کے حوالے سے کوئی خدشہ ہے تو زمینداروں کو کھاد ڈیلر کے ذریعے رجسٹرڈ کر کے اس کے زرعی فصلات کے مطابق یوریا کھاد دی جائے۔

حب، مقامی خواتین کے لیے باعزت روزگار اور ہنرمندی کا اقدام

تیار ہونے والی مصنوعات کو مارکیٹ میں فروخت کیا جائے گا

حب (آن لائن) اٹک سیمنٹ فیکٹری حب بالخصوص جنرل مینیجر کرنل رضا خٹک کی خصوصی دلچسپی سے مقامی خواتین کے لیے باعزت روزگار اور ہنر مندی کا اقدام اٹک سیمنٹ فیکٹری ہمیشہ سے اپنے اردگرد کے علاقے اور بالخصوص مقامی آبادی کے پسماندہ اور مستحق افراد کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور انکی معاونت اور اقدامات کرتی رہی ہے۔ جنرل مینیجر کرنل (ر) رضا خٹک خان تفصیلات کے مطابق جنرل مینیجر اٹک سیمنٹ فیکٹری حب کرنل (ر) رضا خٹک خان کے مطابق اٹک سیمنٹ فیکٹری حب کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ علاقے کے غریب اور ضرورت مند خاندانوں کو حتی الامکان مدد اور تعاون فراہم کیا جائے تاکہ وہ بہتر اور باعزت زندگی گزار سکیں اور اپنے خاندانوں کا سہارا بن سکیں۔ اسی سوچ کے تحت اٹک سیمنٹ فیکٹری نے مقامی خواتین، خصوصاً ان خاندانوں سے تعلق رکھنے والی خواتین جن کے پاس روزگار کا کوئی مستقل ذریعہ نہیں، کو ہنر سکھانے اور باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے ایک خصوصی سلائی و کڑھائی مرکز قائم کیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت علاقے کے مختلف دیہات سے تعلق رکھنے والی 20 مستحق خواتین کو شارٹ لسٹ کیا گیا ہے، جنہیں چار ماہ کی خصوصی تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ ان خواتین کی تربیت کے لیے دو مقامی خواتین ٹرینرز بھی مقرر کی گئی ہیں، جنہیں باقاعدہ تنخواہ دی جا رہا ہے اور 20 خواتین جو ٹریننگ حاصل کر رہی ہیں انکو بھی تنخواہ دی جا رہی ھے، تاکہ اس منصوبے کے ذریعے مقامی سطح پر مزید روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں۔ تربیتی مرکز میں 20 سلائی مشینیں فراہم کی گئی ہیں، جن پر خواتین کو عملی تربیت دی جا رہی ہے۔ انہیں سلائی، کڑھائی اور دیگر متعلقہ ہنر سکھانے کے ساتھ ساتھ مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق کپڑے اور دیگر مصنوعات تیار کرنے کی تربیت بھی دی جائے گی۔

نرخ ناموں کی پڑتال اور نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے، فہد حسین

زائد وصولی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی

رکھنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی نے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد انتظامی امور کا آغاز کرتے ہوئے شہر میں اشیائے خورد و نوش اور دیگر ضروری اشیاء کے سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر نے ڈیرہ غازی خان اور رکھنی کے ہوٹل مالکان سے ملاقات کی اور انہیں سرکاری نرخ نامے کے مطابق اشیاء کی فروخت اور مقررہ نرخوں پر عملدرآمد کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور شہریوں سے زائد قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر فہد حسین عمرانی نے کہا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ اہلکاروں کو بھی ہدایت کی کہ بازاروں میں باقاعدگی سے نرخ ناموں کی پڑتال اور نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی فرد یا کاروباری طبقے کو سرکاری احکامات اور قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انتظامیہ عوامی مفاد میں قانون کے مطابق اپنی ذمہ داریاں ادا کرے گی۔ عوامی حلقوں نے اسسٹنٹ کمشنر فہد حسین عمرانی کی جانب سے چارج سنبھالتے ہی سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کے لیے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ گندم اور آٹے کے کاروبار سے وابستہ افراد کی بھی مؤثر نگرانی کی جائے گی اور ناپ تول میں کمی یا مقررہ نرخ سے زائد وصولی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے پولیس کا چاک و چوبند دستہ سلامی پر کر رہا ہے

گوادر ایمبولینس سروس شہریوں کو بروقت طبی و امدادی سہولیات فراہم کر رہی ہے

جنوری 2023 سے اگست 2026 تک 24 میتوں کی غسل اور کفن پوشی کی خدمات بھی انجام دی گئیں

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر ایمبولینس سروس نسیم موسیٰ کے گوادر ایمبولینس سروس ضلعی انتظامیہ گوادر، گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (GDA)، عوام اور مخیر حضرات کے تعاون سے شہریوں کو بروقت طبی و امدادی سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ حکومت بلوچستان کی صحت عامہ اور ہنگامی حالات میں فوری طبی رسپانس کی پالیسی کے تحت جاری اس عوامی خدمت کے منصوبے کے ذریعے جنوری 2022 سے اگست 2026 تک مجموعی طور پر 4 ہزار 154 افراد کو طبی، امدادی اور ریسکیو خدمات فراہم کی گئیں، جبکہ صرف اگست 2026 کے دوران 100 کیسز میں ایمبولینس سہولت فراہم کی گئی تفصیلات کے مطابق اگست کے دوران گوادر ایمبولینس سروس نے 67 ایمرجنسی مریضوں، 15 زچگی کے کیسز، 6 حادثات اور 12 میتوں کی منتقلی کے لیے خدمات فراہم کیں۔ ان میں 84 مریض گوادر شہر، 14 مریض شہر سے باہر کے علاقوں جبکہ 2 مریض تربت شہر سے متعلق تھے رپورٹ کے مطابق جنوری 2022 سے 31 اگست 2026 تک گوادر ایمبولینس سروس نے مجموعی طور پر 2 ہزار 585 ایمرجنسی مریضوں، 523 زچگی کے کیسز، 418 حادثات اور 584 میتوں کی منتقلی سمیت 4 ہزار 110 کیسز میں خدمات انجام دیں، جبکہ گوادر میں سیلاب کے دوران 44 افراد کے ریسکیو میں بھی ایمبولینس سروس نے اہم کردار ادا کیا، جس سے مجموعی مستفید افراد کی تعداد 4 ہزار 154 ہو گئی اسی عرصے کے دوران گوادر مردہ خانہ کی جانب سے 34 میتوں کی تدفین سے قبل ضروری خدمات فراہم کی گئیں، جن میں 33 مرد اور ایک خاتون شامل ہیں، جبکہ جنوری 2023 سے اگست 2026 تک 24 میتوں کی غسل اور کفن پوشی کی خدمات بھی انجام دی گئیں گوادر ایمبولینس سروس کی یہ کارکردگی شہریوں کو بروقت طبی امداد، ہنگامی حالات میں فوری رسپانس اور بلاامتیاز انسانی خدمت کی فراہمی کے عزم کی عکاس ہے۔

ابوبکر میروانی کا رورل ہیلتھ سینٹر بٹ بلیدہ کا تفصیلی دورہ

مریضوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے، گفتگو

تربت/ بلیدہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) بٹ بلیدہ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی دستیابی، ادویات، طبی آلات، صفائی ستھرائی اور ہسپتال کے مجموعی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے ہسپتال کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور طبی عملے سے ملاقات کر کے ان کی حاضری اور فرائض کی انجام دہی سے متعلق معلومات حاصل کیں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی جائزہ لیا اور ہسپتال میں ادویات و ضروری طبی سامان کی دستیابی کے حوالے سے متعلقہ حکام سے بریفنگ لی۔ اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ نے ہسپتال کے عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے بہتر انتظام اور ادویات کی دستیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے جبکہ طبی آلات کو فعال حالت میں رکھنے اور ہسپتال کے مجموعی نظام میں مزید بہتری لانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے اور سرکاری مراکز صحت میں آنے والے مریضوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے کہا کہ عوامی خدمت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ اپنے فرائض ایمانداری، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ انجام دیتے ہوئے عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ نے ہسپتال کے انتظامی و طبی امور میں بہتری کے لیے متعلقہ عملے کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ صحت کے شعبے میں دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے۔

دستیاب وسائل کا بروقت اور درست استعمال یقینی بنایا جائے، اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ

اورماڑہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں سب ڈویژن اورماڑہ سب ڈویژن اورماڑہ کے تمام تعلیمی کلسٹرز کے دوروں، تعلیمی اداروں کو فراہم کردہ فنڈز و سامان کے شفاف اور مؤثر استعمال کی تصدیق اور تعلیمی سہولیات کی نگرانی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں سب ڈویژن اورماڑہ کلسٹرز ہیڈ نے شرکت کی اجلاس میں سرکاری تعلیمی پالیسی کے تحت وسائل کے شفاف استعمال، اداروں کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی اور طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مربوط اقدامات پر غور کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور برکت نے ہدایت کی کہ تمام دستیاب وسائل کا بروقت اور درست استعمال یقینی بنایا جائے۔

عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے اقدامات اٹھانا ذمہ داری ہے، عائشہ زہری

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری سے اسسٹنٹ کمشنر قلات اسد سالانی جمعیت علمائے اسلام کے رہنما مولانا غلام سرور، پروفیسر ڈاکٹر صدیق نیچاری، ہندو پنچایت کے مکھی دنیش کمار، مکیش کمار، دیوان مکلیش، کونسلر نریش کمار سمیت خواتین کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مرد و خواتین درخواست گزاروں نے ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کو اپنے درپیش مسائل سے آگاہ کیا اور ان کے حل کے لیے درخواستیں پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ عوامی مسائل سننا اور ان کے فوری حل کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانا ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں ریلیف کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ قلات تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

نوجوانوں کو حب الوطنی، اتحاد اور نظم و ضبط کو اپنانا ہوگا، مقررین

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں پاک ریزیڈینشل پبلک ہائی اسکول میں شش ماہی کی مناسبت سے ایک پروقار اور رنگارنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمانِ خصوصی ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری تھے۔ تفصیلات کے مطابق پاک ریزیڈینشل پبلک ہائی اسکول میں منعقدہ شش ماہی کی تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ دیگر مہمانوں میں سیکرٹری چمالنگ تعلیمی پروگرام وڈیرہ غازی خان مری اور دیگر مہمان شامل تھے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، جس کے بعد طلبہ نے ملی نغمے، مختلف موضوعات پر تقاریر اور ٹیبلو پیش کیے۔ بچوں نے اپنی شاندار پرفارمنس کے ذریعے وطن عزیز سے محبت اور قومی جذبے کا اظہار کیا، جس پر شرکاء نے انہیں بھرپور داد دی۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں کے نتیجے میں وجود میں آیا، اور ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے نوجوان نسل کو تعلیم کے ساتھ ساتھ حب الوطنی، اتحاد اور نظم و ضبط کو بھی اپنانا ہوگا۔ تقریب کے اختتام پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے اور ملک کی سلامتی، ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

کھیلوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا، ڈاکٹر ماہ نور

اورماڑہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت سے تحصیل کرکٹ ایسوسی ایشن اورماڑہ کے صدر کیپٹن علی رضا کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں جنرل سیکرٹری زوہیب مسافر اور خزانچی تنویر احمد شامل تھے۔ ملاقات کے دوران وفد نے اورماڑہ میں کھیلوں کے فروغ، کرکٹ کی ترقی اور درپیش مسائل سے اسسٹنٹ کمشنر کو آگاہ کیا اس پر موقع پر وفد نے کرکٹ گراؤنڈ پچ کی سہولیات اور کھیلوں کے سامان کی عدم دستیابی سمیت دیگر مسائل کی نشاندہی کی اور ان کے حل کے لیے تعاون کی درخواست کی اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور برکت نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے اور کھیلوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک اور مثبت سوچ کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ معاشرے میں صحت مند ماحول کے قیام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، محمد علی

گنداخہ (آن لائن) عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، جرائم کے خاتمے اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ڈی ایس پی گنداخہ محمد علی جمالی تفصیلات کے مطابق پولیس اسٹیشن گنداخہ میں ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی کی نگرانی میں تعارفی و کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایس ایچ او گنداخہ حاجی خان لاشاری، ایس ایچ او باغ ہیڈ ظہیر عباس جمالی، ایس ایچ او بائیٹل عابد حسین جمالی سمیت دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران علاقے میں امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، پولیس کارکردگی اور عوام کے تحفظ سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔

فیکلٹی گریجویٹ ریسرچ کمیٹی (ایف جی آر سی) کا پہلا اجلاس

ایم فل پولیٹیکل سائنس پروگرام سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے شعبہ پولیٹیکل سائنس کی فیکلٹی گریجویٹ ریسرچ کمیٹی (ایف جی آر سی) کا پہلا اجلاس یونیورسٹی کے ویڈیو کانفرنس روم میں فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین ڈاکٹر طاہر حکیم کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ایم فل پولیٹیکل سائنس پروگرام سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران اعلیٰ تعلیم میں تحقیق کی اہمیت اور افادیت کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ معیاری تحقیق کے طریقہ کار پر بھی گفتگو کی گئی، تاکہ معاشرتی و سیاسی مسائل کا بہتر انداز میں حل نکالا جا سکے۔ اجلاس میں شعبہ پولیٹیکل سائنس کے سیشن 2026-2027 کے ایم فل اسکالرز کے لیے تحقیقی سپروائزروں کی تقرری اور توثیق کی سفارش کی گئی، جسے حتمی منظوری کے لیے ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کو پیش کیا جائے گا۔ اجلاس میں چیئرمین ڈاکٹر طاہر حکیم کے علاوہ فیکلٹی آف لاء کے ڈین ڈاکٹر مظفر حسین، گریجویٹ اسٹڈیز کے ڈائریکٹر ڈاکٹر وسیم برکت، شعبہ پولیٹیکل سائنس کے چیئرمین چنگیز احمد اور اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد سالم نے بھی شرکت کی۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے اس موقع پر یونیورسٹی میں تحقیقی کلچر کو مزید مستحکم بنانے کے لیے شعبہ پولیٹیکل سائنس اور دیگر تعلیمی شعبہ جات کے فیکلٹی ممبران کی کاوشوں کو سراہا۔

A TRIBUTE TO THE MARTYRS OF PAKISTAN
ہمارے شہداء ہمارا فخر
ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سوراب

سوراب، ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

قلات، محکمہ صحت میں بہتری آنا شروع ہو گئی

ہسپتال قلات دورے کے موقع پر ادویات اسٹاک کی عدم دستیابی پر فوری ایکشن لیا گیا

قلات (خ ن) انجینئر عائشہ زہری کی انتظامی افسر کے اہم عہدے پر تعیناتی سے محکمہ صحت میں بہتری آنا شروع ہو گئی ہے ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ کی 50 بیڈ ٹیچنگ ہسپتال قلات دورے کے موقع پر ادویات اسٹاک کی عدم دستیابی پر فوری ایکشن لینے اور ایم سیس ڈی سے ادویات جنگی بنیادوں پر قلات ہسپتال دستیابی یقینی کیلئے اقدامات فائدہ مند ثابت ہوئیں۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی ہدایت پر ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال قلات نے سیکرٹری صحت مجیب پانیزئی اور ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل کو فوری لیٹر لکھا محکمہ صحت کے حکام نے ڈپٹی کمشنر قلات کی معاونت اور تعاون سے جان بچانے والی ضروری ادویات کی کھیپ ڈاکٹر نصراللہ لانگو، ایم ایس ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال قلات فارماسسٹ محمد علی کی نگرانی میں بحفاظت قلات پہنچا دی گئی ہیں۔ قلات کے عوامی حلقوں نے سیکیورٹی کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی بروقت اقدامات کو مثالی گورننس قرار دیا۔

رکھنی، ماڈل بازار کے قیام کے لیے ترقیاتی کام کا آغاز

رکھنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی کی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ نے ماڈل بازار رکھنی کے قیام کے لیے سمند خان اسٹریٹ میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے علاقے کو مکمل طور پر کلیئر کر دیا۔ تجاوزات کے خاتمے کے بعد کلیئر کی گئی اراضی محکمہ C&W کے حوالے کر دی گئی، جس کے بعد ماڈل بازار کے قیام کے لیے ترقیاتی کام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ منصوبے پر کام تیزی سے جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ماڈل بازار کی بروقت تکمیل کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ منصوبے کی تکمیل سے علاقے میں ایک منظم، بہتر اور جدید تجارتی مرکز قائم ہوگا۔

گنداواہ میں مہنگائی کا جن بے قابو، قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

گنداواہ (این این آئی) گنداواہ شہر اور گردونواح میں مہنگائی نے عوام کی چیخیں نکال دیں، گوشت، ٹماٹر، پیاز، آلو اور دیگر سبزیوں سمیت روزمرہ استعمال کی اشیاء خورد و نوش اور کپڑوں فروش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بازاروں میں سرکاری نرخ نامے کی کھلم کھلا خلاف ورزی جاری ہے اور متعدد دکاندار و سبزی فروش اپنی مرضی کے نرخ مقرر کر کے صارفین سے من مانے دام وصول کر رہے ہیں۔ غریب اور متوسط طبقہ پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے، جبکہ روزمرہ اشیائے خورد و نوش کی بڑھتی قیمتوں نے گھریلو بجٹ درہم برہم کر دیا ہے۔ مزید شہریوں نے کہا ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹی اور متعلقہ انتظامیہ کی نگرانی آخر کہاں ہے؟ اگر بازاروں میں سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد نہیں ہو رہا تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہیا ہلیان گنداواہ نے ڈپٹی کمشنر جھل مگسی اور اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ سے مطالبہ کیا ہے کہ گراں فروشی اور منافع خوری کا فوری نوٹس لیا جائے، بازاروں میں اچانک معائنے کیے جائیں، سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں کرائے جائیں اور خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف مل سکے۔

کاشتکاروں کو آگاہی اور عملی رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے، رمضان پلال

زرعی ادویات کے لیبل پر درج ہدایات اور مقررہ مقدار کے مطابق کیا جائے

اُستا محمد (خ ن) دھان کی فصل میں زرعی ادویات کے محفوظ اور مؤثر استعمال کے حوالے سے کاشتکاروں کو آگاہی اور عملی رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ایکسٹینشن عمران احمد لاشاری کی زیر نگرانی محکمہ زراعت کی جانب سے ضلع اُستا محمد کے مختلف علاقوں میں دھان کے کاشتکاروں کو زرعی زہروں کیڑے مار ادویات اور جڑی بوٹی مار ادویات کے مناسب محفوظ اور مؤثر استعمال کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں گوٹھ میر شمیر خان رند یونین کونسل خانپور میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران کاشتکاروں کی جانب سے دھان کی فصل میں زرعی ادویات کے استعمال سے متعلق مسائل اور مشکلات کی نشاندہی کی گئی جس پر محکمہ زراعت کے ماہرین نے کاشتکاروں کو ضروری رہنمائی فراہم کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ زرعی ادویات کا استعمال ماہرین زراعت کی سفارشات ادویات کے لیبل پر درج ہدایات اور مقررہ مقدار کے مطابق کیا جائے تاکہ فصل کو نقصان سے بچانے کے ساتھ ساتھ انسانی صحت اور ماحول کو بھی محفوظ رکھا جا سکے محکمہ زراعت کے ماہرین نے کاشتکاروں کو بتایا کہ زرعی زہروں اور جڑی بوٹی مار ادویات کے استعمال کے دوران حفاظتی دستانے ماسک، چشمہ اور مکمل حفاظتی لباس کا استعمال ضروری ہے ادویات کا محلول تیار کرتے وقت براہ راست ہاتھ لگانے، ادویات کو سونگھنے یا منہ کے قریب لے جانے سے گریز کیا جائے جبکہ محلول ہمیشہ کھلی اور ہوادار جگہ پر صاف پانی کے ذریعے تیار کیا جائے سپرے کے دوران ہوا کی سمت کا خاص خیال رکھا جائے اور تیز ہوا یا شدید دھوپ کے اوقات میں سپرے کرنے سے گریز کیا جائے کاشتکاروں کو مزید آگاہ کیا گیا کہ دھان کی فصل کے لیے کسی بھی زرعی دوا کا انتخاب فصل جڑی بوٹی، کیڑے یا بیماری کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے دوا کی درست فارمولیشن، مقدار، پانی کی مناسب مقدار سپرے کا وقت اور طریقہ کار فصل کی بہتر حفاظت اور مؤثر نتائج کے لیے انتہائی اہم ہیں ضرورت سے زیادہ یا کم مقدار میں دوا کا استعمال نہ صرف فصل کو متاثر کر سکتا ہے بلکہ زمین پانی اور ماحول پر بھی منفی اثرات مرتب کر سکتا ہے محکمہ زراعت کی جانب سے کاشتکاروں کو یہ بھی ہدایت کی گئی کہ زرعی ادویات کے خالی ڈبوں بوتلوں اور پیکنگ کو دوبارہ گھریلو استعمال میں نہ لایا جائے۔

کینسل شدہ پرمٹ پر چلنے والی لوکل بسوں کے خلاف کریک ڈاؤن

سڑکوں پر اب صرف 2022 ماڈل کوسٹر اور آئی ایس کو چلنے کی اجازت ہوگی، حیات کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم اور سیکرٹری ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ حیات کاکڑ کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے کوئٹہ شہر میں خستہ حال اور موٹر وہیکل آرڈیننس رولز کے تحت کینسل شدہ پرمٹ پر چلنے والی لوکل بسوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا۔ سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (آر ٹی اے) کوئٹہ نعمت اللہ ترین نے اپنے عملے کے ہمراہ ایس پی ٹریفک صدر کوئٹہ عاصم شاہ اور ٹریفک پولیس کی ٹیم کے ساتھ مختلف روٹس پر کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران پانچ خستہ حال اور کینسل شدہ لوکل بسوں کو بند کر دیا گیا، جبکہ تین بس مالکان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایک بس مالک کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے ایف آئی آر بھی درج کر دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ کارروائی میں بند کی جانے والی تمام لوکل بسوں کے پرمٹ ان کی خستہ حالی اور موٹر وہیکل قوانین کی خلاف ورزی کے باعث آر ٹی اے کی جانب سے پہلے ہی منسوخ کیے جا چکے تھے، تاہم اس کے باوجود بس مالکان کی جانب سے انہیں مختلف روٹس پر غیر قانونی طور پر چلایا جا رہا تھا۔ سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ نعمت اللہ ترین نے کہا کہ منسوخ شدہ پرمٹ اور خستہ حال گاڑیوں کو کسی صورت سڑکوں پر چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والی پبلک ٹرانسپورٹ کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو قانون کے مطابق بہتر بنانے اور شہریوں کو محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ٹرانسپورٹرز کو مقررہ قوانین اور حفاظتی معیار پر عملدرآمد کرنا ہوگا۔ کوئٹہ شہر کے اندرون سڑکوں پر اب صرف 2022 ماڈل کوسٹر اور آئی ایس کو چلنے کی اجازت ہوگی۔

کوئٹہ، 6 ستمبر کے حوالے سے ریلی میں ایم پی اے روی کمار، آصف جان، سنیل بجاج، شیزان ولیم، عامر چنڈال، عدنان جہانگیر اور دیگر شریک ہیں

ترقی کے دعوے اور طفل تسلیاں اپنا اثر کھو چکی ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

محرومیوں نے بلوچستان کو بدامنی، احساسِ کمتری اور عدم استحکام کی نہج پر لا کھڑا کیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ حکومت اور اتحادی نئے صوبوں پر ایسے حالات میں دست و گریبان ہے کہ ملک شدید معاشی بحران، انتظامی ابتری اور داخلی چیلنجز کا شکار ہے اس وقت میں صوبوں کی تقسیم کا نعرہ عوامی مسائل کے حقیقی حل سے توجہ ہٹایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ملک پر مسلط کردہ حکمران کی ظالمانہ پالیسیوں نے قوم کو مایوس کر دیا ہے سیاسی عدم استحکام اور بدحال معیشت سے قوم پیچیدہ حالت کا سامنا کر رہا ہے آج ملک کو سیاسی و معاشی محاذ پر چیلنجز کا سامنا ہے تمام انتظامی اور مالیاتی اختیارات پر وفاق کے تسلط سے چھوٹے صوبوں میں محرومی اور بے چینی جنم دیا انہوں نے کہا کہ نااہل حکمرانوں کی جبر و ظلم کی استحصالی اقدامات نے چھوٹے صوبوں کو مسائلستان بنا دیا حکومت کی ظلم و جبر کی باعث آج بلوچستان خیبر پختونخوا کشمیر اور گلگت بلتستان سرائیکی سب ناراض ہے عوام اب جینے کا حق مانگ رہی ہے محرومیوں نے بلوچستان کو بدامنی، احساسِ کمتری اور عدم استحکام کی اس نہج پر لا کھڑا کیا ہے جہاں ترقی کے دعوے اور طفل تسلیاں اپنا اثر کھو چکی ہیں۔

کوئٹہ میں گرانفروشی پر کارروائی کرتے ہوئے 3 افراد کو گرفتار کر لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پنجپائی عبدالقیوم نے خروٹ آباد اور خیزی چوک کے علاقوں میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سبزی فروشوں اور دودھ فروشوں کی دکانوں کا معائنہ کرتے ہوئے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔ گرانفروشی پر کارروائی کرتے ہوئے 3 افراد کو گرفتار کر لیا گیا، جبکہ سرکاری نرخنامہ نمایاں جگہ پر آویزاں نہ کرنے والے دکانداروں کو سخت وارننگ دی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر پنجپائی عبدالقیوم نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخنامے کے مطابق اشیائے ضروریہ کی فروخت یقینی بنائیں اور نرخنامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔

نجی اسکولوں کی جانب سے گزشتہ سال کی کتابوں کا استعمال روکنے کا نوٹس لیں، والدین

تعلیم کو کاروبار بنانے کے بجائے طلبہ اور والدین کی مشکلات کو مدنظر رکھنا چاہیے، مشترکہ بیان

تربت (این این آئی) ضلع کیچ کے مختلف نجی اسکولوں کی انتظامیہ کی جانب سے طلبہ کو گزشتہ سال کی کتابیں اپنے چھوٹے بہن بھائیوں یا دیگر طلبہ کو دینے اور استعمال کرنے سے مبینہ طور پر روکنے کے معاملے پر والدین میں تشویش پائی جاتی ہے۔ والدین کا کہنا ہے کہ بعض نجی اسکول انتظامیہ انہیں ہدایت کر رہی ہے کہ گزشتہ سال کی کتابیں استعمال کرنے کے بجائے نئی کتابیں خریدی جائیں، جبکہ کئی صورتوں میں کتابیں اسکول یا مخصوص اسٹیشنری ذرائع سے خریدنے پر بھی زور دیا جاتا ہے۔ والدین کے مطابق موجودہ تعلیمی سال میں کئی جماعتوں کا نصاب اور کتابیں وہی ہیں جو گزشتہ سال استعمال ہو چکی ہیں، اس لیے اگر کتابیں قابل استعمال حالت میں موجود ہوں تو انہیں دوبارہ استعمال کرنے سے روکنے کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ انہوں نے کہا کہ شدید مہنگائی کے موجودہ دور میں بچوں کی کتابیں، کاپیاں، یونیفارم، جوتے اور دیگر تعلیمی اخراجات پہلے ہی والدین کے لیے ایک بڑا مالی بوجھ بن چکے ہیں، ایسے میں صرف نئی کتابیں خریدنے پر مجبور کرنا مزید مشکلات پیدا کر رہا ہے۔ والدین کا کہنا ہے کہ اگر گزشتہ سال کی کتاب صاف حالت میں ہے اور اس میں کوئی بنیادی تبدیلی نہیں کی گئی تو اسے چھوٹے بہن بھائی یا کسی دوسرے طالب علم کے استعمال میں لانا تعلیمی اور معاشی دونوں اعتبار سے بہتر عمل ہے۔ ان کے مطابق کتاب کو صرف اس بنیاد پر ضائع کرنے پر مجبور کرنا کہ نئی کتاب اسکول کے ذریعے خریدی جائے، والدین پر غیر ضروری مالی دباؤ کے مترادف ہے۔ عوامی حلقوں نے بھی اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیم کو کاروبار بنانے کے بجائے طلبہ اور والدین کی مشکلات کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر نصاب اور کتابیں تبدیل نہیں ہوئی ہیں تو قابلِ استعمال پرانی کتابوں کو دوبارہ استعمال کرنے سے روکنا محض اسٹیشنری کے کاروبار کو فروغ دینے کے تاثر کو جنم دیتا ہے۔ تاہم کسی مخصوص اسکول یا انتظامیہ کے خلاف حتمی الزام عائد کرنے سے قبل متعلقہ حکام کی جانب سے شکایات کی باقاعدہ تحقیقات ضروری ہیں۔ واضح رہے کہ بلوچستان میں نجی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن اور فیس سمیت مختلف معاملات کو ریگولیٹ کرنے کے لیے PrivateBalochistan Institution Educational Authority کا قانونی فریم ورک موجود ہے، جس کے تحت متعلقہ اتھارٹی نجی تعلیمی اداروں کا معائنہ اور خلاف ورزیوں کی صورت میں کارروائی کر سکتی ہے۔ حالیہ عرصے میں ملک کے دیگر حصوں میں بھی والدین نے نجی اسکولوں کی جانب سے مخصوص کتابیں اور اسکول سے منسلک سامان خریدنے پر مجبور کیے جانے کی شکایات اٹھائی ہیں۔ سندھ میں حالیہ ایک معاملے میں والدین نے یہ بھی شکایت کی کہ بڑے بچوں کی پرانی کتابیں چھوٹے بہن بھائیوں کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی، جس پر متعلقہ حکام نے انکوائری کا حکم دیا۔ والدین نے کمشنر مکران ڈویژن، ڈپٹی کمشنر کیچ، محکمہ تعلیم بلوچستان اور متعلقہ نجی تعلیمی اداروں کے ریگولیٹری حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تربت کے نجی اسکولوں میں کتابوں اور اسٹیشنری کی خریداری سے متعلق پالیسیوں کا جائزہ لیا جائے، والدین کی شکایات کی تحقیقات کی جائیں۔

6 ستمبر 1965
منجانب: ضلعی انتظامیہ خضدار

☆☆☆☆☆ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆

شاہد آفریدی کا حب کے ساحلی شہر گڈانی کا تاریخی دورہ

حب (آن لائن) پاکستان کرکٹ کے مایہ ناز کھلاڑی شاہد آفریدی نے حب کے ساحلی شہر گڈانی کا تاریخی دورہ کیا فلاحی منصوبوں کے آغاز کا اعلان، وڈیرہ جان شیر بلوچ کی جانب سے پرتکلف ظہرانہ دی جبکہ اس موقع پر گڈانی شپ بریکنگ یارڈ صنعتکاروں ملاقات کی۔ پاکستان قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان، عالمی شہرت یافتہ آل راؤنڈر اور شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کے بانی چیئرمین **شاہد خان آفریدی، چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی، وڈیرہ جان شیر بلوچ کی خصوصی دعوت پر ایک روزہ دورے کے لیے گڈانی پہنچ گئے۔ ان کی آمد پر شاندار استقبال کیا گیا جبکہ پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے قومی ہیرو کو والہانہ انداز میں خوش آمدید کہا گیا۔ شاہد آفریدی کی گڈانی آمد کی خبر سنتے ہی علاقے سمیت بلوچستان بھر سے تعلق رکھنے والے ہزاروں شائقین کرکٹ اور مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ بڑی تعداد میں لوگوں نے اپنے پسندیدہ کرکٹر کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے شرکت کی، ان کے ساتھ سیلفیاں بنوائیں اور آٹوگراف حاصل کیے۔ شاہد آفریدی بھی عوام میں گھل مل گئے اور ان کی محبتوں اور خلوص کا شکریہ ادا کیا۔ دورے کے دوران شاہد خان آفریدی نے دنیا کے معروف گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کا خصوصی دورہ کیا، جہاں گڈانی شپ بریکنگ ایسوسی ایشن کے نمائندے اور ملک کے معروف شپ بریکر فرخ پنجوانی نے انہیں اس اہم صنعتی شعبے کی معاشی اہمیت، درپیش مسائل اور مستقبل میں ترقی کے امکانات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ شاہد آفریدی فاؤنڈیشن گڈانی میں فلاحی، تعلیمی اور سماجی ترقی کے منصوبوں کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ کی خصوصی درخواست پر شاہد خان آفریدی نے اعلان کیا کہ **شاہد آفریدی فاؤنڈیشن آئندہ ایک ماہ کے دوران گڈانی میں کرکٹ اور فٹبال اسٹیڈیم، اسکل ڈویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ، تعلیمی اداروں کی بہتری اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی سے متعلق منصوبوں پر عملی اقدامات کا آغاز کرے گی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شاہد آفریدی نے بلوچستان اور بالخصوص بلوچ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ "*مجھے بلوچ قوم سے دلی محبت ہے۔ میرے بہت سے بلوچ دوست ہیں اور مجھے ان کی دوستی پر فخر ہے۔ میری خواہش ہے کہ میں اپنے ٹرسٹ کے ذریعے بلوچستان کے عوام، خصوصاً نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے مزید کام کروں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ نے شاہد خان آفریدی کو گڈانی آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ گڈانی کے عوام اپنے قومی ہیرو کی آمد پر بے حد خوش اور فخر محسوس کر رہے ہیں۔

مسز ثناء درانی کا گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے شعبہ ماحولیات کا دورہ

گوادر (خ ن) اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام DevelopmentNationsUnited) (UNDP-Programme پاکستان کی نمائندہ مسز ثناء درانی نے گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے شعبہ ماحولیات کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے متعلقہ حکام سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران گوادر کی ساحلی آبادیوں کے لیے کمیونٹی کی شمولیت پر مبنی سمارٹ کلائمیٹ اقدامات اور باہمی تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے، ساحلی ماحول کے تحفظ اور ماحولیاتی لچک کو مضبوط بنانے اور مقامی آبادی کے روزگار و معاشی مواقع میں بہتری کے لیے عملی، پائیدار اور جدید اقدامات پر غور کیا گیا۔ گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات عبدالرحیم نے سمارٹ کلائمیٹ اقدامات سے متعلق مختلف تجاویز پیش کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ پائیدار اور کمیونٹی مرکز منصوبوں کے ثمرات حقیقی ساحلی آبادیوں تک پہنچائے جائیں اس موقع پر بھی اسسٹنٹ ڈائریکٹر میونسپل یحییٰ وڈیلا، انوائرمنٹ آفیسر ہمل دشتی اور مقامی ماہر پرویز احمد نے بھی شرکت کی اور اپنی تجاویز پیش کیے۔

نورالحق بلوچ کی سلطنتِ عمان کے قونصلر جنرل سے اہم ملاقات

صحار پورٹ کو سسٹر پورٹس قرار دینے کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی/کوئٹہ (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے کراچی میں سلطنت عمان کے قونصلر جنرل انجینئر سامع عبداللہ سالم النجری سے اہم ملاقات کی، جس میں پاکستان اور عمان کے درمیان بحری تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ سمیت گوادر پورٹ اور عمان کی صحار پورٹ کو سسٹر پورٹس قرار دینے کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں گوادر اور صحار کے درمیان براہِ راست بندرگاہی رابطے، شپنگ اور کارگو نقل و حرکت میں سہولت، ٹرانزٹ ٹائم میں کمی اور علاقائی تجارت کے فروغ پر زور دیا گیا۔ ملاقات کے دوران سلطنت عمان کی سلام ایئر کے ذریعے گوادر اور عمان کے درمیان فضائی رابطہ جلد شروع کرنے کے معاملے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، تاکہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان مسافروں اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے براہ راست فضائی رابطے کو فروغ دیا جا سکے۔ فریقین نے گوادر فری زون میں عمانی سرمایہ کاری، لاجسٹکس، ویئر ہاؤسنگ اور فشریز کے شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کے امکانات کا بھی جائزہ لیا، جبکہ پورٹ مینجمنٹ، ڈریجنگ، ڈیجیٹل پورٹ آپریشنز اور بندرگاہی عملے کی تربیت کے شعبوں میں تکنیکی تعاون بڑھانے پر بھی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں بتایا گیا کہ گوادر اور صحار کو سسٹر پورٹس بنانے کی تجویز نئی نہیں، بلکہ اس حوالے سے 22 اپریل 2021 کو بھی سفارتی سطح پر پیش رفت ہوئی تھی۔ اس وقت عمان کے وزیر ٹرانسپورٹ، کمیونیکیشن و انفارمیشن ٹیکنالوجی نے گوادر اور صحار کو سسٹر پورٹس قرار دینے میں دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے پاکستان کی جانب سے مفاہمتی یادداشت (MoU) کا مسودہ طلب کیا تھا۔ چیرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ اور عمانی قونصلر جنرل انجینئر سامع عبداللہ سالم النجری نے اس بات پر اتفاق کیا کہ گوادر اور صحار کے درمیان باضابطہ سسٹر پورٹ معاہدہ علاقائی رابطوں، تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کر سکتا ہے، جبکہ دونوں بندرگاہوں کے درمیان تعاون چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کو خلیجی اور وسطی ایشیائی منڈیوں سے جوڑنے میں بھی اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ چیرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے گوادر پورٹ کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور عمان کے ساتھ بحری و تجارتی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا، جبکہ عمانی قونصلر جنرل انجینئر سامع عبداللہ سالم النجری نے سسٹر پورٹ اقدام کو آگے بڑھانے کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

Quetta Press Club
PSF

کوئٹہ، رزاق عاصم، ایاز زریاتوال، سیف الرحمٰن اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

☆☆☆☆☆☆☆ اورماڑہ؛ اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور برکت مختلف فش فیکٹریوں کا معائنہ کر رہی ہیں ☆☆☆☆☆☆☆

بقیہ 1

میں توانائی سے متعلق اثاثے اور انتہائی اہم اور حساس انفراسٹرکچر نشانہ بن سکتا ہے۔ تاہم امریکہ نیٹو ملکوں کے ساتھ کھڑا ہوگا۔

بقیہ 2

کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں جن میں ریپبلکنز کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اپنی معمولی اکثریت کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے۔ سابق صدر باراک اوباما کی طرف سے اپیل کورٹ میں نامزد کیے گئے چیف جج سری نواسن اور سرکٹ جج رابرٹ ولکنز نے نچلی عدالت کے اس فیصلے کی حمایت کی کہ یہ تصدیقی نظام سوشل سکیورٹی قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے کیونکہ یہ لاکھوں امریکیوں کی نجی شخصی معلومات شیئر کرتا ہے۔ اپیل کورٹ کے ججوں نے شہریت کے بارے میں معلومات کے امکان سے متعلق خدشات کا بھی اشارہ دیا جس کے نتیجے میں لوگوں کو ووٹر فہرستوں میں رجسٹرڈ رہنے کے لیے اپنی شہریت ثابت کرنے پر مجبور ہونا پڑ سکتا ہے۔ یہ صورت حال بعض حالات میں ووٹر کے طور پر ان کی رجسٹریشن کی منسوخی کا باعث بھی بن سکتی ہے۔ ٹرمپ کے نامزد کردہ سرکٹ جج گریگوری کاٹساس نے اکثریت کی رائے سے اختلاف کیا۔ فلوریڈا کے ایک جج نے جولائی میں محکمہ ہوم لینڈ سکیورٹی کو حکم دیا تھا کہ وہ ریپبلکنز کی قیادت والی چار ریاستوں کو ڈیٹا بیس تک رسائی دوبارہ فراہم کرے۔ اس سے قبل ایک اور جج نے محکمے کو ملک گیر سطح پر ڈیٹا بیس کا استعمال جاری رکھنے سے روک دیا تھا۔

بقیہ 3

حامیوں کو متحرک کرنے کی غرض سے کیا ہے۔ کانفرنس کی دوسری رات نائب صدر جے ڈی وینس مرکزی حیثیت میں ہوں گے۔ انہیں ٹرمپ کے ممکنہ جانشینوں میں نمایاں امیدوار سمجھا جا رہا ہے۔ کانفرنس کے پروگرام میں ایسی دیگر شخصیات بھی شامل ہیں، جن کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ 2028 کے صدارتی انتخابات میں حصہ لینے پر غور کر رہی ہیں۔ ریپبلکن نیشنل کمیٹی کے عہدیداروں نے تصدیق کی ہے کہ مدعو مقررین کی فہرست میں حکومت کے کئی اعلی عہدیدار، کانگریس میں پارٹی کی قیادت، ٹرمپ کے قریبی قانون ساز، جبکہ ایوان نمائندگان، سینیٹ اور گورنر کے اہم مقابلوں میں حصہ لینے والے امیدوار بھی شامل ہیں۔ ابھی تک مقررین کے خطاب کے حتمی اوقات کا اعلان نہیں کیا گیا، جبکہ توقع ہے کہ فہرست میں مزید مقررین بھی شامل کیے جائیں گے۔ امریکی ویب سائٹ نے سب سے پہلے ان تصدیق شدہ مقررین کی فہرست جاری کی تھی۔ شرکا میں وائٹ ہاس کی سابق ترجمان کیرولین لیویٹ بھی شامل ہیں، جو اس وقت صدر کی خارجہ سیاسی مشیر کے طور پر کام کر رہی ہیں۔ اس کے علاوہ ڈونلڈ ٹرمپ جونیئر، اٹارنی جنرل ٹوڈ بلانش اور وزیر صحت رابرٹ کینیڈی جونیئر بھی خطاب کریں گے۔ موجودہ فہرست میں وزیر خارجہ مارکو روبیو اور وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ شامل نہیں ہیں۔ ٹرمپ متعدد مرتبہ روبیو کو جے ڈی وینس کے ساتھ ممکنہ نائب صدارتی امیدوار یا مستقبل میں صدارتی امیدوار کے طور پر پیش کر چکے ہیں۔ دوسری جانب حالیہ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ ہیگسیتھ مستقبل میں وائٹ ہاس کی دوڑ میں شامل ہونے پر غور کر رہے ہیں، تاہم ان کے معاونین اس کی تردید کرتے ہیں۔ کانگریس کی قیادت کی جانب سے ایوان نمائندگان کے اسپیکر مائیک جانسن اور ریاست وائیومنگ سے تعلق رکھنے والے سینیٹر جان باراسو بھی کانفرنس میں شرکت کریں گے، جو ریپبلکن سینیٹرز میں دوسرے نمبر کی قیادت کرتے ہیں۔ اس کے برعکس سینیٹ میں ریپبلکن اکثریت کے رہنما جان تھون مقررین کی فہرست میں شامل نہیں ہیں۔ گزشتہ چند ماہ کے دوران ان کے ٹرمپ کے ساتھ کھلے عام اختلافات سامنے آتے رہے ہیں۔ تاہم توقع ہے کہ تھون ڈلاس میں ہونے والی کانفرنس میں شرکت کریں گے اور فنڈ ریزنگ کی تقریبات میں حصہ لیں گے۔ ریاست ٹیکساس سے ریپبلکن سینیٹر ٹیڈ کروز کو بھی خطاب کی دعوت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ انہیں نہیں لگتا کہ وینس 2028 کے صدارتی انتخابات میں پارٹی کے اندر کسی مقابلے کے بغیر تنہا میدان میں اتریں گے۔ مقررین کی فہرست میں ٹیکساس کے اٹارنی جنرل کین پیکسٹن بھی شامل ہیں، جو سینیٹ کی نشست کے لیے ہونے والی دوڑ میں رائے عامہ کے جائزوں اور انتخابی چندہ جمع کرنے کے معاملے میں اپنے ڈیموکریٹک حریف جیمز تالاریکو سے پیچھے ہیں۔ پیکسٹن کے امکانات بہتر بنانے کے لیے ٹرمپ نے ہفتے کے روز اب تک کی اپنی سب سے بڑی براہ راست انتخابی مالی معاونت فراہم کی۔ انہوں نے اپنی تحریک میگا انک کی سپر پی اے سی سے پیکسٹن کی انتخابی مہم کے لیے 10 ملین ڈالر عطیہ کیے۔ کانفرنس سے ٹیکساس کے گورنر گریگ ایبٹ بھی خطاب کریں گے۔ حالیہ رائے عامہ کے جائزوں کے مطابق وہ اپنی ڈیموکریٹک حریف جینا ہینوخوسا پر معمولی برتری حاصل کیے ہوئے ہیں۔

بقیہ 4

روس کے زیر قبضہ یوکرین میں واقع جوہری پاور پلانٹ 20 اگست سے بیرونی بجلی کے بغیر ہے اور اپنے اہم حفاظتی نظام کو ٹھنڈا کرنے کے لیے اس کا انحصار ہنگامی ڈیزل جنریٹرز پر ہے۔ پلانٹ میں ڈیزل ایندھن کے ذخائر کم ہو رہے ہیں اور اسے چند دنوں کے اندر اندر بجلی کی ممکنہ بندش کا سامنا ہے جب تک بجلی بحال نہ ہو جائے یا مزید ڈیزل یہاں پر منتقل نہ کیا جائے، اقوامِ متحدہ کے ایٹمی نگران ادارے نے کہا، انہوں نے بتایا کہ علاقے سے بارودی سرنگیں ختم کرنے کے بعد یوکرین کے تکنیکی ماہرین پاور لائن کی مرمت شروع کر دیں گے۔

بقیہ 5

افراد ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شمالی کنشاسا کے علاقے لنگوالا کی ایک عمارت کے اندر کئی دیگر افراد زخمی بھی ہو گئے۔ کچھ زندہ اور کچھ مردہ افراد کو سڑک کے کنارے لٹا دیا گیا۔ وہاں موجود لوگوں نے ان لوگوں کی مدد کرنے کی کوشش کی جو ابھی تک زندہ تھے۔ تنگ راہداریاں ان لوگوں سے بھری ہوئی تھیں جو آگ سے بھاگنے کی کوشش کر رہے تھے۔ لنگوالا کے میئر ناربرٹ موشنڈگا نے کانگو کی نیوز ایجنسی کو بتایا کہ ابتدائی طور پر 22 افراد کی موت کی تصدیق ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تعداد مزید بڑھ سکتی ہے۔

بقیہ 6

تڑپ تڑپ کے جان دے دی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ بات کینسر سے انتقال کر جانے والی خاتون کے اہل خانہ سے معلوم ہوئی ہے۔ اس کے گلاسگو میں رہنے والے بھائی انور نے بتایا ہے کہ اس کی ہمشیرہ مریم ایک پناہ گزین کیمپ میں کینسر کے جان لیوا مرض کے ساتھ رہ رہی تھی۔ اگر اسے لندن سے علاج کی اجازت دے دی جاتی تو ہوسکتا ہے اس کی جان بچ جاتی۔ مریم کے شوہر اور بچوں نے بڑی کوشش کی کہ برطانیہ جا کر علاج کی اجازت مل جائے۔ مگر ایسا نہ ہوسکا۔

بقیہ 7

ہر حرکت ہماری بحریہ کی نظروں میں ہے اور دشمن کی ہر کارروائی کا فیصلہ کن انداز میں جواب دیا جائے گا۔

بقیہ 8

امریکی مندوبین کے لیے ماسکو پہنچنے اور محفوظ طریقے سے بات چیت کرنے کا راستہ ہموار ہو سکے۔ وٹکوف نے پوتین سے کہا کہ میں روسی فیڈریشن کی طرف سے آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے ان تین دنوں کے لیے وقفے کی منظوری دی تا کہ کیف یا ماسکو پر کوئی حملے نہ ہوں اور ہم یہاں محفوظ طریقے سے پہنچ سکیں۔ وٹکوف نے اس ملاقات کو اپنے بہترین اور سب سے زیادہ یادگار تجربات میں سے ایک قرار دیا۔ کشنر نے روسی سرمایہ کاری و اقتصادی تعاون کے مندوب کیریل دمتریو اور روسی صدر کے معاون یوری اوشاکوف کے ساتھ اس اجلاس میں اپنی شرکت کا بتایا۔ روسی صدر پوتین نے ملاقات کے دوران کہا کہ یوکرین نے اپنے حملوں میں نمایاں کمی کی ہے، روس نے آدھی رات سے کیف پر کوئی حملے نہیں کیے۔ انہوں نے مذاکرات کاروں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کا عہد کیا۔ روسی صدر نے اس بات کی تصدیق کی کہ ٹرمپ روس یوکرین تنازع کو حل کرنے میں اپنا کردار ادا کرنے کی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ پوتین نے کہا میں سمجھتا ہوں کہ صدر ٹرمپ کو ایک مشکل صورتحال کا سامنا ہے لیکن وہ روس یوکرین تنازع کے حل میں اپنا کردار ادا کرنے کی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ پوتین نے امریکی فریق کے ساتھ بات چیت کو ہمیشہ مفید قرار دیا اور کہا کہ ٹرمپ روس اور یوکرین کے درمیان تنازع کو حل کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ پوتن نے کہا کہ جیسا کہ آپ نے ہمیں بتایا، میں جانتا ہوں کہ آپ ماسکو کے بعد کیف کا دورہ کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ وہاں جو کچھ بھی ہو، اس طرح کے رابطے بلا شبہ مفید ہیں۔ میں یہ بتانا چاہوں گا کہ یوکرینی فریق نے بھی ماسکو سمیت روس کے علاقے پر اپنے حملوں کی تعداد میں نمایاں طور پر، یعنی دس گنا کمی کی ہے۔ کریملن کے ترجمان دمتری پیسکوف نے صرف مذاکرات کے دوبارہ شروع ہونے کی تصدیق کی ہے۔ اس کا اعلان سب سے پہلے یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی نے وٹکوف اور کشنر کے ماسکو پہنچنے کے بعد کیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق امریکہ کے دونوں مذاکرات کار اپنے ساتھ نئی تجاویز لائے تھے لیکن پیسکوف نے ان کے بارے میں کوئی تفصیلات ظاہر نہیں کیں۔ انہوں نے کہا کریملن بات چیت کے خاتمے کے بعد عوام کو ان کے نتائج سے آگاہ کرے گا۔ واشنگٹن اور تہران کے درمیان تنازع میں ایران کے لیے روس کی حمایت کے سایہ میں کریملن کے ماہرین نے یہ بھی قیاس آرائی کی ہے کہ وٹکوف اور کشنر اپنی بات چیت کے دوران ایران کا معاملہ بھی اٹھا سکتے ہیں۔ یہ دورہ دوسری جنگ عظیم کے بعد یورپ کے سب سے شدید تنازع میں سفارتی جمود کو توڑنے کے لیے واشنگٹن کی نئی کوشش ہے۔ یہ تنازع 2022 میں روس یوکرین جنگ کے ساتھ شروع ہوا تھا۔ یاد رہے روس اور یوکرین کی جنگ کو ختم کرنے کے لیے امریکہ کی قیادت میں سفارتی کوششیں حالیہ مہینوں میں رک گئی تھیں کیونکہ واشنگٹن کی توجہ ایران کے ساتھ جنگ کی طرف منتقل ہو گئی تھی۔ اس سے روس اور یوکرین کی جنگ دوسری جنگ عظیم کے بعد یورپ کا سب سے بدترین تنازع بن گئی ہے۔ اس جنگ کے نتیجے میں ہزاروں شہری اور لاکھوں فوجی ہلاک ہو چکے ہیں۔

بقیہ 9

کی الیزابتھ رینیس الا برن نے پہلی رنر اپ کا لقب حاصل کیا۔ ملائیشیا کی تانوسیا چیٹی دوسری رنر اپ رہیں۔ میزبان ملک کی نمائندہ ویتنامی لے نگوئن با نگاک ان فائنلسٹوں میں شامل تھیں جنہوں نے 6 امیدواروں پر مشتمل آخری مرحلے میں جگہ بنائی۔ مس ورلڈ کا اعزاز ڈومینیکن کی جوہیری مولا ڈومنگیز کو دیا گیا۔ روشنیوں، پرتعیش ملبوسات اور ڈرامائی تفصیلات کے درمیان نیلا تاج آخری منظر کی سب سے نمایاں علامت بنا رہا۔ جوہیری مولا ڈومنگیز کے سر پر رکھے جانے کے ساتھ ہی مقابلے کی ایک طویل رات ختم ہوگئی اور ڈومینیکن ملکہ کے لیے ایک نیا سفر شروع ہوگیا۔ ڈومینیکن کوئین نے مس ورلڈ 2026 کا لقب بھی حاصل کر لیا۔

بقیہ 10

والی ویڈیوز میں یکساں سیاہ لباس پہنے اور نقابوں سے اپنے چہروں کو چھپائے افراد کو آج صبح بین الاقوامی بندرگاہ کے قریب اہم چوکوں پر جمع ہوتے ہوئے دکھایا گیا، جس کے نتیجے میں ٹریفک کی روانی میں خلل پڑا۔ کینٹ پولیس نے اعلان کیا کہ وہ جاری احتجاج سے آگاہ ہے اور مظاہرین سے مذاکرات کر رہی ہے، جب کہ ان کے محرکات یا مطالبات ابھی تک نامعلوم ہیں۔

بقیہ 11

بحفاظت نکالا، جس کے بعد انہیں علاج کے لیے ہیلی کاپٹر کے ذریعے کھٹمنڈو منتقل کیا گیا۔ نیپال میں گلیشیائی جھیل پھٹنے سے آنے والے سیلاب نے تباہی مچا دی تھی، جس سے ہلاکتوں کی تعداد 1300 سے تجاوز کر چکی ہے، 5 ہزار 600 افراد اب تک لاپتا ہیں۔

بقیہ 12

روز جنوبی لبنان کو نشانہ بنانے والی اسرائیلی فضائی کارروائیوں میں چار افراد ہلاک اور 32 دیگر زخمی ہو گئے۔ یہ بات لبنانی وزارت صحت کی جانب سے ہفتے کے روز شائع کردہ ایک نئی فہرست کے مطابق ہے۔

بقیہ 13

اور امریکا کے درمیان شدید کشیدگی برقرار ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان جاری تنازع کے باعث خطے میں مزید فوجی تصادم کے خدشات بھی موجود ہیں۔

بقیہ 14

میں آنے والے فوجی تنا میں اضافے کے ساتھ سامنے آئی ہے۔ سرکاری افواج اور حوثی ملیشیا کے درمیان دیگر محاذوں پر بھی کشیدگی برقرار ہے۔

بقیہ 15

لاشیں نکالی جا چکی ہیں۔ محکمہ شہری دفاع کے مطابق غزہ پٹی میں 9000 کے قریب فلسطینیوں کی لاشیں تاحال ملبوں تلے دبی ہیں۔

بقیہ 16

واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ اسرائیلی فوج کے بقول فضائی نگرانی کے نظام نے غزہ کے علاقے سے آنے والے ایک مشتبہ سگنل یا ہدف کی نشاندہی کی اور ایسا پہلی بار ہوا کہ نشاندہی غلط ثابت ہوئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ ٹیکنیکل غلطی ہوسکتی ہے اور کوئی اور بھی وجہ ہوسکتی ہے جس کی اعلی سطح پر تحقیقات جاری ہے۔ تاہم دہشت گردی کا عنصر شامل نہیں۔ وجہ کوئی بھی ہو ماہرین کا کہنا تھا کہ اس واقعے نے اسرائیل کے کثیر الجہتی فضائی دفاعی نظام کی جانب سے ممکنہ خطرات کی شناخت کے طریقہ کار پر بھی توجہ مرکوز کردی ہے۔ اسرائیلی فوج کے دعووں کے برعکس تجزیہ کاروں کا کہنا تھا کہ اسرائیلی فضائی دفاعی نظام کی جانب سے غلط شناخت کے نتیجے میں انٹرسیپٹر میزائل داغے جانے کے واقعات ماضی میں بھی سامنے آچکے ہیں۔ جولائی 2026 میں بھی اسرائیلی فوج نے جنوبی غزہ کے اوپر ایک غلط شناخت کے نتیجے میں انٹرسیپٹر میزائل لانچ کیے جانے کی تصدیق کی تھی جبکہ اس وقت بھی کسی اسرائیلی علاقے کو حقیقی حملے کا خطرہ نہیں تھا۔ اسی طرح 2018 میں بھی آئرن ڈوم نے غزہ سے ہونے والی فائرنگ کو غلط طور پر راکٹ حملہ سمجھ کر انٹرسیپٹر داغ دیا تھا۔ اس وقت اسرائیلی فوج نے کہا تھا کہ غزہ سے اسرائیل کی جانب کوئی راکٹ فائر نہیں کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ اسرائیل کا فضائی دفاعی نظام آئرن ڈوم اسرائیل کا مختصر فاصلے کے راکٹوں اور دیگر فضائی خطرات کے خلاف استعمال ہونے والا نظام ہے جبکہ اسرائیل کے پاس بیلسٹک میزائلوں کے لیے ایرو سمیت دیگر دفاعی نظام بھی موجود ہیں۔

بقیہ 17

وحشیانہ انداز میں خاتون پر حملہ آور ہوتا ہے۔ اسی دوران وہاں موجود آوارہ کتوں کا ایک جھنڈ خاتون کی مدد کو پہنچتا ہے۔ ایک کتا مسلسل بھونکتے ہوئے اور اپنے پنجوں سے لڑکے کو پیچھے دھکیلتے ہوئے اس پر جھپٹ پڑتا ہے۔ کتوں کے اس اچانک اور شدید ردعمل سے خوفزدہ ہو کر لڑکا خاتون کو چھوڑ کر وہاں سے بھاگنے پر مجبور ہو گیا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو حراست میں لے کر جووینائل ہوم (اصلاحی مرکز) منتقل کر دیا ہے۔ تحقیقات میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ مذکورہ لڑکے نے اس گھنانی حرکت سے کچھ دیر قبل ایک قریبی دکان کو بھی آگ لگائی تھی۔ سوشل میڈیا پر اس واقعے کی ویڈیو سامنے آنے کے بعد صارفین نے ان آوارہ کتوں کو حقیقی ہیرو قرار دیا اور جانور کی وفاداری کی تعریف کی۔

بقیہ 18

اپنے میزائل انٹرسیپٹرز کا تقریباً نصف استعمال کرچکا ہے اس لیے مستقبل میں مہنگے دفاعی نظاموں کے بجائے کم لاگت ڈرونز اور جدید جنگی حکمت عملی کی طرف توجہ دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کو یوکرین کے تجربات سے سیکھنے کی ضرورت ہے، جہاں مبینہ طور پر روزانہ ہزاروں کم قیمت ڈرونز استعمال کیے جا رہے ہیں۔ پیٹریاس کے مطابق یوکرینی فورسز نے روس کی آئل اسٹوریج، ریفائنریوں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنا کر ثابت کیا ہے کہ کم لاگت ڈرونز کے ذریعے بھی بڑے اور مہنگے فوجی و معاشی اہداف کو نقصان پہنچایا جا سکتا ہے۔ سابق سی آئی اے سربراہ نے کہا کہ ایک تقریباً 50 ہزار ڈالر مالیت کے ڈرون کو تباہ کرنے کے لیے انتہائی مہنگا میزائل انٹرسیپٹر استعمال کرنا معاشی اعتبار سے طویل عرصے تک قابل برداشت حکمت عملی نہیں ہوسکتی۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ مہینوں میں ایران کی جانب سے جن امریکی فوجی اڈوں اور تنصیبات کو نشانہ بنانے کا دعوی کیا گیا، ان میں اردن میں موجود میرین کور کی تنصیب، کنگ حسین بیس، پرنس حسن ایئر بیس اور الازرق ایئر بیس شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کویت میں احمد الجابر ایئر بیس اور علی السالم ایئر بیس، بحرین میں امریکی بحریہ کے ففتھ فلیٹ سے منسلک اثاثے اور شیخ عیسی ایئر بیس بھی مبینہ طور پر حملوں کی زد میں رہے۔ متحدہ عرب امارات میں المنہاد اور الظفرہ ایئر بیس، قطر میں واقع العدید ایئر بیس اور عراق کے شہر اربیل میں امریکی تنصیبات اور گوداموں کو بھی نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات سامنے آئیں۔ العدید ایئر بیس کو مشرق وسطی میں امریکا کی سب سے بڑی فوجی تنصیبات میں شمار کیا جاتا ہے۔

بقیہ 19

صفائی ستھرائی کا کام ہوا، امریکی بحری جہاز پر 5 ہزار امریکی فوجی موجود ہیں۔

بقیہ 20

دوسرے مقام پر منتقل ہو رہے ہیں، جبکہ کچھ خاندان المعافر، الشمائتین، موزع اور ذباب کے اضلاع کا رخ کر رہے ہیں۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق بے گھر ہونے والے افراد کے بعض مکمل کیمپ اور مقامات خالی کروا لیے گئے، جن میں الجب اور الراجح کے مقامات بھی شامل ہیں۔ اس کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر لوگ ایک بار پھر نقل مکانی پر مجبور ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مسلسل گولہ باری کے باعث خاندانوں کے لیے نسبتاً محفوظ علاقوں کی جانب منتقل ہونا بھی مشکل ہوگیا ہے، جبکہ بعض خاندان اب بھی محاذی علاقوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔

بقیہ 21

وہ اپنے پروگرام 'مشن امپاسبل ' کی وجہ سے خوب شہرت رکھتی ہیں۔ عدالتی فیصلے سے ظاہر ہوا ہے کہ وہ ٹی وی پر 'مشن امپاسبل ' کے علاوہ منشیات سمگلنگ کا 'مشن امپاسیبل ' بھی لے کر چل رہی تھیں۔ واضح رہے ان کا ٹی وی پروگرام بھی سکیورٹی سے متعلق کرائم کی کہانیوں اور واقعات پر مبنی ہوتا تھا، اس پروگرام کی وجہ سے سارہ خلیفہ کا سکیورٹی سے متعلق اعلی حکام کے ساتھ بھی رابطہ گہرا ہو گیا تھا۔ ان گیارہ افراد کو منظم جرائم کا گروہ بنانے اور منشیات کے گھنانے جرم کی وجہ سے سزائے موت سنائی گئی ہے۔ یہ گروہ منشیات کے بنانے، اسے لے کر سمگلنگ کے دھندے تک ملوث تھا۔ ان کے پاس بغیر لائسنس کے بھاری اسلحہ بھی تھا، جو بجائے خود ایک سنگین جرم ہے۔ مصری عدالت نے فیصلے سے پہلے مفتی اعظم مصر سے بھی اس سلسلے میں مشاورت کی ہے۔ تاکہ اس بڑے مقدمے کے فیصلے سے پہلے مذہبی نکتہ نظر بھی واضح طور پر سمجھ لیا جائے۔ ملزمان سے ساڑھے سات سو کلوگرام سے زیادہ منشیات کے علاوہ خام شکل میں بھی منشیات کی برآمدگی ہوئی۔ ایک لیبارٹری بھی اس گروہ نے بنا رکھی تھی۔ سارہ خلیفہ نے بڑی بڑی پارٹیوں کی آڑ لینے کے لیے ایک پلاسٹک سرجری کا کلینک اور پروڈکشن کمپنی بھی بنا رکھی تھی۔ عدالت نے ان ملزمان بشمول سارہ خلیفہ کو ایک اور مقدمے میں الگ سے پانچ سال قید کی سزا سنائی ہے۔ یہ مقدمہ اغوا سے متعلق تھا۔

بقیہ 22

علاقوں میں پھیل گئے۔ حکام نے شہریوں کو ماسک اور آنکھوں کی حفاظت کا سامان استعمال کرنے اور غیر ضروری طور پر باہر نکلنے سے گریز کرنے کی ہدایت کی۔ حکام کے مطابق فی الحال سونامی کا فوری خطرہ نہیں ہے۔ آناک کراکاٹوا جاوا اور ساٹرا کے درمیان آبنائے سنڈا میں واقع ہے اور 2018 میں اسی آتش فشاں کی سرگرمی سے ایک تباہ کن سونامی بھی آیا تھا۔

بقیہ 23

کے دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا۔ تہران نے امریکا کو خبردار کیا کہ خطے میں فوجی کارروائیوں، بحری ناکہ بندی اور تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانے کے نتائج کی ذمہ داری امریکا اور اس کے اتحادیوں پر عائد ہوگی۔ ایران کی وزارت خارجہ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کے باعث خلیج اور آبنائے ہرمز میں تجارتی بحری آمدورفت کو شدید خدشات کا سامنا ہے۔

بقیہ 24

پھٹنے سے شدید دھماکا ہوا تاہم اس کی حتمی وجہ ابھی معلوم نہیں ہوسکی۔ تحقیقات ابھی ابتدائی مرحلے میں ہیں۔ سرکاری طور پر اب تک 2 ہلاکتوں کی تصدیق کی گئی ہے تاہم صحت کے حکام نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اصل تعداد اس سے کہیں زیادہ ہوسکتی ہے۔

بقیہ 25

بھی حزب اللہ کے معاملے میں اثر انداز ہونے کا الزام عائد کیا ہے۔ حالیہ رپورٹ میں ایک لبنانی وزارت خارجہ کے ذریعے نے دعوی کیا کہ رجی کے خلاف چلنے والی مہمات کے پیچھے حزب اللہ سے وابستہ عناصر ہو سکتے ہیں۔ تاہم حزب اللہ کی جانب سے رجی کو قتل کی براہ راست دھمکی دینے کی آزادانہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ رجی کا موقف لبنان میں جاری ایک بڑے سیاسی تنازعے کا حصہ ہے۔ حکومت ایک طرف ملک کی خودمختاری اور ریاستی اداروں کا اختیار مضبوط کرنا چاہتی ہے، جبکہ حزب اللہ اپنے ہتھیاروں کو اسرائیل کے خلاف مزاحمت کا ذریعہ قرار دیتی ہے۔

بقیہ 26

فضائی مظاہرے کے دوران پیش آیا۔ سرکاری نشریاتی ادارے کی نشر کی گئی ویڈیو میں ایئر شو دیکھنے کے لیے موجود تماشائیوں سے چند سو میٹر کے فاصلے پر سیاہ دھوئیں کا بلند ہوتا ہوا بادل دکھائی دیا، حادثے کے فوری بعد آگ بجھانے کے لیے دو ہیلی کاپٹر موقع پر پہنچ گئے اور امدادی کارروائی شروع کردی گئی۔ فضائیہ کے عہدیدار کے مطابق حادثے کے وقت طیارے میں موجود دونوں پائلٹوں کی حالت کے بارے میں فوری طور پر معلوم نہیں ہوسکا۔ یہ بھی واضح نہیں تھا کہ حادثے کے نتیجے میں ایئر شو دیکھنے کے لیے موجود افراد میں سے کوئی زخمی ہوا یا نہیں۔

بقیہ 27

یہ وہ ہتھیار ہیں جو مختلف درجے کی خودمختاری کے ساتھ اہداف کا تعین کرنے اور ان پر حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انھیں بعض اوقات قاتل روبوٹس کہا جاتا ہے، تفصیلات کے مطابق (قاتل روبوٹس کو روکو)) تنظیم کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر نکول فان روین نے بتایا کہ یہ واقعی افسوس ناک ہے کہ پچھلے تین سالوں کے دوران دستاویز پر ممالک کے کیے گئے کام کو آخری گھنٹوں میں کافی حد تک کمزور کردیا گیا۔ سوئٹزر لینڈ کے شہر جنیوا میں گزشتہ دنوں کچھ روایتی ہتھیاروں کے استعمال پر پابندی یا محدود کرنے کے کنونشن کے رکن ممالک نے ملاقات کی اور راتوں رات اتفاق رائے پر پہنچ گئے۔ یہ معاہدہ یوکرین، سوڈان اور مشرق وسطی سمیت دیگر خطوں کے تنازعات میں مہلک خود کار ہتھیاروں کے نظام کے استعمال کے بارے میں بڑھتی ہوئی تشویش کے تناظر میں طے پایا ہے۔ اتفاق رائے کے بعد منظور کی جانے والی یہ دستاویز غیر قانونی طور پر پابند نہیں ہے، لیکن یہ کسی باضابطہ معاہدے کے لیے مذاکرات کی راہ ہموار کرسکتی ہے۔ امریکہ اور روس جیسی ریاستوں کی مخالفت کے درمیان متن پر پائے جانے والے اختلافات کو دور کرنے کے لیے بات چیت دیر رات تک جاری رہی۔ امریکہ اور روس قانونی طور پر پابند بین الاقوامی قوانین کے بجائے قومی رہنما اصولوں کو اپنانے کو ترجیح دیتے ہیں۔ امریکہ نے اس دستاویز میں لچک پیدا کرنے کی کوشش کی، بشمول فیصلوں کے حصول میں انسان کے کردار سے متعلق امور

بقیہ 28

ایک پیغام جو ہم بھیجتے رہے ہیں اور بھیجتے رہیں گے، وہ یہ ہے کہ ان برادریوں کے لوگوں کو سلامتی اور تحفظ کے ساتھ جینے کا حق ہے اور یہ کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے، تاہم ہکابی نے آبادکاروں کے تشدد میں اضافے پر اسرائیل پر براہِ راست تنقید کرنے سے گریز کیا۔

بقیہ 29

کو امریکی فوجیوں کی درست نشانہ بندی اور پیشہ ورانہ مہارت کا نتیجہ قرار دیا۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا کہ مذکورہ جہاز اب ایران کی بحریہ کے جہازوں کے ساتھ سمندر کی تہہ میں موجود ہے۔ سینٹ کام کے بیان میں کارروائی کی مزید تفصیلات، جہاز کو نشانہ بنانے کی وجہ یا اس پر موجود عملے کے حوالے سے فوری طور پر کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران اور امریکا کے درمیان فوجی کشیدگی جاری ہے اور خلیج عمان اور آبنائے ہرمز میں بحری سرگرمیوں پر عالمی سطح پر گہری نظر رکھی جا رہی ہے۔

بقیہ 30

بشمول سمگلنگ کی کارروائیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں اور فوجی اہلکاروں کی نگرانی کے لیے استعمال کیے جاتے تھے۔" میکسیکو کے وزیر دفاع ریکارڈو ٹریویلا نے دعوی کیا کہ یہ ڈرونز بنیادی طور پر تارکین وطن کے سمگلر سرحد کے ساتھ ایسی جگہوں کا پتہ لگانے کے لیے استعمال کرتے تھے "جہاں کوئی اتھارٹی موجود نہیں ہے۔ لیکن ڈرون حریف گروپوں یا حکام پر کارٹیل کے حملوں میں بھی استعمال ہوتے رہے ہیں۔ گزشتہ سال اکتوبر میں امریکی سرحد پر میکسیکو کے شہر تیجوانا میں پراسیکیوٹر کے دفتر پر بارود سے بھرے ڈرون سے حملہ کیا گیا تھا۔ اس میں مالی نقصان ہوا لیکن کوئی ہلاکت نہیں ہوئی تھی۔

بقیہ 31

دیتے ہیں۔ صبح 9:02 بجے پیش آئے تصادم میں صرف 4 ماہ قبل فضا میں برانڈ نیو ایئر بس اے 321 طیارے کے اگلے حصے کو نقصان پہنچا۔ خوش قسمتی سے جہاز میں سوار تمام مسافر اور عملے کے ارکان محفوظ رہے اور کسی کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں۔ مسافروں اور عملے کو عام سیڑھیوں کے ذریعے بحفاظت باہر نکالا گیا۔ ایئرپورٹ اتھارٹی نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ 32

غیر مجاز راستوں پر 3 جہازوں کو نشانہ بنایا، دیگر علاقوں میں 3 امریکی جہازوں کو نشانہ بنایا۔ سینٹ کام نے کہا کہ ایک امریکی طیارہ بردار جہاز اور ایک گائیڈڈ میزائل تباہ کن جہاز ایران کے متعدد بلا اشتعال حملوں سے بچنے میں کامیاب رہے۔ امریکی افواج کا کوئی اہلکار زخمی نہیں ہوا۔ سینٹ کام کے بیان میں مزید کہا گیا کہ ایران کے ناکام حملوں کے بعد سینٹرل کمانڈ نے ایرانی پاسداران انقلاب سے تعلق رکھنے والے دو تیل بردار ٹینکروں، جزیرہ خارگ کے ساحل کے قریب ڈانی اور جاسک کے قریب سٹارک 1 کو مستقل طور پر ناکارہ کر دیا۔ امریکی افواج نے بحر عمان میں تیل بردار ٹینکر کلو (جسے نوکسن بھی کہا جاتا ہے) کو بھی اس کے متعدد حساس مقامات پر نشانہ بنانے کے بعد تباہ کر دیا۔ عملے کو جہاز خالی کرنے کا حکم دیے جانے کے بعد وہ جہاز مکمل طور پر ناکارہ ہو گیا۔ بیان میں نشاندہی کی گئی کہ تینوں ایرانی آئل ٹینکر اربوں ڈالر کے ایک خفیہ نیٹ ورک کا حصہ ہیں جو ایرانی پاسداران انقلاب اور اس کے علاقائی نمائندوں کی مالی اعانت کرتا ہے۔ ایران کے پاس ان کے دفاع کا کوئی ذریعہ نہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے کمانڈر ایڈمرل بریڈ کوپر نے کہا پاسداران انقلاب کے لیے ہمارا پیغام واضح ہونا چاہیے کہ اگر آپ ہمارے دو جہازوں پر فائرنگ کریں گے تو ہم آپ کے تین جہازوں کو تباہ کر کے آپ پر کہیں زیادہ بڑا معاشی نقصان عائد کریں گے۔ ہم امریکی افواج کے دفاع میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کریں گے اور اگر ضرورت پڑی تو ہم ایران کے محدود اور کمزور تیل کے بیڑے کو تباہ کر دیں گے۔ یہ حملے ایسے وقت کیے گئے ہیں جب واشنگٹن ایران کی بندرگاہوں کا محاصرہ کر کے، اس پر سخت پابندیاں اور اس کے ساتھ لین دین کرنے والے ملکوں پر ثانوی پابندیاں عائد کر کے اسے معاشی طور پر دباؤ میں مبتلا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ساتھ ساتھ امریکہ نے فوجی کارروائی کی دھمکی بھی برقرار رکھی ہوئی ہے۔ فروری کے آخر میں امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کے بعد جنگ چھڑنے کے بعد سے ایران عملی طور پر دنیا کو توانائی کی فراہمی کے لیے انتہائی اہم آبنائے ہرمز کو بند کیے ہوئے ہے۔ امریکہ نے جواباً ایرانی بندرگاہوں پر محاصرہ قائم کر دیا ہے۔ ایک ماہ کی نسبتاً خاموشی کے بعد فریقین کے درمیان حملوں کے تبادلے کے ساتھ حال ہی میں عسکری کشیدگی دوبارہ بڑھ گئی ہے۔ سفارتی راستہ ابھی تک تعطل کا شکار ہے۔

بقیہ 33

موجودہ صورتِ حال پر تبادلہ خیال کیا۔ تینوں وزرائے خارجہ کے درمیان جاری سفارتی کوششوں اور علاقائی کشیدگی کے خاتمے کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی بات چیت ہوئی۔

بقیہ 34

رساں ادارے کے مطابق اپنے بیان میں سابق اسرائیلی جرنیلوں نے کہا کہ اصل خطرہ قابضین کی کارروائیاں ہیں، ایران یا غزہ نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ قانون شکنی اسرائیل کی جمہوریت کے وجود کے لیے خطرہ ہے، مسلح قابضین گھروں، مساجد اور دیہات کو آگ لگا رہے ہیں۔ اقوام متحدہ کے اعداد وشمار کے مطابق رواں سال 3200 سے زائد فلسطینی قابضین کے حملوں میں بے گھر ہوئے۔

بقیہ 35

سے حملہ کیا گیا۔ اس دوران بحری افواج نے دو بارودی کشتیوں کے ذریعے کیے جانے والے ایک مشترکہ حملے کو ناکام بناتے ہوئے، تیسری بارودی کشتی کو دھماکے سے اڑانے کے اگلے ہی دن، انہیں الحدیدہ کے جنوب میں واقع الخوخہ کے ساحل تک پہنچنے سے پہلے ہی تباہ کر دیا۔ یمنی عسکری ذرائع نے اعلان کیا کہ الجراحی کے محاذ پر العمالقہ بریگیڈز کے یونٹوں کی مدد سے قومی مزاحمت کی افواج نے اہم میدانی پیش قدمی کی ہے۔ یہ الحدیدہ کے جنوب میں جبل راس کی طرف جارحانہ کارروائیوں کے ساتھ بیک وقت کی گئی۔ جس کے تزویراتی جبل دباس کے گرد و نواح میں گزشتہ دو دنوں کے دوران ہونے والی شدید جھڑپوں میں حوثی ملیشیا کے سیکڑوں ارکان ہلاک اور زخمی ہوئے۔ قومی مزاحمت کے عسکری میڈیا نے تعز کے مغرب میں البرح کے محاذ پر ملیشیا کو شدید نقصانات سے دوچار کرنے اور دو بارودی ڈرون گرانے اور ہتھیاروں کے ہاتھ لگنے کا اعلان کیا۔ تعز کے مغربی محاذ پر مسلح افواج نے پیش قدمی کی اور کئی ٹیلے اور مقامات واپس لے لیے، جب کہ تعز کے جنوبی محاذ پر افواج نے متعدد مقامات اور ٹیلوں پر کنٹرول حاصل کر لیا۔

بقیہ 36

میں 58 فی صد ایتھوپیائی، 41 فی صد یمنی جبکہ دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کا تناسب 1 فی صد تھا۔ اسی طرح متعلقہ اداروں نے 42 افراد کو غیر قانونی طریقے سے سرحد عبور کر کے مملکت سے باہر جانے کی کوشش کے دوران گرفتار کیا۔ مذکورہ مہموں کے نتیجے میں 21 ایسے افراد کو بھی گرفتار کیا گیا جو اقامہ، ملازمت اور سرحدی سلامتی کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو منتقل کرنے، پناہ دینے، ملازمت فراہم کرنے یا ان کی خلاف ورزی پر پردہ ڈالنے میں ملوث تھے۔ اس وقت قانون کے نفاذ سے متعلق کارروائیوں کا سامنا کرنے والے خلاف ورزی کے مرتکب 29773 غیر ملکیوں کی تعداد ہے جن میں 27845 مرد اور 1928 خواتین شامل ہیں۔ کارروائی مکمل کرنے کے سلسلے میں 18937 خلاف ورزی کرنے والوں کو سفری دستاویزات حاصل کرنے کے لیے ان کے سفارتی مشنوں کے حوالے کیا گیا جبکہ 3240 افراد کے سفری انتظامات مکمل کرنے کے لیے کارروائی کی گئی۔ اسی دوران 12363 افراد کو ملک بدر کر دیا گیا۔ وزارتِ داخلہ نے سرحدی سلامتی کے نظام کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سعودی عرب میں داخل ہونے میں سہولت فراہم کرنے، انہیں مملکت کے اندر منتقل کرنے، پناہ دینے یا کسی بھی شکل میں ان کی کوئی مدد یا خدمت کرنے سے خبردار کیا ہے۔ وزارت نے واضح کیا کہ ان جرائم کی سزا 15 سال تک قید اور 10 لاکھ ریال تک جرمانہ ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ نقل وحمل کے لیے استعمال ہونے والی گاڑی اور پناہ دینے کے لیے استعمال ہونے والی رہائش گاہ کی ضبطی اور خلاف ورزی کرنے والے کی تشہیر بھی سزا میں شامل ہے۔ وزارتِ داخلہ نے زور دے کر کہا کہ یہ افعال سنگین جرائم شمار ہوتے ہیں جن پر گرفتاری لازم ہوتی ہے اور جو دیانت داری کے منافی ہیں۔ وزارت نے شہریوں اور مقیم افراد سے اپیل کی کہ وہ ایسی خلاف ورزیوں کی اطلاع مقررہ سکیورٹی نمبروں پر دیں۔

بقیہ 37

میں خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے۔ اتوار کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے پاکستان اور افغانستان کی سرحد پر دراندازی کی کوشش کرنے والے خوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے موثر اور بروقت کارروائی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سرحدوں کا دفاع اور دہشت گردی کا مکمل خاتمہ اولین ترجیح ہے۔ صدرِ مملکت نے افغان عبوری حکومت پر زور دیا کہ وہ اپنی سرزمین دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ اور انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرست یافتہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے امن و استحکام کے خلاف مذموم عزائم کو مسلسل ناکام بنانے پر پوری قوم کو اپنی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر فخر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف اس جاری جنگ میں پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، پاکستان کی سرزمین سے غیر ملکی حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک عزم استحکام کے وژن کے تحت کارروائیاں بھرپور عزم کے ساتھ جاری رہیں گی۔

بقیہ 38

کامیاب آپریشنز میں فورسز اور خوارجیوں کے درمیان ہونے والی متعدد جھڑپوں میں بھارت حمایت یافتہ 'فتنۃ الخوارج' سے تعلق رکھنے والے ایکس خوارجی ہلاک کر دیئے گئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو اپنی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر فخر ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے مکمل خاتمے کیلئے پر عزم ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد پر 31 اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کے بعد، علاقے میں چھپے ہوئے مزید دس خوارجیوں کو جہنم واصل کیا گیا، اس کے ساتھ ہی، دراندازی کی کوشش کرنے والے اور سیکیورٹی فورسز کے ہاتھوں مؤثر طریقے سے ہلاک ہونے والے خوارجیوں کی کل تعداد پچیس ہو گئی، شمالی وزیرستان میں ہی ایک اور جھڑپ کے دوران، سیکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد کے ساتھ خوارجیوں کے ایک اور گروہ کی نقل وحرکت کا سراغ لگایا، سیکیورٹی فورسز کی ماہرانہ کارروائی کے نتیجے میں سات خوارجی ہلاک کر دیے گئے، دریں اثناء مشترکہ آپریشنز کے دوران کوہاٹ اور ڈیرہ اسماعیل خان کے اضلاع میں دو مختلف جھڑپوں میں مزید چار خوارجیوں کو بھی مؤثر طریقے سے ہلاک کیا گیا، پاک افغان سرحد پر پیش آنے والے ان مسلسل واقعات نے ایک بار پھر پاکستان کے اس مؤقف کی تصدیق کی ہے کہ افغان طالبان حکومت، اپنی سرپرستی میں کام کرنے والی دہشت گرد تنظیم کو سرحد پار دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین استعمال کرنے سے روکنے میں بری طرح ناکام رہی ہے، افغان طالبان حکومت سرحد کے مؤثر انتظام کو یقینی بنانے اور دہشت گردی کے خلاف اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں مسلسل ناکام رہی ہے، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک کی سرحدوں کے دفاع کے اپنے عزم پر ثابت قدم اور غیر متزلزل ہیں، علاقے میں موجود کسی بھی ممکنہ خوارجی کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز کیے جا رہے ہیں، وژن 'عزمِ استحکام' کے تحت ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کی لعنت کا خاتمہ یقینی بنایا جائے گا۔ ادھر وزیراعظم پاکستان نے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ اور انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرست یافتہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے امن واستحکام کے خلاف مذموم عزائم کو مسلسل ناکام بنانے پر پوری قوم کو اپنی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر فخر ہے۔ دہشت گردی کے خلاف اس جاری جنگ میں پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین سے غیر ملکی حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک "عزم استحکام'' کے وژن کے تحت کارروائیاں بھرپور عزم کے ساتھ جاری رہیں گی۔ ادھر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کے پی کے میں کامیاب کارروائیوں کے دوران 21 دہشتگردوں کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے مکمل خاتمے کیلئے پر عزم ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت قوم کا فخر ہیں۔ قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 39

ہوئے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر حادثات سے بچ سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ڈی آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس، ویسٹ زون، بلوچستان ڈاکٹر قریش خان سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ڈاکٹر قریش خان نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو بتایا کہ بلوچستان میں نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس بلوچستان میں فراہم کی جانے والی مختلف عوامی خدمات، بالخصوص روڈ سیفٹی، ٹریفک قوانین کے نفاذ اور ڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولت کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے مختلف امور سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون بلوچستان کی پیشہ ورانہ خدمات اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کو سراہتے ہوئے خصوصی طور پر ڈرائیونگ لائسنسنگ اتھارٹی (DLA) کوئٹہ کی سہولت کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے جدید اور منظم سہولت کی دستیابی صوبے کے عوام کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کے عوام کو اس سہولت سے زیادہ سے زیادہ استفادہ حاصل کرنا چاہیے اور ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے باقاعدہ طریقہ کار اپناتے ہوئے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے اصولوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانا چاہیے تا کہ حادثات سے بچا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کی ڈرائیونگ لائسنسنگ اتھارٹی کا قیام صوبے کے لیے ایک مثبت اور خوش آئند پیش رفت ہے، جو نہ صرف ڈرائیونگ کے معیار کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوگی بلکہ محفوظ اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون ڈاکٹر قریش خان نے وزیراعلیٰ کو بتایا کہ ہماری کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ سہولیات دیکر لوگوں کو مشکلات سے چھٹکارا دلایا جائے۔

بقیہ 40

آزادی، خودمختاری اور سلامتی قائم ہے، پاکستان امن کا خواہاں ہے، تاہم امن کے لیے ہمارا عزم کسی صورت ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ اتوار کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ 1965 کے معرکوں سے لے کر معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی تک، ہماری مسلح افواج نے ثابت کیا ہے کہ 6 ستمبر کا جذبہ آج بھی پوری طرح زندہ اور ناقابلِ شکست ہے، پوری قوم پاک فوج، پاک فضائیہ اور پاک بحریہ کے بہادر سپوتوں اور بیٹیوں کے ساتھ فخر کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، تاہم امن کے لیے ہمارا عزم کسی صورت ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، ہمارے پاس اپنے وطن کے چپے چپے کے دفاع اور ہر قسم کی دہشت گردی و جارحیت کو فیصلہ کن شکست دینے کا عزم اور صلاحیت دونوں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئیے اپنے شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ایسا پاکستان تشکیل دیں جو متحد، پرامن، معاشی طور پر مضبوط اور قائدِ اعظم کے اصولوں ایمان، اتحاد اور نظم وضبط پر کاربند ہو۔ اللہ تعالی ہمارے شہدا کے درجات بلند فرمائے اور ہمارے پیارے وطن پاکستان کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں رکھے۔

بقیہ 41

، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور دیگر اعلی سول و عسکری حکام نے شرکت کی۔ تقریب کے موقع پر پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے یادگار شہدا پر سلامی پیش کی، جبکہ گورنر بلوچستان، وزیراعلی بلوچستان، کور کمانڈر بلوچستان اور دیگر سول و عسکری حکام نے یادگار شہدا پر پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر شہدا کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے وطن عزیز کے دفاع، سلامتی اور خودمختاری کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کیا گیا۔ تقریب میں قومی عزم، حب الوطنی اور شہدا سے عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے اس عہد کی تجدید کی گئی کہ پاکستان کے دفاع اور سلامتی کے لیے دی جانے والی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور شہدا کی عظیم جدوجہد و قربانیوں کو نئی نسل تک منتقل کیا جائے گا۔

بقیہ 42

ہدایت پر حکومت پاکستان نے حالیہ تباہ کن سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے متاثرہ نیپال کے امدادی و بحالی کے اقدامات میں معاونت کے لیے 100 ٹن انسانی امداد نیپال بھیج دی گئی۔ قومی ادارہ برائے قدرتی آفات (این ڈی ایم اے) کے تعاون سے تیار کی گئی امدادی کھیپ چارٹرڈ طیارے کے ذریعے اسلام آباد سے کھٹمنڈو بھیجی گئی۔ اتوار کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق امدادی سامان میں متاثرہ علاقوں کے لوگوں کے لیے خیمے، کمبل، چٹائیاں، حفظانِ صحت کی کٹس اور ادویات شامل ہیں۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر امدادی سامان روانہ کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں پاکستان میں نیپال کے سفیر، وزارت خارجہ، این ڈی ایم اے اور دیگر متعلقہ اداروں کے اعلی حکام بھی موجود تھے۔ حکومتِ پاکستان نے کہا کہ یہ امداد مشکل کی اس گھڑی میں حکومت اور نیپال کے عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی اور تعاون کا اظہار ہے۔

بقیہ 43

پاکستان کے یومِ فضائیہ کے تاریخی موقع پر میں پاک فضائیہ کے تمام اہلکاروں کی شاندار کارکردگی کو سراہتا ہوں اور اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ پاک فضائیہ کے بانیان نے قائدِاعظمؒ کے اس وژن کے مطابق اس ممتاز ادارے کی بنیاد رکھی کہ ہماری فضائیہ دنیا کی بہترین فضائی افواج میں شمار ہو اور اسی مقصد کے تحت اسے تمام شعبوں میں اعلیٰ معیار اور پیشہ ورانہ مہارت کے حصول کے لیے ترقی دی گئی، ہمیں فخر ہے کہ پاک فضائیہ نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران فضائی معرکوں میں اپنی صلاحیت، پیشہ ورانہ برتری اور غلبے کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ عرصے میں پاک فضائیہ نے برادر افواج کے ساتھ ہم آہنگی اور اشتراکِ عمل کے ذریعے معرکہ حق میں فیصلہ کن کردار ادا کیا اور دشمن پر ایسا کاری وار کیا جس نے پوری دنیا کو حیرت زدہ کر دیا، بلاشبہ پاک فضائیہ کی یہ شاندار کارکردگی جرات مندانہ قیادت، جنگی عملے کی حربی مہارت، بہترین منصوبہ بندی اور کثیر الجہتی جنگی صلاحیتوں کے مربوط اور مؤثر استعمال کا نتیجہ تھی جو جدت اور مقامی دفاعی صلاحیتوں کے فروغ کی حکمتِ عملی کے تحت حاصل کی گئی، مجھے فخر ہے کہ پاک فضائیہ نے ایک بار پھر تعداد میں کم ہونے کے باوجود مقابلہ کرنے کی شاندار روایت کو برقرار رکھا جو ہمیشہ سے اس کا طرہ امتیاز ہے۔

بقیہ 44

وزیراعظم کے سامنے رکھ دیا گیا، مجوزہ ڈرافٹ اعلی سطح کی خصوصی کمیٹی نے وزیراعظم کو پیش کیا۔ مجوزہ ڈرافٹ میں اسلام آباد کی 27 رکنی اسمبلی قائم کرنے کی سفارش کی گئی ہے، اسلام آباد کی اپنی اسمبلی، چیف ایگزیکٹو اور 27 انتظامی محکمے ہوں گے۔ اسمبلی کے 21 ارکان براہ راست عوام کے ووٹ سے منتخب کرنے کی تجویز ہے، قومی اسمبلی کے ہر حلقے سے اسلام آباد اسمبلی کی 7 نشستیں رکھنے کی تجویز ہے۔ خواتین کے لیے 5 اور اقلیتوں کے لیے ایک نشست مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اسلام آباد کے چیف ایگزیکٹو کیلئے وزیراعلی یا میئر کا عہدہ رکھنے کی تجویز ہے، شہر کے 27 انتظامی محکمے اسلام آباد حکومت کے ماتحت رکھنے کی تجویز ہے۔ صحت، تعلیم، ماحولیات اور شہری سہولیات مقامی حکومت کی ذمہ داری ہوگی، قانون، امن اور ماسٹر پلاننگ کے شعبے وفاق کے پاس ہی رکھنے کی تجویز ہے۔ سی ڈی اے سمیت مختلف اداروں کے اختیارات کے بھی دوبارہ تعین کی تیاریاں جاری ہیں۔ مجوزہ ڈرافٹ کے مطابق اسلام آباد اسمبلی کے انتخابات کرانے کی ذمہ داری الیکشن کمیشن کی ہوگی، امن وامان اور ماسٹر پلاننگ کے معاملات وفاق وزارت یا گورنر کے ذریعے چلائے گا، اسلام آباد اسمبلی کو صوبائی طرز کے انتظامی اور مالی خودمختاری ہوگی۔ سی ڈی اے کے تمام اختیارات اور فرائض اسلام آباد مقامی حکومت کو منتقل کرنے کی سفارش کی گئی ہے، لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت کام کرنے والے دیگر ادارے بھی مقامی حکومت منتقل کرنے کی تجویز ہے۔ اسلام آباد مقامی حکومت اپنے امور چلانے کے لیے قواعد کار خود مرتب کرے گی۔ اسلام آباد کے انتظامی امور چلانے کے لیے چیف سیکرٹری اور 4 سیکرٹریز تعینات کرنے کی سفارش کی گئی ہے، چاروں سیکرٹریز کو مختلف انتظامی گروپس اور محکموں کی ذمہ داری دینے کی تجویز ہے۔ پورے پاکستان کے لیے قائم وفاقی ادارے اسلام آباد میں بھی بدستور کام جاری رکھیں گے۔ اعلی سطح کی خصوصی کمیٹی میں وفاقی وزراء احسن اقبال اور محسن نقوی شامل تھے، رانا ثنااللہ اور وفاقی وزیر مصدق ملک نے بھی ماڈل کی تیاری میں کردار ادا کیا۔

بقیہ 45

اسمبلی کے قیام کی سفارش کی گئی ہے، جس میں 21 ارکان براہِ راست عوام کے ووٹ سے منتخب کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی کے ہر حلقے سے سات نشستیں رکھنے کی تجویز جبکہ خواتین کے لیے پانچ مخصوص اور اقلیتوں کے لیے ایک نشست مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ مجوزہ گورننس ماڈل کے تحت صحت، تعلیم، ماحولیات، شہری سہولیات اور مقامی حکومتوں سمیت متعدد انتظامی امور منتخب حکومت کے حوالے کرنے کی تجویز ہے، جبکہ قانون وامن اور اسلام آباد کی ماسٹر پلاننگ وفاق کے پاس رکھنے کی سفارش کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق سی ڈی اے سمیت مختلف اداروں کے اختیارات بھی ازسرنو ترتیب دیے جائیں گے تا کہ دارالحکومت میں اختیارات کے بکھرے ہوئے نظام کو ایک مربوط انتظامی ڈھانچے میں تبدیل کیا جا سکے۔ اسلام آباد کے لیے جامع قانونی فریم ورک اور نئی قانون سازی کی تیاری بھی مجوزہ منصوبے کا حصہ ہے، جس سے وفاقی دارالحکومت کے موجودہ گورننس اور انتظامی نظام میں نمایاں تبدیلی متوقع ہے۔ نئے گورننس ماڈل کی تیاری کے لیے قائم خصوصی کمیٹی میں وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ اور وفاقی وزیر مصدق ملک سمیت سیکرٹری داخلہ اور سیکرٹری کابینہ شامل رہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے مستقبل کے انتظامی نقشے سے متعلق کمیٹی کی رپورٹ وزیراعظم کو پیش کردی گئی ہے، جبکہ رپورٹ پر حتمی فیصلہ وزیراعظم کریں گے۔

بقیہ 46

مشعل راہ ہیں۔ نائب وزیراعظم نے شہدا کے اہل خانہ کی بے مثال قربانیوں کو بھی سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق اور آپریشن بنیان المرصوص میں بھی مسلح افواج نے غیر معمولی جرات کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خلاف جنگ کے دوران سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کے لیے مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پرامن حل ضروری ہے۔ انہوں نے پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی مفاد کے دفاع کے عزم کی تجدید کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہر چیلنج کا اعتماد، وقار اور عزم کے ساتھ مقابلہ کرے گا۔

بقیہ 47

افواج کی جانب سے غازیوں اور شہدا کے اہلخانہ کے لئے اظہار تکریم وتشکر کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 6 ستمبر قومی اتحاد، عزم اور جرات کی لازوال علامت ہے، 1965 کی جنگ میں پاکستانی قوم مادر وطن کے دفاع کے لیے متحد ہو کر کھڑی ہوئی، شہدائے پاکستان فرض، عزت اور قربانی کی اعلیٰ ترین اقدار کی علامت ہیں، میدان جنگ، فضاؤں اور سمندروں میں وطن کے محافظوں نے جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہدا کی لازوال قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں، شہدا کے خاندان استقامت اور حوصلے کی پائیدار علامت ہیں۔ پاکستان کے غازیوں کو بھی خراج تحسین، جو بہادری اور ثابت قدمی سے ملکی سرحدوں کی حفاظت کر رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مسلح افواج ملکی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی مفادات کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں، پاکستان خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کا خواہاں اور پرامن بقائے باہمی کے لیے پرعزم ہے، امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، پاکستان کے خلاف کسی بھی جارحیت کا فوری اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ مسلح افواج نے پاکستان اور پاکستانی عوام سے غیر متزلزل وفاداری اور خدمت کا عہد تجدید کرتے ہوئے کہا کہ شہدا کی عظیم قربانیاں، غازیوں کا جذبہ اور شہدا کے خاندانوں کی استقامت قومی طاقت اور فخر کا سرچشمہ رہیں گے۔ افواج پاکستان زندہ باد، پاکستان ہمیشہ پائندہ باد۔

بقیہ 48

۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو مکالمے میں شامل کریں پھر بات ہوگی، پی ٹی آئی سندھ کے عوام اور ان کے حقوق کے ساتھ ہے۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ فارم 47 کی اس اسمبلی کو مانتے ہیں نہ 26 ویں اور 27 ویں ترمیم کو، ان اسمبلیوں کو آئینی ترمیم کا کوئی حق حاصل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ شفاف الیکشن اور عوام کے نمائندوں کو اسمبلی میں لائیں پھر بات کریں۔ ان سے سوال کیا گیا کہ محسن نقوی نے کہا کہ انتظامی یونٹ بن کر رہیں گے، آپ کیا کہتے ہیں؟ اس پر جواب میں کہا کہ اس عمل میں شامل نہیں ہونگے جب تک بانی پی ٹی آئی کی رائے نہ آجائے۔

بقیہ 49

نے کہا کہ چور ڈاکو جیل میں ڈیل کرتے تھے، پہلی بار انہیں ٹکر کا لیڈر ملا، وہ سمجھتے تھے پی ٹی آئی کا لیڈر جیل میں ٹوٹ جائے گا۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ جعلی حکومت سپریم کورٹ کا حکم ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتی ہے، ججز کے فیصلے کو نہ ماننا عدلیہ کی تذلیل ہے، 27 ویں ترمیم کے بعد عدلیہ مفلوج ہوگئی۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ پارٹی رہنماؤں کو انصاف نہیں دیا جا رہا، بانی پی ٹی آئی کو جیل سے باہر نکالنا ہے، اگر ہم سوئے رہے تو لٹیرے اقتدار میں رہیں گے۔

بقیہ 1

زیر غور آئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے انسداد دہشت گردی کے شعبے میں میجر جنرل فیصل نصیر کی گراں قدر خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 2

ہے، 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں مزید 70 روپے کا اضافہ کر دیا گیا، جس کے بعد قیمت 2 ہزار 850 روپے سے بڑھ کر 2 ہزار 920 روپے تک پہنچ گئی۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ فلور ملز مالکان نے گندم کی دستیابی میں مشکلات اور قیمتوں میں اضافے کو آٹے کی قیمت بڑھنے کی بڑی وجہ قرار دیا ہے۔ فلور ملز مالکان کا کہنا ہے کہ مارکیٹ میں گندم کی دستیابی متاثر ہونے کے ساتھ اس کی قیمت میں بھی اضافہ ہوا ہے، جس کے باعث آنے والے دنوں میں آٹے کی قیمت میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب آٹے کی قیمت میں اضافے پر شہریوں اور صارفین نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بڑھتی ہوئی قیمتوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور آٹے کی قیمتوں میں کمی کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے پہلے ہی گھریلو بجٹ شدید متاثر کر رکھا ہے، ایسے میں آٹے کی قیمت میں مزید اضافہ عوام کے لیے اضافی مالی بوجھ کا باعث بن رہا ہے۔ یاد رہے کہ چند ماہ قبل گندم کی نئی فصل مارکیٹ میں آنے کے بعد آٹے کی قیمت سابقہ ادوار میں ان مہینوں میں 1200 سے 1500 روپے تک ہوتی لیکن اس وقت 2950 روپے میں 20 کلو آٹے کا تھیلا مل رہا پرائس کنٹرول کمیٹی اور انتظامیہ کی خاموشی باعث تشویش ہے۔

بقیہ 3

سے افراد فرار ہو گئے واقعے کے بعد پولیس نے پورے علاقے کی ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دی ڈیرہ مراد جمالی میں بارہ سالہ بچے کے ساتھ تین افراد کی اجتماعی بدفعلی بچے کو تشویش ناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود ریلوے پھاٹک روڈ پر قائم ہوٹل میں کام کرنے والے بارہ سالے بچے ساجد علی کو زبردستی تین افراد بلال عبدالقیوم اور آصف نے اجتماعی بدفعلی کا نشانہ بنایا جس کے باعث بچے کی حالت غیر ہونے کے باعث اس کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا واقعے کی اطلاع پر پولیس کی کاروائی واقعے میں ملوث تینوں ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔

بقیہ 4

موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ آج ہم اپنی مسلح افواج، شہداء، غازیوں اور ان کے اہل خانہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے ملک کے دفاع اور سلامتی کیلئے بیشمار قربانیاں دیں۔ موجودہ دور میں ملکی دفاع کا تصور صرف سرحدوں کے تحفظ تک محدود نہیں بلکہ قومی یکجہتی، معاشی استحکام، تعلیم، ترقی، امن اور مضبوط ادارے بھی قومی سلامتی کے اہم ستون ہیں۔ پاکستان کی سربلندی اور قومی وقار کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہمیں شہداء کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک مضبوط، پرامن، ترقی یافتہ اور متحد پاکستان کی تعمیر کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 5

نکالی ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر یوم دفاع کے شہداء کو خراج عقیدت کے حوالے سے نعرے درج تھے۔ ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی ڈی سی آفس کوئٹہ میں پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی ریلی کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو پاکستان کے شاہینوں نے طاقتور دشمن کو ناکوں چنے چباتے ہوئے شکست فاش دی تھی اور اس کو برقرار رکھتے ہوئے گزشتہ سال بھی اپنے ازلی دشمن بھارت کو ایک پھر عبرتناک شکست دی جس پر ہم اپنے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں کیونکہ پاک فوج نے ہمیشہ وطن عزیز کے دفاع کو مضبوط بناتے ہوئے دشمنوں کو شکست سے دوچار کیا ہے۔

بقیہ 6

مثال قربانیاں دی ہیں، قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے پوری قوم متحد ہے اور ملک کے دفاع کے لیے دی جانے والی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ 7

دفاع اور امن کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ پاکستان کی مضبوطی، سلامتی اور خوشحالی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہمیں اتحاد، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کو فروغ دیتے ہوئے ایک مضبوط، پرامن اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ شہداء کی قربانیاں ہمارا قومی سرمایہ ہیں، ہم انہیں کبھی فراموش نہیں کریں گے۔

بقیہ 8

میں پاکستان پیپلز پارٹی مزید فعال اور منظم ہوگی یہ بات انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے زیر اہتمام پشتون آباد، بلوچ خان میں شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر قوم پرست جماعتوں سے مستعفی ہو کر درجنوں افراد پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، صدر مملکت آصف علی زرداری محترمہ فریال تالپور، بی بی آصفہ بھٹو، کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے باقاعدہ پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ مقررین نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو پاکستان پیپلز پارٹی میں خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوریت اور ترقی کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پارٹی کو کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں مزید فعال اور مضبوط بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی واحد سیاسی و جمہوری جماعت ہے جو عوام اور پارلیمنٹ کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے اور پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کی مضبوطی کیلئے جانوں کے نذرانے دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی ہے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کی اور یکساں بنیادوں پر ترقیاتی کام کرائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوام کے مسائل حل کرنے اور انکو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور تاریخ میں پہلی مرتبہ صوبے کے تمام حلقوں کو یکساں بنیادوں پر فنڈز فراہم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جوق در جوق پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو چکی ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی عوام کو مسائل سے نجات دلاسکتی ہے۔

بقیہ 9

، میر جمال خان کلپر سمیت دیگر سیاسی وقبائلی عمائدین اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تعزیتی ریفرنس کے دوران شرکاء نے میر غلام قادر بگٹی مرحوم کی سیاسی وسماجی خدمات، اصول پسندی، خودداری، علم دوستی اور جمہوری جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کیا۔ مقررین نے کہا کہ میر غلام قادر بگٹی نے اپنے دور میں علم وشعور کے فروغ اور اپنے لوگوں میں سیاسی وسماجی بیداری پیدا کرنے کے لیے قابل قدر کردار ادا کیا، جبکہ ان کی جدوجہد اور خدمات آج بھی نئی نسل کے لیے مشعل راہ ہیں۔ اس موقع پر مرحوم میر غلام قادر بگٹی کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ شرکاء نے مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا کی، جبکہ شرکاء میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔

بقیہ 10

تعزیت کا اظہار کیا اس موقع پر صوبائی وزراء اور اعلی حکام بھی موجود تھے وزیر اعلی نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو جوار رحمت میں اعلی مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 11

ملک موجودہ مقام سے غیر ملکی زرمبادلہ میں، بینکنگ چینلز کے ذریعے، اپنے کاروباری بینک اکاؤنٹ میں اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مقررہ طریقہ کار کے مطابق موصول ہو۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے متعلقہ انڈسٹری کو ہدایت کی ہے کہ وہ قابل اطلاق قوانین کے تحت رجسٹریشن، درست ٹیکس رپورٹنگ، بروقت ریٹرن فائلنگ اور ٹیکس ادائیگی سمیت اپنی تمام قانونی ذمہ داریاں پوری کریں۔ اتھارٹی نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین کی تعمیل سے شفاف ٹیکس نظام، بہتر ٹیکس انتظام اور صوبائی محصولات میں اضافے کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے۔

بقیہ 12

) سٹی (محمد امیر حمزہ، اسسٹنٹ کمشنر) سریاب (مصور اچکزئی اور اسسٹنٹ کمشنر) صدر (محمد یوسف ہاشمی نے

کی۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے روانہ ہو کر شہر کی مختلف اہم شاہراہوں سے گزرتی ہوئی سرینا چوک پہنچی، جہاں شرکا نے ملکی دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر شرکا کا کہنا تھا کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم اور قابل فخر دن ہے، جب قوم نے اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر قومی اتحاد، عزم اور جذبہ حب الوطنی کا مظاہرہ کیا۔ یوم دفاع ہمیں ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے وطن کے دفاع اور سلامتی کے لیے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر فرائض انجام دیے۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے پوری قوم متحد ہے اور ملکی دفاع کے لیے دی گئی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں قوم کے لیے مشعل راہ ہیں اور ان کی یاد کو زندہ رکھنا ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے۔ ریلی کے شرکا نے قومی یکجہتی، امن، ترقی اور ملکی استحکام کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ایک مضبوط اور خودمختار ملک ہے اور قوم کسی بھی چیلنج کا مقابلہ اتحاد، نظم و ضبط اور باہمی یکجہتی کے ذریعے کرنے کے لیے تیار ہے۔ ریلی کے اختتام پر ملک کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اس موقع پر شہدا کے درجات کی بلندی اور ان کے اہل خانہ کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی گئی۔ یوم دفاع کے موقع پر منعقدہ ریلی نے کوئٹہ میں قومی جذبے اور یکجہتی کی ایک خوبصورت مثال پیش کی، جہاں سرکاری افسران، اہلکاروں اور عام شہریوں نے مل کر وطن عزیز سے اپنی محبت اور دفاع پاکستان کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 13

ملک بھارت پر واضح کر دیا کہ پاکستان کی فوج پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے لبریز فوج ہے جو اپنے عوام کے دفاع اور کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان منانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہم بحیثیت قوم پاکستان کی تعمیر و ترقی اور قیام امن کیلئے جاری کوششوں میں سیکورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں پل پل بدلتی صورتحال کے پیش نظر پورے ملک کے عوام، سیاسی جماعتیں ودیگر لوگ اپنے تمام تر سیاسی ودیگر اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ملک کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور قیام امن کیلئے افواج پاکستان و دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کے ذریعے ملک کو درپیش اندرونی و بیرونی چیلنجوں سے مقابلہ کرنے کیلئے اپنا اہم کردار ادا کریں۔

بقیہ 14

کی کوئی دوسری مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے اپنے خصوصی پیغام میں وطن عزیز کے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دفاع وطن کے لیے جان نچھاور کرنے والے بہادر سپوتوں کو قوم سلام پیش کرتی ہے۔ دفاع وطن کے لئے اپنی قیمتی جانیں نچھاور کرنے والے شہداء ہماری آن، بان اور شان ہیں۔ آج پوری قوم شہدائے وطن اور ان کے خاندانوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں آج اس عزم کا اعادہ کرنا ہے کہ وطن کے دفاع کی خاطر اپنی جانوں کی قربانی سے بھی گریز نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ 6 ستمبر یوم دفاع پر پوری قوم پاک فوج کو دلی خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ معرکہ حق کی کامیابی نے قوم کے حوصلوں کو بلند کیا اور ہم سب اپنی افواج کو سلام پیش کرتے ہیں۔ 6 ستمبر کا یہ یادگار دن ہمیں شہداء اور غازیوں کے جذبہ ایثار اور دفاع وطن کے عزم کی یاد دلاتا ہے۔

بقیہ 15

دھماکے سے پھٹ گئے جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار اور ایک راہ گیر سمیت 2 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ دھماکوں اور فائرنگ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی پولیس کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم ملزمان کی جانب سے تھانہ شالکوٹ پر یکے بعد دیگرے 3 دستی بم پھینکے گئے جو تھانے کے قریب گر کر زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے جس سے ایک پولیس اہلکار اور راہگیر زخمی ہو گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی پولیس کی جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہو گئے۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 16

پرست، قومی و مقامی سیاسی جماعتوں کو چیلنج کرتا ہوں کہ جماعت اسلامی کی طرح نوجوانوں کو ہنر اور تعلیم فراہم کر کے دکھائیں، یتیموں کی کفالت کر کے دکھائیں، معیاری ہسپتال اور کامیاب تعلیمی ادارے قائم کر کے دکھائیں۔ عوام نے ووٹ کے ذریعے جماعت اسلامی پر اعتماد کیا تو ہم بلوچستان میں مزید عوامی اور انقلابی تبدیلی لائیں گے۔ ہم سیاست کو اقتدار کے حصول کے بجائے عوام کی خدمت، تعلیم، صحت، روزگار اور خوشحالی کا ذریعہ بنانا چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیر آباد میں الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے ہو قابل سرٹیفکیٹس ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 17

بالی اسکلز ہب کے پہلے بیچ کے 120 طلبہ وطالبات میں کورس مکمل کرنے پر سرٹیفکیٹس جبکہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 15 طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے گئے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کے بعد مختلف مقررین نے جدید علوم، ٹیکنالوجی، فری لانسنگ، مصنوعی ذہانت اور آن لائن کامرس کی اہمیت پر اظہار خیال کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ قوموں کی ترقی کا عمل جدید علوم اور ٹیکنالوجی کے فروغ سے ممکن ہے، جبکہ موجودہ دور میں کمپیوٹر اور مصنوعی ذہانت (AI) کی تعلیم انتہائی ضروری ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہنرمند شخص دنیا کے کسی بھی حصے میں جائے، اس کی مہارت روزگار کے حصول کا بہترین ذریعہ بن سکتی ہے اور اسے دنیا سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے طلبہ وطالبات پر زور دیا کہ وہ بالی اسکلز ہب سے حاصل کردہ مہارتوں کو محض ذاتی روزگار تک محدود نہ رکھیں بلکہ انہیں سماجی بہتری، ثقافت کے فروغ اور معاشی استحکام کے لیے بھی استعمال کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بلوچستان میں پلاسٹک بیگز کے متبادل کے طور پر ماحول دوست اور ثقافتی مصنوعات موجود ہیں، جنہیں کمپیوٹر، مصنوعی ذہانت اور جدید مارکیٹنگ کی مدد سے عالمی سطح پر متعارف کرایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزری کے پتوں سے تیار کردہ ٹوکریاں اور دیگر روایتی اشیاء نہ صرف ہماری ثقافت کا حصہ ہیں بلکہ انہیں آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے ملک اور بیرون ملک فروخت کر کے مقامی ہنرمندوں کے لیے معاشی مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ یاسر اقبال دشتی نے نوجوانوں کو آن لائن کامرس اور فری لانسنگ کی طرف توجہ دینے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں نوجوان اپنے گھروں اور علاقوں میں رہتے ہوئے دنیا کی مختلف مارکیٹوں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر تجارت اور مقامی معیشت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بالی اسکلز ہب کے قیام اور شاہ دوست دشتی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو جدید علوم اور ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے کے لیے اس نوعیت کے تربیتی پروگرام وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ نوجوان اپنی صلاحیتوں کے ذریعے معاشرے کے مثبت پہلوؤں کو دنیا کے سامنے اجاگر کر سکتے ہیں۔ اس موقع پر بالی اسکلز ہب کے اونر شاہ دوست دشتی نے کہا کہ نوجوانوں کو جدید علوم، ٹیکنالوجی اور عملی مہارتوں سے بہرہ مند کرنے کے مقصد سے بالی اسکلز ہب کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے بیچ کے 120 طلبہ وطالبات نے کامیابی سے کورس مکمل کیا ہے، جبکہ 15 نمایاں طلبہ میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے گئے ہیں۔ شاہ دوست دشتی نے کہا کہ دنیا میں ایسی متعدد مثالیں موجود ہیں جہاں نوجوان جدید ٹیکنالوجی، فری لانسنگ اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے خطیر آمدنی حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کا مقصد نوجوانوں کو با اختیار بنانا ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے روزگار کے نئے مواقع حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے دیگر ممالک میں نوجوان مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے نئی مہارتیں حاصل کر رہے ہیں، اس لیے بلوچستان کے نوجوانوں کو بھی اس میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ نوجوانوں کی تربیت کا یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور بالی اسکلز ہب مستقبل میں بھی مختلف تربیتی پروگرام منعقد کرے گا۔ تربت پریس کلب کے سینئر صحافی طارق مسعود نے کہا کہ جدید دور میں ٹیکنالوجی کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ ہمارے نوجوانوں کے پاس صلاحیت اور مواقع موجود ہیں، تاہم انہیں مناسب رہنمائی اور تربیت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کے لیے اسکلز پروگرام شروع کرنے پر شاہ دوست دشتی کی کاوشوں کو قابل ستائش قرار دیا۔ تقریب سے کورس مکمل کرنے والے طلبہ وطالبات نے بھی اظہار خیال کیا اور بالی اسکلز ہب کے زیر اہتمام تربیتی کورس کے انعقاد کو مثبت اقدام قرار دیتے ہوئے ادارے کے منتظمین اور بالخصوص شاہ دوست دشتی کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں انجمن تاجران کیچ کے صدر نثار آدم جوسکی، اعجاز علی محمد جوسکی، پی ڈی ایم اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر ریحان دشتی، انجمن تاجران مکران کے صدر اسحاق روشن دشتی، کیچ تھیلیسیمیا کیئر سینٹر کے سربراہ ارشاد عارف، میران حیات، محراب بلوچ، اسپورٹس آفیسر کیچ غفار دشتی، جمیل عمر، سماجی رہنما احد الٰہی میروزئی سمیت طلبہ و طالبات، والدین، سرپرستوں اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر کورس مکمل کرنے والے طلبہ وطالبات میں سرٹیفکیٹس جبکہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 15 طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپس تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 18

افواج کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ شہداء اور غازیوں کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ سردار سحر گل خان خلجی نے کہا کہ آج ہمیں یوم دفاع کے جذبے کو صرف تقریبات تک محدود رکھنے کے بجائے ملک کی ترقی، استحکام، امن اور قومی اتحاد کے لیے عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔

بقیہ 19

پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی افواج نے ہمیشہ ملک دشمن عناصر کے عزائم کو جرات اور بہادری کے ساتھ خاک میں ملایا ہے جس طرح 1965 کی جنگ میں دشمن بھارت کے حملے کو ناکام بنا کر اس کے عزائم مٹی میں ملائے ایک سال بعد بھی اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اپنے سے زیادہ طاقتور دشمن کو نیست و نابود کیا ہم پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے پاک فوج نے ہمیشہ ملکی سرحدی کی حفاظت کرتے ہوئے دشمنوں کی سازشوں اور حملوں کو ناکام بنایا ہے مظاہرین پاک فوج اور 1965ء کے شہداء کے حق میں یوم دفاع کے حوالے سے نعرہ بازی کرتے ہوئے پر امن طور پر منتشر ہو گئے۔

بقیہ 20

رحم، صبر، امانت، دیانت اور حسن اخلاق کا ایسا مثالی نظام قائم فرمایا جس کی مثال پوری انسانی تاریخ میں نہیں ملتی۔ مولانا احمد علی مدنی نے کہا کہ مسلمان اپنے گھروں، بازاروں، معاملات اور معاشرتی زندگی میں سنت نبوی ﷺ کو زندہ کریں، کیونکہ حقیقی محبت رسول ﷺ کا تقاضا یہ ہے کہ آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کو سیرت طیبہ ﷺ سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ اسلامی اقدار، اعلیٰ اخلاق اور سنت رسول ﷺ کو اپنی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ آخر میں انہوں نے امت مسلمہ کے اتحاد، اصلاح معاشرہ اور سنت نبوی ﷺ پر عمل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حضور اکرم ﷺ کی سچی محبت اور آپ ﷺ کی سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 21

اور تاریخی جدوجہد کے نتیجے میں پارلیمان نے آئین پاکستان کی دوسری ترمیم کے ذریعے قادیانی جماعت کو غیر مسلم اقلیت قرار دے کر عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے ریاست کا آئینی نقطہ نظر واضح کیا۔ انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ہر مسلمان کے بنیادی ایمانی عقائد میں شامل ہے۔ ختم نبوت کا عقیدہ ہمارے ایمان کی اساس اور اسلامی تشخص کا بنیادی جزو ہے جس کے تحفظ کے لیے مسلمان ہر قسم کی قربانی دینے کو اپنے لیے سعادت سمجھتے ہیں۔ رہنماں نے کہا کہ 7 ستمبر 1974 کا دن ہمیں اپنے اکابر علماء کرام کی لازوال جدوجہد اور تاریخی کردار کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے آئینی قانونی اور پارلیمانی راستے سے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے بھرپور کردار ادا کیا یہ تاریخی جدوجہد ہماری آئینی و اسلامی تاریخ کا ایک روشن باب ہے اور نئی نسل کو اپنے اکابر کی خدمات اور ان کے اصولی کردار سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم ختم نبوت محض ایک تاریخی واقعے کی یاد تازہ کرنے کا دن نہیں بلکہ تجدید عہد کا دن بھی ہے۔ علماء کرام خطباء اور عوام الناس کو چاہیے کہ 7 ستمبر کے موقع پر عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت کو اجاگر کریں نئی نسل کو اس عظیم ایمانی عقیدے سے روشناس کرائیں اور انہیں پاکستان کی آئینی تاریخ میں علماء کرام کی جدوجہد اور قربانیوں سے آگاہ کریں انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل سیرت طیبہ ﷺ کو اپنی زندگی کا عملی نمونہ بنائے اتباع رسول ﷺ کو اپنی ترجیحات میں شامل کرے اور فیشن وثقافت کے نام پر غیر اسلامی تہذیب وروایات کی اندھی تقلید سے اجتناب کرے۔ ہماری حقیقی کامیابی اسی میں ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو قرآن وسنت اور اسوہ رسول اکرم ﷺ کے مطابق ڈھالیں اور اپنی اسلامی و ملی شناخت کو مضبوط بنائیں۔

بقیہ 22

خان ناصر نے کہا کہ نصیب اللہ بازئی کی قومی و پارلیمانی خدمات قابل قدر ہیں۔ انہوں نے ان کی جلد صحتیابی اور مکمل تندرستی کے لیے دعا بھی کی۔ سابق سینیٹر نصیب اللہ بازئی نے عیادت اور نیک خواہشات پر قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا شکریہ ادا کیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے اس موقع پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نصیب اللہ بازئی کو جلد صحت کاملہ عطا فرمائے اور انہیں مکمل صحت وتندرستی کے ساتھ اپنے معمولات زندگی کی طرف لوٹنے کی توفیق دے۔

بقیہ 23

کے پاس کوئی منصوبہ بندی نہیں زراعت، گلہ بانی اور صنعتیں تباہ ہو چکی ہیں اب پورے ملک کی نظریں بلوچستان کے بیش بہا وسائل پر لگی ہوئی ہیں دوسری جانب درآمدات اور پٹرولیم مصنوعات پر ظالمانہ ٹیکسز ہی ملکی آمدنی کے ذرائع بن چکے ہیں مہنگائی اور بیروزگاری نے لوگوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے کوئی موثر منصوبہ بندی کے بجائے حکمران قومی وحدتوں کو درجنوں انتظامی یونٹوں میں تبدیل کرنے پر تلے ہوئے ہیں جو غیر منطقی اور غیر ضروری ہے، مقررین نے واضح کیا کہ نیشنل پارٹی ہی واحد سیاسی جماعت ہے جو سیاسی جمہوری جدوجہد کے ذریعے بلوچستان کے عوام کو موجودہ بدترین صورتحال سے نکالنے کی آخری امید ثابت ہو سکتی ہے اس لیئے لازمی ہے کہ پارٹی کی تنظیم کو منظم کیا جائے نظم وضبط پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے اور پارٹی کو گھر گھر تک پہنچانے کے لیئے تنظیم کاری کی جائے، اجلاس نے 13 ستمبر کے ضلع کونسل اجلاس کو موثر بنانے کے لیئے مختلف تجاویز پر غور کیا اور ہفتہ وار اجلاسوں کے تسلسل کو جاری رکھنے کے امر کا اعادہ کیا۔

بقیہ 24

کے عوام ہمیشہ سے پاکستان کی سلامتی کے لیے صف اول میں رہے ہیں۔ آج بھی ہم عہد کرتے ہیں کہ وطن کی ایک انچ زمین پر بھی کسی کو آنچ نہیں آنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ موجودہ حالات میں ہمیں اپنی معاشی، تعلیمی اور سماجی سرحدوں کی حفاظت بھی اسی جذبے سے کرنی ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان بلوچستان حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ میں تمام شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

بقیہ 25

کے ایک ایک انچ کا دفاع کرنا جانتی ہیں بلکہ امن قائم رکھنے کا حوصلہ بھی رکھتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو یوم دفاع کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کے شرکا 6 ستمبر 1965 تاریخ کا وہ باب ہے جو پاکستانی قوم کبھی نہیں بھولتی اس دن ہمارے بہادر سپوتوں نے جرات، ہمت اور بہادری کی وہ مثال قائم کی جس سے ہر پاکستانی کا سر فخر سے بلند ہے، رات کی تاریکی میں جب بھارت نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لاہور پر حملہ کیا تو پاک فوج کے شیر دل جوانوں نے ایسی بے مثال جرات دکھائی کہ آج 25 کروڑ عوام اور بچہ بچہ میجر شہید عزیز بھٹی بننے اور نشان حیدر حاصل کرنے کا عزم رکھتا ہے، اسی طرح جرات کی وہ مثال بھی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی جب ایم ایم عالم نے دشمن کے پانچ طیارے لمحوں میں تباہ کر کے ستارہ جرات اپنے نام کیا۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں شہدا کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے ہمیں اپنے شہدا پر فخر ہے اور ان کے اہل خانہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں شہدا کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے وطن کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے جس کا عملی مظاہرہ افواج پاکستان نے معرکہ حق کے دوران پیش کیا اور دشمن کو منہ کی کھانی پڑی۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں وطن عزیز کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا اور غازیوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے یہ دن ہمیں اتحاد، قربانی اور حب الوطنی کا سبق دیتا ہے ہمیں چاہیے کہ ہم سب مل کر پاکستان کے استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور وطن کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ یکجہتی کے ساتھ کریں۔

بقیہ 26

نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان قریبی تعاون سے ہی سکیورٹی چیلنجز کا موثر اور دیرپا مقابلہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کا مقصد ہر صورت ریاستی رٹ کو مضبوط بنانا، دہشت گردی کا خاتمہ، عوام کی جان و مال کا تحفظ اور صوبے میں معمولات زندگی کو بحال رکھنا ہے۔ بلوچستان کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں اور ریاست ان قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

بقیہ 27

نے کہا کہ سپریم کورٹ کے پانچ رکنی بنچ نے آئین کے آرٹیکل 189 کے تحت تمام اداروں کو پابند کیا ہے کہ ڈپلومہ اور بی ٹیک انجینئرز کے پروموشن اور دیگر معاملات پر قوانین کے مطابق عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے کیونکہ این ٹی سی (NTC) کی رجسٹریشن کو پی ای سی کی رجسٹریشن کے مساوی قرار دینے کے فیصلے نے ڈپلومہ اور بی ٹیک انجینئرز کی پروموشن میں رکاوٹوں کو دور کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق ملک بھر کی ڈپلومہ اور بی ٹیک انجینئرز کو ترقیاں دی گئی ہیں لیکن بلوچستان کے مختلف ڈیپارٹمنٹس میں ترقیاں نہیں دی گئیں لہٰذا ان ڈیپارٹمنٹس میں ترقیوں پر عملدرآمد کیا جائے۔

بقیہ 28

پیاز کی فصل کو بھی بروقت یوریا کھاد کی ضرورت ہے، جبکہ اس کے بعد گندم، جو اور دیگر فصلوں کا سیزن شروع ہونے والا ہے۔ اگر کھاد کی بندش اسی طرح جاری رہی تو آنے والی فصلوں کی پیداوار بھی بری طرح متاثر ہونے کا خدشہ ہے، جس سے نہ صرف زمیندار بلکہ پورا زرعی نظام متاثر ہوگا۔ زمیندار ایکشن کمیٹی نے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ یوریا اور دیگر زرعی کھاد کی بندش فوری طور پر ختم کی جائے اور زمینداروں کو کھاد کی بلاتعطل اور مناسب نرخوں پر فراہمی یقینی بنائی جائے۔ کمیٹی کی جانب سے نال اور خضدار سمیت تمام علاقوں کے زمینداروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ 8 ستمبر کی صبح 8 بجے خضدار گھوڑا چوک پر بھرپور تعداد میں پہنچیں اور اپنے جائز مطالبات کے حق میں احتجاج میں شرکت کریں۔ *زمیندار ایکشن کمیٹی کا کہنا ہے کہ کھاد کی بندش کے خلاف یہ احتجاج زمینداروں کی مجبوری اور اپنے زرعی حقوق کے لیے آواز ہے۔

بقیہ 29

سے زیادہ طاقتور ہیں جیسا کہ پاکستان آج ایک ایمی طاقت کے طور پر اپنی کامیابی کا جشن منا رہا ہے ہمیں اپنے عظیم شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے ہمیں اپنے ملک کی نظریاتی اور دفاعی سرحدوں کی سالمیت، دفاع اور تحفظ کیلئے اپنے عہد کی تجدید کرنی چاہیے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو ہزارہ ٹاؤن میں تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے زیر اہتمام یوم دفاع کے موقع پر نکالی گئی ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ طارق احمد جعفری نے کہا کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک روشن اور ناقابل فراموش باب ہے 1965 میں پاک افواج اور پاکستانی قوم نے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا کر عزم، بہادری اور قومی یکجہتی کی بے مثال تاریخ رقم کی۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے وطن کی عظیم قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے پوری قوم متحد ہے قومی اتحاد، نظم وضبط، محنت اور جذبہ حب الوطنی کے ذریعے پاکستان کو مزید مضبوط اور خوشحال بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کیساتھ آگے بڑھنے کا درس دیتا ہے، آج کے دن عہد کرتے ہیں کہ وطن عزیز کی ترقی، استحکام اور سلامتی کے لیے کردار ادا کریں گے

بقیہ 30

کی جانب سے سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر دستی بم پھینکے جو قریب ایرانی پیٹرول پمپ کے سامنے گر کر پھٹ گئے جس سے دو افراد زخمی ہو گئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 31

، ان کی قربانیاں پوری قوم کے لیے مشعل راہ ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں اور ملک کی ترقی، استحکام، امن اور خوشحالی کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہمیں اس عزم کی تجدید کرنی چاہیے کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور قومی یکجہتی کے تحفظ کے لیے ہم سب متحد رہیں گے اور ملک دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے ریاستی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوام نے ہمیشہ وطن سے اپنی محبت اور وفاداری کا عملی ثبوت دیا ہے۔ ہمیں اپنی صفوں میں اتحاد، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ انہوں نے افواج پاکستان کے شہدا، غازیوں اور ان کے اہل خانہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ امن، سلامتی، استحکام اور خوشحالی عطا فرمائے اور وطن عزیز کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تمام شہدا کے درجات بلند فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 32

دیکھ سکتی۔ انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ان شہداء اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے، جنہوں نے وطن عزیز کی حفاظت اور سلامتی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور اپنے خون سے اس سرزمین کی حفاظت کی داستان رقم کی۔ عبدالغفور جعفر نے کہا کہ آج پاکستان مختلف اندرونی اور بیرونی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، ایسے میں 6 ستمبر کے جذبے کو ایک بار پھر زندہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اتحاد، قربانی، حب الوطنی اور باہمی یکجہتی ہی ہماری اصل طاقت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور ان کے خون کو رائیگاں نہیں جانے دے گی۔ پیپلز پارٹی ملک کی سلامتی، خودمختاری اور جمہوریت کے دفاع کے لیے ہر سطح پر اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ عبدالغفور جعفر نے یوم دفاع کے موقع پر تمام شہداء اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو امن، استحکام، خوشحالی اور ترقی سے ہمکنار فرمائے۔

بقیہ 33

تعلیمی بجٹ کو شفاف بنایا جائے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں دیگر نومنتخب صوبائی کابینہ اور مرکزی اراکین کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ پشتون اسٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کی نومنتخب کابینہ کی حلف برداری تقریب 21 ستمبر 2026ء کو کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہوگا۔ نومنتخب صوبائی کابینہ اور مرکزی کمیٹی کے اراکین عہد کرتے ہیں کہ سیاسی، جمہوری اور طلباء جدوجہد کو آگے بڑھانے میں مثبت کردار ادا کر کے نوجوانوں کی سیاسی تربیت، شعوری بیداری اور جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔ تنظیم کی بنیاد 1968ء میں عظیم انقلابی شاعر، دانشور اور سیاسی رہنما اجمل خٹک نے خوشحال خان خٹک کے مزار پر رکھی تنظیم نے قیام سے لیکر آج تک پشتون نوجوانوں کو علم، شعور، جمہوریت اور امن، روشن خیالی اور قومی برابری کا پیغام دیا ہے۔ تنظیم کے اکابرین نے آمریت کے دور میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ جلاوطنی اختیار کر کے تشدد اور مشکلات کا سامنا کیا لیکن اپنے نظریے سے دستبردار نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی ایک ایسی سیاسی جماعت ہے جس کی سیاست کی بنیاد طاقت، تشدد اور نفرت پر نہیں بلکہ جمہوریت امن اور ترقی پر مبنی ہے۔ باچا خان بابا نے اس خطے کے عوام کو یہ درس دیا کہ حقیقی طاقت بندوق میں نہیں بلکہ علم، کردار، شعور، تنظیم اور سیاسی جدوجہد میں مضمر ہے۔ ملک اس وقت مضبوط بن سکتا ہے جب یہاں بسنے والی تمام قوموں، زبانوں اور اکائیوں کو برابر کا سیاسی، معاشی اور آئینی حق حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود ہزاروں بچے تعلیمی درسگاہوں سے باہر ہیں۔ جہاں سکول موجود ہیں وہاں اساتذہ کی کمی ہے اور جہاں اساتذہ موجود ہیں وہاں تعلیمی سہولیات جدید لیبارٹری، لائبریریاں، کمپیوٹر لیب، پینے کا صاف پانی سمیت دیگر سہولیات ناپید ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم افغانستان میں لڑکیوں اور خواتین کی تعلیم پر پابندی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق ہے کسی بھی معاشرے کی ترقی خواتین کی تعلیم کے بغیر ناممکن ہے۔ افغانستان کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ خواتین لڑکیوں کے لئے تعلیمی ادارے فوری طور پر کھولے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم یکساں نصابی نظام کی مخالفت کرتی ہے جس سے مختلف قوموں، زبانوں، ثقافتوں اور تاریخی حقائق کو نظر انداز کیا جائے۔

بقیہ 34

دیا اور اسی دوران پولیس موقع پر پہنچ گئی تو ملزم نے فائرنگ کر دی پولیس نے جوابی کارروائی کے بعد ملزم کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کا اس سے قبل بھی قتل کے مقدمے میں چالان ہو چکا ہے اور مختلف جرائم میں ملوث رہا ہے۔ ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل نے شہری کی جرات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ عوام پولیس کے ساتھ تعاون کریں انہوں نے بروقت کارروائی کرنے پر پولیس کے اہلکاروں کو تعریفی اسناد اور نقد انعام دیا۔

بقیہ 35

میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ 6 ستمبر کا دن قوم کیلئے ایک تاریخی دن ہے جب ہمارے مسلح افواج نے دشمن پر واضح کر دیا تھا کہ پاکستانی قوم اور اس کے مسلح افواج اپنی آزادی کی حفاظت کرنا بخوبی جانتے ہیں اور وطن عزیز کی سرحدوں کا دفاع کرنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو ہمارے مسلح افواج اور پوری قوم نے دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے کر یہ ثابت کر دیا کہ وطن کے دفاع کے لئے عددی اکثریت کی نہیں بلکہ قومی یکجہتی، جذبہ قربانی اور حب الوطنی کے جذبے کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کے دن مسلح افواج اور پاکستانی قوم کا جذبہ دیدنی تھا اور اسی جذبے کی بنیاد پر ہم نے تمام اندرونی اور بیرونی سازشوں کو شکست دے کر ملک کو ایک ناقابل تسخیر قوت بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم وطن کے شہیدوں اور غازیوں کو سلام عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ ہم اپنے ان شہیدوں اور غازیوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی، خوشحالی، استحکام اور اس کی سرحدوں کے دفاع کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

بقیہ 36

وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ یہ دن ہماری مسلح افواج کی بے مثال بہادری، جرات اور شجاعت کا روشن باب ہے۔ وائس چانسلر نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ دور میں ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے ہر شہری کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے شہدا کی تاریخ ساز قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے طلبہ وطالبات پر زور دیا کہ وہ تعلیم، تحقیق اور پیشہ ورانہ مہارتوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا موثر کردار کریں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ رجسٹرار غوث بخش بزنجو اور دیگر مقررین نے شہدائے وطن کے خاندانوں اور غازیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اپنی سرزمین کی مضبوطی اور خوشحالی کے لیے یکجہتی کے ساتھ کام کرنا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ تقریب کے اختتام پر وطن عزیز کی سلامتی، ترقی واستحکام اور شہدائے وطن کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 37

میں پانی پہنچ چکا ہے۔ مزید پانی کے ذرائع کو بھی واٹر سپلائی کے تالابوں کی جانب منتقل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ تالابوں میں پانی کی مطلوبہ مقدار جلد از جلد دستیاب ہو اور گنداخہ ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں پینے کے پانی کی فراہمی بحال اور بہتر بنائی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے متعلقہ محکموں کے افسران اور اہلکاروں کو ہدایت کی کہ پانی کی لفٹنگ، منتقلی اور تالابوں میں پانی ذخیرہ کرنے کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ واٹر سپلائی کے تمام مراحل کی مسلسل نگرانی کی جائے اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گنداخہ ٹاؤن کے عوام کو جلد از جلد پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اس موقع پر عوامی آگاہی کے حوالے سے واضح کیا گیا کہ سیف اللہ مگسی کینال کے ذریعے صاف اور تازہ پانی گنداخہ واٹر سپلائی کے تالابوں میں منتقل کیا جا رہا ہے جو گندہ یا مضر صحت پانی نہیں ہے ضلعی انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی کہ پانی کی فراہمی اور معیار سے متعلق کسی بھی غیر مصدقہ اطلاع، افواہ یا منفی پروپیگنڈے پر کان نہ دھریں اور صرف انتظامیہ اور متعلقہ سرکاری محکموں کی جانب سے فراہم کردہ مستند معلومات پر اعتماد کریں ضلعی انتظامیہ استا محمد کی جانب سے گنداخہ ٹاؤن کے عوام کو پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ پانی کے ذرائع کو واٹر سپلائی تالابوں تک منتقل کرنے پانی کی لفٹنگ کے عمل کو تیز کرنے اور سپلائی کے نظام کو موثر بنانے کے لیے اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں، تاکہ شہریوں کو درپیش پینے کے پانی کے مسئلے کا جلد از جلد ازالہ کیا جا سکے۔

بقیہ 38

ہے آیئے آج عہد کریں وطن کی عزت پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔ کرپشن، ناانصافی اور غداری کے خلاف بھی اسی جذبے سے لڑیں گے جس جذبے سے ہم نے دشمن کو شکست دی تھی۔ صف کہا کہ یہ ملک قرن وسنت صورت کی روشنی میں بنا ہے۔

بقیہ 39

شجاعت اور بسالت کی نئی داستانیں رقم کیں۔ انہوں نے تاکید کی کہ آج ہم جس آزاد، خودمختار اور باوقار فضا میں سانس لے رہے ہیں، یہ ان تمام شہدا اور غازیوں کی عظیم قربانیوں کا ثمر ہے جنہوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے ملک وملت کا دفاع ممکن بنایا۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام اور مسلح افواج کے شہدا کے درجات کی بلندی کے لیے بالخصوص دعا کی گئی۔ مقررین اور شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دفاع وطن کی خاطر ہرنائی پولیس اور عوام مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ملک کی بقا وسلامتی کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 40

ہوئی، بوجھ اٹھائی ہوئی، آندھی میں جھلتی ہوئی، مگر پھر بھی قائم۔ ہر بار عوام اپنے تھکے ہوئے دل کے ساتھ ایک نیا خواب پکڑ لیتے ہیں۔ شاید خواب دیکھنا ان کی سب سے بڑی کمزوری بھی ہے اور سب سے بڑی طاقت بھی۔ برگد نے مجھے دیکھا۔ اس کی آنکھوں میں نمی تھی، مگر امید کے رنگ اب بھی روشن تھے۔ "دیکھو،" اس نے کہا، "درخت صرف اپنی جڑوں سے زندہ نہیں رہتے۔ انہیں نئی شاخوں، نئے پتوں اور نئی ہوا کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ "شاید ہماری ضرورت بھی یہی ہے۔ نیا بھی چاہیے اور پرانا بھی۔ تبدیلی بھی چاہیے اور تسلسل بھی۔ اختلاف بھی چاہیے اور احترام بھی۔ سوال بھی چاہیے اور جواب بھی اور سب سے بڑھ کر یہ شعور کہ ایک ہی درخت کے پتے اگر ایک دوسرے کو دشمن سمجھنے لگیں تو آندھی کو انہیں گرانے کے لئے زیادہ محنت نہیں کرنا پڑتی۔ ہوا چلی۔ پتے سرسرائے۔ کچھ پتے ایک دوسرے سے ٹکرائے اور پھر خاموش ہو گئے۔ مجھے لگا جیسے بوڑھا برگد کہہ رہا ہو۔ "ریشے بہت الجھ گئے ہیں، مگر جڑیں ابھی زندہ ہیں۔ "شاید یہی ہماری امید ہے۔ کاش ہم انہیں کاٹنے کے بجائے سمجھ سکیں۔ کاش ہم ایک دوسرے کے پتوں پر شک کرنے کے بجائے پورے درخت کو دیکھ سکیں۔ کاش ہم ان ریشوں کو سلجھا سکیں۔

بقیہ 41

کی سوچ کا عکاس ہے۔ سہیل آفریدی کو جواب دیتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ دوسروں پر بیان بازی سے آپ اپنی کارکردگی کی کمزوریاں نہیں چھپا سکتے، پنجاب میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد بڑھانے پر کام ہو رہا ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز لاہور میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس ہب کی لانچنگ تقریب سے خطاب میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ صوبے کے عوام اللہ تعالیٰ کے بعد ان کی جانب دیکھ رہے ہیں۔ سکیورٹی تھریٹ پر پنجاب کی سکیورٹی پر اربوں روپے خرچ کر رہے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ مجھے ہمسایہ ممالک سے کم، ہمسایہ صوبوں سے زیادہ خطرہ ہے، کچے کا علاقہ کئی دہائیوں سے جرائم کا گڑھ بنا ہوا تھا، فوج اور سندھ حکومت کی مدد سے کچے کے علاقے میں حالات قابو میں ہیں، صوبے کے بارڈر ایریا سے تھریٹ آتی ہیں جن کے خاتمے کیلئے اب جوائنٹ چیک پوسٹوں کو مضبوط بنایا ہے، انٹیلی جینس ہب سکیورٹی اداروں کے درمیان رابطہ کاری کا اہم مرکز ہوگا۔

بقیہ 42

اور عددی برتری کے باوجود پاکستانی افواج نے پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کو ذلت آمیز شکست دی۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے 1965 کی جنگ میں پاکستانی قوم نے مثالی اتحاد، عزم اور ثابت قدمی کا ثبوت دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ بنیان المرصوص کی شاندار کامیابی نے ہماری عسکری تاریخ میں ایک اور سنہری باب رقم کیا اور مسلح افواج نے پھر ثابت کیا کہ 6 ستمبر کا جذبہ اور ولولہ آج بھی پوری قوت کے ساتھ زندہ ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ بہادر سپوتوں نے شجاعت اور جرات کی عظیم مثال رقم کی جو رہتی دنیا تک یاد رکھی جائے گی اور شہدا اور غازیوں کے ورثے سے ملنے والی طاقت، جذبہ اور عزم ہی ہماری اصل قوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے خاندانوں سے پوری قوم بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور قوم اپنے شہدا اور غازیوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر پاک فوج، پاک فضائیہ اور پاکستان نیوی پر فخر کرتی ہے۔

بقیہ 43

کے مطابق حماد اظہر 9 مئی 2023 سے اشتہاری تھے، وہ اپنے والد کے انتقال پر منظر عام پر آئے تھے لیکن پھر اس کے بعد روپوش ہو گئے تھے۔

بقیہ 44

ہے۔ آٹھ ممالک کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بیدخل کرنے کے منصوبے بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہیں، فلسطینیوں کی جبری بیدخلی کی کسی بھی کوشش یا منصوبے کو مسترد کرتے ہیں۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق فلسطینیوں کو بیدخل کرنے کی کوششیں خطے کے استحکام کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، غزہ مقبوضہ فلسطینی علاقے کا اٹوٹ حصہ ہے، غزہ، مغربی کنارے سمیت مقبوضہ بیت المقدس پر مشتمل فلسطینی سرزمین کا اتحاد برقرار رکھا جائے۔ آٹھ ممالک کے اعلامیے میں کہا گیا کہ منصفانہ اور پائیدار امن کا واحد راستہ دو ریاستی حل ہے، 4 جون 1967 کی سرحدوں پر آزاد فلسطینی ریاست کا قیام ہونا چاہیے، مقبوضہ بیت المقدس کو آزاد فلسطینی ریاست کا دارالحکومت ہونا چاہیے، فلسطینی عوام کی اپنی سرزمین پر ثابت قدمی کی مکمل حمایت کرتے ہیں، فلسطینیوں کے جائز حقوق کو نقصان پہنچانے کی تمام کوششیں مسترد کرتے ہیں۔

بقیہ 45

کے فولادی عزم، ثابت قدمی اور قومی حوصلے کی عکاسی کرتا ہے۔ ترانے میں وطن کے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا ہے۔ یوم دفاع وشہدا کی مناسبت سے جاری آئی ایس پی آر کے نغمہ میں مسلح افواج کے عوام کے ساتھ اٹوٹ رشتے کو بھرپور سراہا گیا ہے۔ نغمہ ''منزل پاکستان'' ہر شہری کو اپنے عہد پر ڈٹ جانے اور وطن عزیز کی ترقی واستحکام کو اپنا اولین و حتمی نصب العین بنانے کا درس دیتا ہے۔ یوم دفاع وشہدا پر جاری ''منزل پاکستان'' نغمہ مادر وطن کے لیے بے لوث محبت، جانثاری اور جذبہ ایثار ووفاداری کا پیغام دیتا ہے۔

بقیہ 46

سٹریٹجک سیاسی ودفاعی کمیٹی کے افتتاحی اجلاس کی استنبول میں میزبانی کرنے پر ترک وزیر خارجہ کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے اجلاس میں طے پانے والی مفاہمت پر عمل درآمد کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا اور مکہ دفاعی اتحاد کے تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے امور اور کثیر جہتی فورمز پر تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے مواقع پر بھی گفتگو کی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 47

متعلق کوششوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ ترجمان وزارت خارجہ کے مطابق وزرائے خارجہ نے علاقائی سلامتی کے معاملات پر رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا جبکہ مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے اسحاق ڈار کو جلد مصر کے دورے کی دعوت بھی دی۔ دوسری جانب نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان سے بھی ٹیلیفونک گفتگو کی اور علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ دونوں وزرائے خارجہ نے کثیر جہتی فورمز پر باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی جبکہ مکہ دفاعی معاہدے کی اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے اجلاس میں طے پانے والی مفاہمت پر بھی بات چیت کی۔ اس کے علاوہ ٹیلیفونک گفتگو میں استنبول اجلاس میں طے پانے والی مفاہمت پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا گیا جبکہ پاکستان اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ نے قریبی روابط برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 48

کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ مادر وطن کے دفاع، خودمختاری اور سربلندی کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں کو قوم کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان کیلئے دی جانے والی لازوال قربانیوں کی ایک پرعزم یاد دہانی ہے، ہمارے شہداء کا خون قومی زندگی کے تانے بانے میں رچا بسا ہے اور ان کی قربانی ہمیشہ قوم کیلئے ایک مقدس امانت رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے خاندانوں نے اپنے پیاروں کی ناقابل تلافی جدائی کے غم کو غیر معمولی حوصلے اور وقار کے ساتھ برداشت کیا ہے، پوری قوم ان کے جذبہ ایثار اور قربانی کو سلام پیش کرتی ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ مسلح افواج نے دہشت گردی سمیت ہر خطرے کے خلاف ملک کے دفاع کا فریضہ غیر متزلزل عزم، بہادری اور استقامت سے جاری رکھا ہے۔ ملک کے امن، استحکام اور خودمختاری کے تحفظ کیلئے پوری قوم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مضبوط ترین دفاع صرف عسکری قوت میں نہیں بلکہ قومی یکجہتی، جمہوریت، آئینی بالادستی، معاشی اور سماجی انصاف میں بھی مضمر ہے۔ پاکستان کی اصل طاقت اس کے عوام ہیں اور جمہوریت، مساوات اور انصاف کے اصولوں پر متحد قوم ناقابل شکست ہوتی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے ایک مضبوط، خودمختار، جمہوری اور خوشحال پاکستان کا خواب دیکھا تھا۔ بھٹو شہید اور بی بی شہید نے شدید عالمی دباؤ کے باوجود جوہری پروگرام اور میزائل ٹیکنالوجی کو آگے بڑھا کر ملکی دفاع کی ناقابل تسخیر بنیاد قائم کی۔ انہوں نے کہا کہ ملکی دفاع کی اس ناقابل تسخیر بنیاد نے اس امر کو یقینی بنایا کہ پاکستان کی خودمختاری کو بھی بیرونی دباؤ یا فیصلوں کا یرغمال نہ بنایا جا سکے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پیپلز پارٹی ایک مضبوط، خودمختار، جمہوری اور پرامن پاکستان کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ پاکستان کو ان کی قربانیوں کے شایان شان ملک بنایا جائے، ایسا پاکستان جہاں جمہوریت پروان چڑھے، انصاف کا بول بالا ہو اور ہر شہری عزت، وقار اور امید کے ساتھ زندگی گزار سکے۔

بقیہ 49

تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے استنبول میں منعقدہ مکہ دفاعی اتحاد کی سٹریٹجک سیاسی ودفاعی کمیٹی کے افتتاحی اجلاس میں طے پانے والی مفاہمت پر پیش رفت اور اس کے فالو اپ پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے اس حوالے سے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 50

اپنے بیان میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب نے دہشت گردوں کی بین الصوبائی نقل وحرکت اور اس سے لاحق خطرات کے حوالے سے بات کی تھی تاہم سیاسی حاسدین نے دانستہ طور پر گفتگو کے تناظر کو مسخ کر کے اسے صوبائیت اور لسانیت کا رنگ دینے کی کوشش کی۔ سینئر صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ مریم نواز شریف تمام صوبوں اور ان میں بسنے والی تمام اقوام کا ہمیشہ احترام کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کے معاملے کو صوبائیت سے جوڑنا انتہائی گھٹیا اور افسوسناک عمل ہے۔ مریم اورنگزیب نے مزید کہا کہ ایسے عناصر سیاسی نمبر سکورنگ کے لیے قوم میں تقسیم پیدا کرنا چاہتے ہیں جب کہ دہشت گردی کے خلاف اقدامات کو متنازع بنانے کی کوشش قابل مذمت ہے۔

بقیہ 51

دفاع وشہداء کے موقع پر کیپٹن حمزہ اکرم شہید کے اہلخانہ کا شہید کو یاد کرتے ہوئے کہنا تھا کہ جب حمزہ چھٹی پر گھر آتا تو لگتا جیسے عید کا چاند نکل آیا ہے، حمزہ انتہائی صابر، فرماں بردار اور خوش اخلاق بیٹا تھا، میرا بیٹا بہت صابر تھا، ہر مشکل خاموشی سے برداشت کر جاتا تھا، والدہ کیپٹن حمزہ اکرم شہید نے کہا کہ تمام مائیں اپنے بچوں کو وطن عزیز کے دفاع کے لئے تیار رکھیں۔ بہن کیپٹن حمزہ اکرم شہید نے کہا کہ حمزہ صرف بھائی نہیں بلکہ بہترین دوست اور شفقت کرنے والے انسان تھے، بھائی کی شہادت کی خبر پر والد محترم نے صرف اتنا کہا کہ یونٹ کمانڈر کی کال ہے، بھائی کو واٹس ایپ میسج کیا، مگر سنگل ٹک بھی ڈبل ٹک نہ ہو سکا۔ کیپٹن حمزہ اکرم شہید نے 7 اگست 2026 کو دہشتگردوں کیخلاف آپریشن کے دوران بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا تھا۔ کیپٹن حمزہ اکرم شہید جیسے عظیم سپوتوں کی قربانیوں کی بدولت آج ہم آزاد فضاؤں میں پرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔

بقیہ 52

ڈی ایس کے ذریعے بولیاں طلب کی گئی ہیں، بولیاں 28 ستمبر 2026 کو صبح 11 بجے تک جمع کرائی جا سکیں گی۔ ٹی سی پی کے مطابق چینی کی موصول ہونے والی بولیاں بھی 28 ستمبر کو ہی کھولی جائیں گی، بولیوں کی آن لائن اوپننگ صبح ساڑھے 11 بجے ہوگی۔ ایک لاکھ 7 ہزار 739 میٹرک ٹن سفید ریفائنڈ چینی کراچی کے پیپری گودام سے موجودہ حالت میں برآمد کی جائے گی۔ حکومت کی جانب سے درآمد شدہ چینی کی برآمد کا فیصلہ ملک میں چینی کے ذخائر اور مارکیٹ کی صورتحال کے تناظر میں کیا گیا ہے۔

بقیہ 53

کے بعد آنے والے اچانک سیلاب نے غذر کے مختلف علاقوں میں گھروں اور فصلوں کو نقصان پہنچایا، نوبہار گاؤں میں سیلابی ریلے نے بڑے پیمانے پر تباہی مچاتے ہوئے گش گش جماعت خانہ کو بھی نقصان پہنچایا، جبکہ فصلیں، پھل دار درخت اور زرعی اراضی بھی تباہ ہو گئی۔ مختلف علاقوں میں سیلاب کے باعث امیٹ سے برجنگل جانے والی سڑک بند ہو گئی جبکہ راستے میں بجلی کی ترسیلی لائنوں کو بھی نقصان پہنچا۔ سڑک کی بندش کے باعث مقامی آبادی کا دیگر علاقوں سے رابطہ منقطع ہو گیا۔ متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ہنگامی بنیادوں پر متاثرہ سڑک کو ٹریفک کے لیے بحال کیا جائے اور سیلاب متاثرین کو فوری امداد فراہم کرتے ہوئے ان کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔ گلگت بلتستان پولیس کے ترجمان کے مطابق لینڈ سلائیڈنگ کے باعث سوست سے خنجراب ٹاپ تک شاہراہ قراقرم مکمل طور پر بند ہے، متعلقہ ادارے شاہراہ کی بحالی کے لیے کام کر رہے ہیں۔ حکام نے موجودہ صورتحال کے پیش نظر سیاحوں کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ دوسری جانب ٹورازم پولیس کے مطابق ہنزہ میں مرتضیٰ آباد اور حسن آباد گاؤں کے درمیان شاہراہ قراقرم کا وہ حصہ جو لینڈ سلائیڈنگ کے باعث بند ہو گیا تھا، ٹریفک کے لیے دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ گلگت بلتستان میں یوں تو یکم اگست سے وقفے وقفے سے بارش، گرج چمک اور آسمانی بجلی کا سلسلہ جاری ہے، تاہم مقامی افراد کا کہنا ہے کہ انہوں نے اس قدر شدید بارش پہلے کبھی نہیں دیکھی۔ گلگت کے رہائشی وسیم بیگ نے بتایا کہ شدید بارش اور گرج چمک کے باعث مقامی آبادی میں خوف وہراس پھیل گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے اپنی زندگی میں اس نوعیت کی شدید بارش اور گرج چمک کا مشاہدہ نہیں کیا، تاہم ان کے علاقے میں بارش سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔ مسلسل بارش کے باعث گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں درجہ حرارت بھی گر گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ دیامر کے مطابق بابوسر ٹاپ پر ہفتے کی صبح رواں سیزن کی پہلی برف باری ہوئی، تاہم بابوسر روڈ پر ٹریفک بدستور جاری رہی۔ گلگت بلتستان ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق رواں سال جون سے اگست کے دوران خطے میں بادل پھٹنے اور گلیشیئرز پگھلنے کے نتیجے میں 120 سیلابی واقعات پیش آئے۔ ان سیلابوں کے باعث درجنوں مکانات، زرعی اراضی، باغات، درخت، آب پاشی کی نہریں اور سڑکیں تباہ ہوئیں جبکہ بجلی کے نظام کو بھی نقصان پہنچا۔ کئی علاقوں کے مکین کئی روز تک دیگر علاقوں سے منقطع رہے۔ ماہرین کے مطابق گلگت بلتستان میں موسمی حالات تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں، جس کے نتیجے میں بار بار سیلاب، بادل پھٹنے کے واقعات، گلیشیئرز کے تیزی سے پگھلنے، گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے، لینڈ سلائیڈنگ اور غیر معمولی درجہ حرارت جیسے خطرات بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ 54

کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان طاقت کے بجائے مکالمے، سفارت کاری اور پرامن ذرائع کو ترجیح دیتا ہے، شہداء کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے اتحاد، جمہوریت اور ملکی ترقی کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ شہداء اور غازیوں کی قربانیاں ہماری آزادی، خودمختاری اور سلامتی کی بنیاد ہیں، 6 ستمبر قومی عزم، اتحاد اور وطن کے دفاع کے لیے لازوال قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے 1965ء میں مسلح افواج نے دشمن کے عزائم کے خلاف غیر معمولی بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں پوری قوم مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی رہی، شہداء اور ان کے اہل خانہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں، فوجی فاؤنڈیشن شہداء کی بیواؤں اور بچوں کی مسلسل معاونت کر رہی ہے، شہداء کے خاندانوں کی فلاح و بہبود قومی ذمہ داری ہے۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ معرکہ حق میں مسلح افواج کی بے مثال جرات اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل تحسین ہیں، مسلح افواج قومی سلامتی کے تحفظ کے ساتھ خطے میں امن واستحکام کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور دیگر عسکری قیادت کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 55

کے امین ہیں، ہم اس سرزمین کی سرحدوں کے امین ہیں اور اس کے حال اور مستقبل کے خیر خواہ ہیں۔ فوجی افسران اور جوانوں نے بتایا کہ تاریخ گواہ ہے جب بھی دشمن سامنے آیا تو پاک افواج نے سینہ سپر ہو کر پاکستان کی حفاظت کو مقدم رکھا، وطن سے عشق میں پاک فوج نے ہر ذمہ داری نبھائی اور پاکستانی ہونے پر ہمیشہ دل سے فخر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک افواج اور عوام اس دھرتی کے خوابوں اور قوم کی امیدوں کو متحد ہو کر آگے بڑھائیں گے، یوم دفاع کے موقع پر وطن کے محافظوں نے محنت اور اتحاد سے پاکستان کو منزل مقصود تک پہنچانے کا عزم بھی کیا۔

بقیہ 56

نے صدر، وزیر اعظم، فیلڈ مارشل، اپنی جانب سے اور پاکستانی عوام کی طرف سے شاہی خاندان اور ناروے کے عوام سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ نائب وزیر اعظم نے ناروے کے وزیر خارجہ کو آگاہ کیا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کو 9 ستمبر کو اوسلو میں ہونے والی شاہ ہیرالڈ پنجم کی آخری رسومات میں پاکستان کی نمائندگی کیلئے نامزد کیا ہے۔ شاہ ہیرالڈ پنجم کا انتقال 89 برس کی عمر میں ہوا تھا اور ان کی آخری رسومات 9 ستمبر کو اوسلو میں ہوں گی۔ اسحاق ڈار اور ایسپن بارتھ ایدے نے دونوں ممالک کے درمیان قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ 57

نمبر 23 کو خاکستر کر ڈالا۔ پاک فضائیہ کے سابق ونگ کمانڈر غلام تواب کے مطابق پشاور ائیر بیس سے 257 کلو میٹر دور پٹھانکوٹ ایئر بیس پر حملہ بہت بڑا چیلنج تھا۔ شام ساڑھے پانچ بجے حملہ شروع ہوا، چھ بجے پٹھانکوٹ ایئر بیس راکھ کا ڈھیر تھی۔ فضائی معرکے میں پاک فضائیہ نے رن وے پر کھڑے کھڑے سات مگ 21 سمیت 13 بھارتی جنگی جہاز تباہ کر ڈالے۔ پاک فضائیہ نے بغیر کسی نقصان کے پٹھانکوٹ ائیر بیس کو پوری جنگ کیلئے ناکارہ بنا دیا۔ برق رفتار حملے کی وجہ سے کوئی بھارتی جنگی جہاز اڑان ہی نہ بھر پایا۔ سابق بھارتی ائیر مارشل راگھوندرن کا کہنا تھا کہ بھارتی پائلٹ جہاز اڑانے کی بجائے پاک فضائیہ کے حملے سے چھپتے رہے۔ ائیر مارشل راگھوندرن نے اعتراف کیا کہ حملہ اتنا اچانک اور شدید تھا کہ ہمیں خندقوں میں چھپ کر جان بچانی پڑی، پاک فضائیہ کے طیارے شدید اینٹی ایئر کرافٹ فائر کے باوجود بلاخوف وخطر ہمارے سر پر نیچے اڑاتے رہے۔

بقیہ 58

جبکہ دوسری 5 نعشیں دتو موڑ کے قریب سڑک کے کنارے پڑی ہوئی تھیں جو کئی گھنٹوں تک پڑی رہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جنہیں ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا تا حال ان کی شناخت نہیں ہوئی۔ اور واقعہ کی اصل وجوہات بھی سامنے نہیں آئی۔ بتایا جاتا ہے کہ نامعلوم افراد کو کسی دوسرے مقام سے لا کر ان کی نعشیں سڑک کے کنارے پھینکی گئیں۔

بقیہ 59

کی قیادت میں جدید سسٹمز سے دفاعی نظام مضبوط ہوا۔ ایئر وائس مارشل حسن فیصل نے کہا کہ تمام شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، پاکستان امن کا خواہاں ضرور ہے مگر خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کرے گا۔

بقیہ 60

بھی صاف پانی سمیت بنیادی ضروریات سے محروم ہیں، لاکھوں بچے تعلیم سے دور ہیں جبکہ سکولوں کی حالت زار سب کے سامنے ہے، ملک بھر میں ہسپتالوں کی حالت بھی ابتر ہو چکی ہے اور روز بروز لوگوں کی تکلیف میں اضافہ ہو رہا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ایک بیان میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ اگر صوبے موجودہ حالت میں عوام کو ڈلیور کر رہے ہوتے تو عوام کی یہ حالت کیوں ہوتی، کیا عوامی نمائندے ان سوالات کا جواب دے سکتے ہیں، کب تک نعروں سے ٹرخانے کا سلسلہ جاری رہے گا؟ عبدالعلیم خان نے کہا کہ تعصب کی عینک اتار کر عوام کی حالت دیکھنے کی ضرورت ہے، لوگ تنگ ہیں اور بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، وقت آ گیا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں۔

بقیہ 61

نے بتایا کہ حادثہ ظاہر پیر کے قریب پیش آیا، پولیس نے ٹریلر ڈرائیور کی غفلت اور لاپرواہی کو حادثے کی وجہ قرار دیا۔ باراتیوں سے بھری ٹریکٹر ٹرالی اور ٹریلر میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں زخمی ہونے والوں کو فوری طبی امداد کیلئے شیخ زید ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ شیخ زید ہسپتال انتظامیہ کے مطابق حادثے کے بعد 4 افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے، مزید 3 افراد اسپتال میں دوران علاج دم توڑ گئے۔

بقیہ 62

، موثر ادارے اور قومی یکجہتی بھی قومی سلامتی کے بنیادی ستون ہیں۔ پاکستان کو اپنی عسکری قوت کے ساتھ اپنی جامع قومی طاقت کو مضبوط بنانا ہوگا تاکہ ملکی خودمختاری، سلامتی اور ترقی کو پائیدار بنیاد فراہم کی جا سکے۔ یوم دفاع پاکستان کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے شہداء اور غازیوں کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء نے اپنا آج قوم کے کل کے لیے قربان کیا اور ان کے اہل خانہ کی قربانیاں بھی پوری قوم پر قرض ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید صرف اپنی جان قربان نہیں کرتا، اس کا پورا خاندان وطن کے نام ایک قربانی لکھتا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ 1965ء میں قوم نے اتحاد، عزم اور قربانی کے ذریعے دشمن کے عزائم ناکام بنائے۔ آج جنگ کے میدان بدل چکے ہیں۔ اب زمینی، فضائی اور بحری سرحدوں کے ساتھ سائبر دنیا، مصنوعی ذہانت، بغیر پائلٹ نظام، خلائی ٹیکنالوجی، برقی جنگ اور اطلاعاتی محاذ بھی قومی دفاع کا حصہ بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو مصنوعی ذہانت، سائبر تحفظ، خلائی علوم، روبوٹکس، کوانٹم ٹیکنالوجی اور دیگر ابھرتے ہوئے سائنسی شعبوں میں محض صارف نہیں بلکہ ٹیکنالوجی تخلیق کرنے والا ملک بننا ہوگا۔ اس مقصد کے لیے جامعات، تحقیقی مراکز، دفاعی اداروں، سائنس دانوں، انجینئروں اور نجی شعبے کو تحقیق وجدت کے ایک مربوط قومی نظام میں جوڑنا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے معاشی خودمختاری کو قومی سلامتی کا ناگزیر تقاضا قرار دیتے ہوئے کہا کہ کمزور معیشت کے ساتھ مضبوط قومی خودمختاری کو طویل مدت تک برقرار نہیں رکھا جا سکتا۔ قرضوں پر مسلسل انحصار، کم پیداواری صلاحیت اور محدود برآمدات کسی بھی ملک کی آزادانہ قومی فیصلے کرنے کی صلاحیت کو محدود کر دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی اگلی بڑی قومی جدوجہد معاشی خودمختاری کی جدوجہد ہے اور اس کا پائیدار راستہ برآمدات کی قیادت میں معاشی ترقی ہے، پاکستان کو قرض اور کھپت پر انحصار کرنے والے پرانے معاشی نمونے سے نکل کر پیداوار، پیداواری صلاحیت، سرمایہ کاری، جدت اور برآمدات پر مبنی معیشت بنانا ہوگا۔ احسن اقبال نے کہا کہ برآمدات بڑھانا صرف وزارت تجارت یا برآمد کنندگان کی ذمہ داری نہیں بلکہ اسے پوری حکومت اور پوری قوم کا مشترکہ مشن بنانا ہوگا۔ جس سنجیدگی اور تسلسل سے مالیاتی اور محصولات کے اہداف کا جائزہ لیا جاتا ہے، اسی طرح برآمدی اہداف کی بھی اعلیٰ ترین سطح پر مسلسل نگرانی ضروری ہے۔

بقیہ 63

فضائیہ کے شاہینوں نے بھی تاریخ رقم کی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں پاکستانی قوم کا جذبہ؟ حب الوطنی بھی دیدنی تھا۔ پاکستانی قوم نے اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ جنگ ستمبر لڑی۔ جنگ ستمبر کے شہداء اور غازی ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، قوم آج بھی ان کی قربانیوں اور بہادری کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران پاکستانی قوم میں ایک مرتبہ پھر 1965ء والا جذبہ حب الوطنی دیکھنے کو ملا۔ معرکہ حق میں دشمن کو ذلت آمیز شکست ہوئی جسے وہ آج تک نہیں بھول پایا۔ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے دشمن کے جدید ترین 8 لڑاکا طیارے گرائے اور اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ہمیں بطور قوم اسی جذبہ حب الوطنی کی ضرورت ہے۔ اسی جذبے اور قومی یکجہتی کے ساتھ پاک فوج قوم کے ساتھ مل کر دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم دشمن کے ناپاک عزائم اور دہشتگردی کے سامنے سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے۔ پاکستان کی بہادر افواج اور عوام نے ہمیشہ ملک کے دفاع اور سلامتی کے لیے متحد ہو کر دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا ہے۔

بقیہ 64

ہوئیں، زرعی اراضی، فصلوں اور مکانات کو نقصان پہنچا بجلی کی فراہمی بھی متاثر ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق شدید بارش کے بعد آنے والے اچانک سیلاب نے غذر کے مختلف علاقوں میں گھروں اور فصلوں کو نقصان پہنچایا، نوبہار گاؤں میں سیلابی ریلے نے بڑے پیمانے پر تباہی مچاتے ہوئے گش گش جماعت خانہ کو بھی نقصان پہنچایا جبکہ فصلیں، پھل دار درخت اور زرعی اراضی بھی تباہ ہو گئی۔ مختلف علاقوں میں سیلاب کے باعث امیٹ سے برجنگل جانے والی سڑک بند ہو گئی، راستے میں بجلی کی ترسیلی لائنوں کو بھی نقصان پہنچا۔ سڑک کی بندش کے باعث مقامی آبادی کا دیگر علاقوں سے رابطہ منقطع ہو گیا۔ متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ہنگامی بنیادوں پر متاثرہ سڑک کو ٹریفک کے لیے بحال کیا جائے اور سیلاب متاثرین کو فوری امداد فراہم کرتے ہوئے ان کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔ گلگت بلتستان پولیس کے ترجمان کے مطابق لینڈ سلائیڈنگ کے باعث سوست سے خنجراب ٹاپ تک شاہراہ قراقرم مکمل طور پر بند ہو گئی۔ آخری اطلاعات تک متعلقہ ادارے شاہراہ کی بحالی کے لیے کام کر رہے تھے۔ حکام نے موجودہ صورتحال کے پیش نظر سیاحوں کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ دوسری جانب ٹورازم پولیس کے مطابق ہنزہ میں مرتضیٰ آباد اور حسن آباد گاؤں کے درمیان شاہراہ قراقرم کا وہ حصہ جو لینڈ سلائیڈنگ کے باعث بند ہو گیا تھا، ٹریفک کیلئے دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ مقامی افراد نے بتایا کہ انہوں نے اس قدر شدید بارش پہلے کبھی نہیں دیکھی۔ گلگت کے رہائشی وسیم بیگ نے بتایا کہ شدید بارش اور گرج چمک کے باعث مقامی آبادی میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی میں اس نوعیت کی شدید بارش اور گرج چمک کا مشاہدہ نہیں کیا تاہم ان کے علاقے میں بارش سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔ مسلسل بارش کے باعث گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں درجہ حرارت بھی گر گیا ہے۔ گلگت بلتستان ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق رواں سال جون سے اگست کے دوران خطے میں بادل پھٹنے اور گلیشیئرز پگھلنے کے نتیجے میں 120 سیلابی واقعات پیش آئے۔ ان سیلابوں کے باعث درجنوں مکانات، زرعی اراضی، باغات، درخت، آب پاشی کی نہریں اور سڑکیں تباہ ہوئیں، بجلی کے نظام کو بھی نقصان پہنچا۔ کئی علاقوں کے مکین کئی روز تک دیگر علاقوں سے منقطع رہے۔ ماہرین کے مطابق گلگت بلتستان میں موسمی حالات تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں جس کے نتیجے میں بار بار سیلاب، بادل پھٹنے کے واقعات، گلیشیئرز کے تیزی سے پگھلنے، گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے، لینڈ سلائیڈنگ اور غیر معمولی درجہ حرارت جیسے خطرات بڑھ رہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق موسمیاتی تبدیلی خطے کے پہلے ہی نازک ماحولیاتی نظام کے لیے بڑھتا ہوا خطرہ بن چکی ہے، 8 ہزار سے زائد گلیشیئرز، تقریباً 300 گلیشیائی جھیلوں اور بلند و بالا پہاڑوں پر مشتمل اس خطے میں رہنے والی آبادی کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث شدید قدرتی آفات کا سامنا ہے۔

بقیہ 65

کراؤ تحریک میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعلیٰ ہاؤس کے باہر پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری دھرنے کے بائیسویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر لاہور ضیا الدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ شہباز حکومت نے پٹرولیم لیوی کی مد میں عوام سے چار ہزار ارب اکٹھے کیے ہیں تاہم جس مقصد کے لیے لیوی اکٹھی کی جاتی ہے اس مقصد کے حصول کی بجائے ریونیو اہداف کے حصول کے لیے استعمال ہو رہی ہے، اور ریونیو اکٹھا کرنے کا جو ہدف ایف بی آر کو دیا گیا ہے وہ پورا نہیں ہو رہا، پورا ادارہ کرپشن میں ملوث ہے اور اس کے پچیس سو ملازمین کا بوجھ بھی عوام برداشت کر رہے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ مذاکرات میں حکومت کو بتائیں گے کہ کس طرح لیوی کے بغیر معیشت چل سکتی ہے، حکومت سب سے پہلے سود کو تین فیصد کم کرے اس سے قومی خزانہ کو ڈیڑھ ہزار ارب کا فائدہ ہوگا، مہنگائی کم کرنے کے لیے حکومت سٹیٹ بینک کے ریزروز کو پانچ سے پندرہ فیصد بڑھا دے، بجٹ کا آٹھ ہزار ارب بینکوں کو سود کی ادائیگی میں چلا جاتے ہیں۔

بقیہ 66

اتفاق رائے سے ہونا چاہیے۔ فورم نے کہا کہ آبادی اور گورننس ماڈل کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک میں مزید 10 نئے صوبے قائم کیے جانے کی گنجائش موجود ہے۔ پاکستان بزنس فورم نے مطالبہ کیا کہ آئین میں نئے صوبوں کے قیام کے ساتھ صوبائی فنانس کمیشن پر عمل درآمد بھی یقینی بنایا جائے۔ چیف آرگنائزر پاکستان بزنس فورم احمد جواد نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے ثمرات ضلعی سطح پر نظر نہیں آئے، اس لیے نئے صوبوں کے قیام کے ساتھ بلدیاتی نظام کو بھی مضبوط بنانا ہوگا۔ احمد جواد نے کہا کہ بلدیاتی نظام میں موثر احتساب کا نظام بھی یقینی بنایا جائے تاکہ میئر براہ راست عوام کو جواب دہ ہو۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ایم پی اے میر غلام دستگیر بادینی کے والد حاجی میر جمعہ خان بادینی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاکستان کی سربلندی اور قومی وقار کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، گورنر بلوچستان

1965 میں ہماری بہادر مسلح افواج نے دشمن کی جارحیت کا جس شجاعت اور عزم مصمم کے ساتھ مقابلہ کیا وہ ہماری تاریخ کا قابلِ فخر باب ہے

موجودہ دور میں ملکی دفاع کا تصور صرف سرحدوں کے تحفظ تک محدود نہیں بلکہ قومی یکجہتی، معاشی استحکام، تعلیم، ترقی، امن اور مضبوط ادارے بھی قومی سلامتی کے اہم ستون ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے یومِ دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک ایسا یادگار دن ہے جو وطنِ عزیز کے دفاع کیلئے قوم کے غیر متزلزل عزم، اتحاد اور قربانی کی یاد دلاتا ہے اور یہی دن ہماری قومی تاریخ میں بہادری کی ایک روشن مثال ہے۔ 1965 میں ہماری بہادر مسلح افواج نے دشمن کی جارحیت کا جس شجاعت اور عزم مصمم کے ساتھ مقابلہ کیا وہ ہماری تاریخ کا قابل فخر باب ہے۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قومی اتحاد، ایمان، عزم اور حب الوطنی کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرنے کی سب سے بڑی قوت ہیں۔ یوم دفاع محض ماضی کی ایک تاریخی جنگ کو یاد کرنے کا دن نہیں بلکہ یہ ہمیں اپنے قومی اتحاد، ملکی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے عزم کی تجدید کا (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی قیادت میں 6 ستمبر یوم دفاع کے موقع پر ریلی

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی قیادت میں 6 ستمبر یوم دفاع کے موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ سے ریلی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے لیے پوری قوم متحد ہے

یومِ دفاع پاکستان، قوم اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، امیر حمزہ زہری

کوئٹہ (آن لائن) مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، جب قوم نے اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ وطن کے دفاع کے عزم کا عملی مظاہرہ کیا۔ یومِ دفاع ہمیں اپنے شہداء کی لازوال قربانیوں اور قومی یکجہتی کی یاد دلاتا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے ملکی سلامتی اور دفاع کے لیے ہمیشہ بے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سینیٹر محمد عبدالقادر، صوبائی وزراء بخت کاکڑ، میر صادق عمرانی، حاجی علی مدد جتک، میر ضیاء لانگو، رکن صوبائی اسمبلی صادق سنجرانی ودیگر رکن اسمبلی حاجی میر غلام دستگیر بادینی کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

شہداء کی قربانیاں ہمارا قومی سرمایہ ہیں

یومِ دفاع وشہداء کے موقع پر نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کا پیغام

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے یومِ دفاع وشہداء کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ روشن باب ہے جو ہمیں بہادری، اتحاد، قربانی اور وطن سے وفاداری کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1965ء کے شہداء اور غازیوں نے اپنے عزم، حوصلے اور قربانیوں سے ثابت کیا کہ پاکستانی قوم اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے ہر قربانی دینے کا جذبہ رکھتی ہے۔ آج ہم اپنے تمام شہداء کو خراجِ عقیدت اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے وطن کے (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

پیپلز پارٹی عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے، نورالدین کاکڑ

پارٹی کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں مزید فعال اور مضبوط بنائی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ، نائب صدر ڈاکٹر سبحان ترین، نائب صدر حاجی محمد سعید جدون، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک شازیب کاسی، سینئر رہنما جمعہ گل اچکزئی، عنایت اللہ کاکڑ، رحمت اللہ کاکڑ، پیر محمد خان، حبیب اللہ اچکزئی اور دیگر نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی زئی اور خیلی کی سیاست سے بالاتر ہو کر عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت پر یقین رکھتی ہے صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، نئے ساتھیوں کی شمولیت سے کوئٹہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ ہاؤس (لاہور)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام ریلی

ریلی کے اختتام پر ملک کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا

کوئٹہ (آن لائن) یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام آج 6 ستمبر کو ایک خصوصی ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلعی انتظامیہ کے افسران و اہلکاروں سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کا آغاز ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ سے ہوا، جہاں ضلعی انتظامیہ کے افسران، سرکاری ملازمین اور شہری بڑی تعداد میں جمع ہوئے۔ شرکا نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے جبکہ وطن سے محبت اور قومی جذبے سے سرشار شہریوں نے پاکستان زندہ باد اور پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

میر غلام قادر بگٹی مرحوم کی دسویں برسی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی

کوئٹہ (خ ن) بزرگ سیاسی وقبائلی رہنما، علم وشعور کے علمبردار اور سیاسی وسماجی بیداری کے فروغ کے لیے نمایاں خدمات انجام دینے والے میر غلام قادر بگٹی مرحوم کی دسویں برسی پاکستان ہاؤس سوئی میں نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔ اس موقع پر چیف آف بگٹی و وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے چھوٹے بھائی اور میر غلام قادر بگٹی مرحوم کے چھوٹے صاحبزادے میر آفتاب خان بگٹی، وڈیرہ محمد بخش موندرانی، میر عطاء اللہ کلپر، وڈیرہ شاہ مراد خان مسوری (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

حاجی جمعہ خان بادینی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اتوار کو یہاں رکن صوبائی اسمبلی میر غلام دستگیر بادینی کے والد محترم حاجی جمعہ خان بادینی کے انتقال پر ان سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے حاجی جمعہ خان بادینی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

انڈینٹرز کی خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز کی شرح 3 فیصد مقرر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ٹیکس شیڈول کے مطابق بلوچستان میں اپنے کاروباری مقام سے سروسز فراہم یا انجام دینے والے انڈینٹرز (Indenters) کی خدمات پر بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کی شرح 3 فیصد مقرر ہے، بشرطیکہ رجسٹرڈ شخص کو ان سروسز کی اجرت بیرون (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

پاکستان کی فوج پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے برتر فوج ہے، صادق عمرانی

6 ستمبر پاکستان قوم کے عزم، اتحاد اور ملکی دفاع کے لیے دی جانے والی قربانیوں کی علامت کا دن ہے

ہم بحیثیت قوم پاکستان کی تعمیر وترقی اور قیام امن کیلئے جاری کوششوں میں سیکورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان قوم کے عزم، اتحاد اور ملکی دفاع کے لیے دی جانے والی قربانیوں کی علامت کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں 1965ء کی جنگ کے ان عظیم شہداء اور غازیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے مادرِ وطن کی جغرافیائی سالمیت اور خودمختاری کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو بھارت نے رات کے وقت پاکستان پر حملہ کر دیا۔ اس اچانک حملے کا افواج پاکستان کے جوانوں نے جرات اور بہادری سے جواب دیتے ہوئے دشمن کو پسپائی اختیار کرنے پر مجبور کر دیا۔ پاک افواج کے موثر جوابی کارروائی نے اقوام عالم اور خصوصاً دشمن (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر)

HUMANITARIAN ASSISTANCE FOR FEDERAL DEMOCRATIC REPUBLIC OF NEPAL
FROM : THE GOVERNMENT & PEOPLE OF PAKISTAN

اسلام آباد: وزیراعظم پاکستان کی جانب سے نیپال کے سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سامان نیپالی سفیر کے حوالے کیا جارہا ہے

ملک کو ایک ناقابل تسخیر قوت بنا دیا ہے، چوہدری نعیم کریم

6 ستمبر 1965 کے دن مسلح افواج اور پاکستانی قوم کا جذبہ دیدنی تھا

کوئٹہ (آن لائن) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ 6 ستمبر کا دن قومی جوش وجذبوں کی یاد تازہ کرنے اور وطن عزیز کے دفاع کے لئے اپنی جانیں بھی قربان کرنے کے عہد کی تجدید کا دن رہا ہے 6 ستمبر 1965 کو ہماری بہادر مسلح افواج نے پوری قوم کے ساتھ مل کر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر اس دن کو ہمیشہ کے لئے حب الوطنی، قومی یکجہتی اور ہمت وبہادری کا ایک تاریخ ساز دن بنا دیا۔ مسلم لیگ (ن) کے رابطہ آفس سے یوم دفاع کے موقع پر جاری ہونے والے ایک بیان (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر)

جہاں سکول موجود ہیں وہاں اساتذہ کی کمی ہے، عبدالرزاق

خواتین کی تعلیم پر پابندی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتون اسٹوڈنٹس فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی صدر عبدالرزاق، ایاز زیارتوال اور سیف الرحمٰن کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ایس ایف ایک طلباء تنظیم نہیں بلکہ پشتون نوجوانوں کی سیاسی تربیت، شعوری بیداری اور جمہوری جدوجہد کی ایک تاریخی سیاسی درسگاہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہم نے طلباء کو صرف ڈگری حاصل کرنے والا فرد نہیں بلکہ باخبر، باشعور اور ذمہ دار شہری بنانے کی کوشش کی ہے۔ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے مگر اس کے باوجود ہزاروں بچے سکولوں سے باہر اور بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ ہر گاؤں میں سکول، ہر کلاس میں استاد، تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، غریب طلباء کے لئے مفت تعلیم، اسکالرشپ میں شفافیت، ہاسٹل، ٹرانسپورٹ، تعلیمی اداروں میں خالی اسامیوں پر فوری بھرتیاں کر کے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

کرپشن، ناانصافی اور غداری کے خلاف بھی اسی جذبے سے لڑیں گے، آصف مسیح

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی فنانس سیکرٹری آصف مسیح نے کہا 6 ستمبر یومِ دفاع وشہدا 1965 میں دشمن نے سمجھا تھا کہ لاہور کا ناشتہ کرے گا۔ لیکن اسے اندازہ نہیں تھا کہ اس مٹی کے بیٹے "جان دے دیں گے، جانے نہیں دیں گے"۔ آج ہم آزاد سانس لے رہے ہیں تو اس لیے کہ کسی ماں کا بیٹا سرحد پر جاگا تھا۔ کسی بہن کا بھائی واپس نہ آیا تھا خانیوال سے لے کر کراچی تک، ہر شہید کا قرض ہم پر (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

شہری نے جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام بنادی

کوئٹہ (آن لائن) شہری نے جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام بنادی پولیس نے بروقت موقع پر پہنچ کر فائرنگ کے تبادلے کے بعد قتل کے مقدمے میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ میں راہزن نے ایک شہری سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی شہری نے جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملزم کو دھکا دے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

یومِ دفاع پاکستان قومی اتحاد، قربانی اور وطن سے محبت کی علامت ہے، عبدالغفور جعفر

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی لورالائی ڈویژن کے جنرل سیکرٹری عبدالغفور جعفر نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر 1965 ہماری قومی تاریخ کا ایک سنہری باب ہے، جس نے ثابت کر دیا کہ جب قوم اور مسلح افواج متحد ہو جائیں تو کوئی طاقت پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے نہیں (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)

میر سرفراز بگٹی سے میجر جنرل فیصل نصیر کی ملاقات

پائیدار امن کے قیام کے لیے مربوط حکمت عملی پر تبادلہ خیال

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اتوار کو یہاں نیکٹا کے نیشنل کوآرڈینیٹر میجر جنرل فیصل نصیر نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف اقدامات، انٹیلی جنس کوآرڈینیشن اور پائیدار امن کے قیام کے لیے مربوط حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران انسدادِ دہشت گردی کے شعبے میں نیکٹا اور بلوچستان حکومت کے درمیان تعاون، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار میں اضافے اور دہشت گردی کے تدارک کے لیے باہمی رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنانے کے امور بھی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ میں آٹے کی قیمت میں مزید اضافہ

20 کلو آٹے کا تھیلا 2 ہزار 920 روپے کا ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آٹے کی قیمت میں مزید اضافہ، 20 کلو آٹے کا تھیلا 2 ہزار 920 روپے کا ہوگیا۔ پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ کی گراں فروشی اور آئے روز آٹے سمیت روٹی، کھانے پینے کی چیزوں میں بے تحاشا اضافے پر خاموشی باعث تشویش ہے۔ عوامی حلقوں نے حکومت اور اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ بڑھتی ہوئی خود ساختہ مہنگائی، گراں فروشی کا سدباب کرتے ہوئے گراں فروشوں کے خلاف موثر کارروائی کر کے شہریوں کو ان سے نجات دلائی جائے۔ کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

جھل مگسی کے علاقے میں مسلح افراد نے ریسٹ ہاؤس کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

ڈیرہ مراد جمالی میں تین افراد کی بچے کے ساتھ بدفعلی، پولیس نے تینوں ملزمان کو گرفتار کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کوٹڑہ کے علاقے میں مسلح افراد نے ریسٹ ہاؤس کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا مسلح افراد کی پولیس تھانے کے قریب فائرنگ جبکہ جوابی فائرنگ سے مسلح افراد فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جھل مگسی کے علاقے کوٹڑہ پولیس تھانے کی حدود میں قائم سرکاری ریسٹ ہاؤس کو نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے پوری عمارت کمرے چار دیواری منہدم ہوگئے پولیس کے مطابق ریسٹ ہاؤس خالی اور کسی کے استعمال میں نہیں تھا جبکہ مسلح افراد نے کوٹڑہ پولیس تھانے پر بھی فائرنگ کی جبکہ پولیس کی جوابی فائرنگ سے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

معاشرتی زندگی میں سنتِ نبوی ﷺ کو زندہ کریں، مولانا احمد علی مدنی

نبی کریم ﷺ کی مبارک زندگی پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ اور عملی رہنمائی کا سرچشمہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) معروف عالم دین مولانا احمد علی مدنی صاحب نے سیرتِ طیبہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی مبارک زندگی پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ اور عملی رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ سیرتِ نبوی ﷺ کا مطالعہ محض تاریخی واقعات جاننے کا نام نہیں بلکہ اپنی زندگی کو رسول اللہ ﷺ کے اسوہ حسنہ کے مطابق ڈھالنے کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج امتِ مسلمہ کو اپنے مسائل کے حل اور معاشرے کی اصلاح کے لیے سیرتِ رسول ﷺ سے رہنمائی حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے عدل، اخوت، (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

علماء 7 ستمبر کے موقع پر عقیدہ ختمِ نبوت کی اہمیت کو اجاگر کریں، جمعیت کوئٹہ

یوم ختمِ نبوت محض ایک تاریخی واقعے کی یاد تازہ کرنے کا دن نہیں بلکہ تجدید عہد کا دن بھی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ 7 ستمبر 1974 پاکستان کی آئینی واسلامی تاریخ کا ایک نہایت اہم اور یادگار دن ہے جب مفکرِ اسلام حضرت مولانا مفتی محمود حضرت مولانا محمد یوسف بنوری اور دیگر اکابر علما کرام کی عظیم (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں زراعت، گلہ بانی اور صنعتیں تباہ ہوچکی ہیں، اسلم بلوچ

انتظامی یونٹوں کے نام پر تقسیم کرنے سے غربت بدامنی اور احساس محرومی میں مزید اضافہ ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان بدترین بدامنی اور بیروزگاری سے دوچار ہے جس کا سیاسی حل نکالنے کے بجائے حکمران انتہائی غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار وہ مستونگ میں نیشنل پارٹی کے ہفتہ وار اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ورکنگ کمیٹی کے اراکین آغا فاروق شاہ، نثار بلوچ ثمینہ ظفر، نذیر احمد بگٹی، ظفر اقبال بلوچ، رحمت اللہ بلوچ، ظفر لہڑی، امداد بلوچ، نذیر احمد نورزئی، نے بھی خطاب کیا، اسلم بلوچ نے کہا کہ ملکی سطح پر بدترین معاشی بدحالی سے نمٹنے کے لیئے حکومت (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر)

سوئی: پاکستان ہاؤس میں میر غلام قادر بگٹی کی دسویں برسی کے موقع پر ان کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کیلئے دعا کی جارہی ہے

جامعہ تربت میں بھی یوم دفاعِ پاکستان قومی وملی جذبے کے ساتھ منایا گیا

شہدائے وطن کے خاندانوں اور غازیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا

تربت (خ ن) ملک بھر کی طرح جامعہ تربت میں بھی یوم دفاع پاکستان قومی وملی جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلامِ پاک اور قومی ترانے سے ہوا، جبکہ نظامت کے فرائض اسسٹنٹ رجسٹرار (جنرل) غوث بخش بزنجو نے انجام دیے۔ تقریب میں فیکلٹی ممبران، انتظامی افسران اور طلبہ وطالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ یوم دفاع کی مناسبت سے اپنے خاص پیغام میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کا دن افواج پاکستان کے جانثار شہدا کی ان لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، جنہوں نے اپنے خون سے (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

رمضان پلال کا گنداخہ واٹر سپلائی اسکیم اور پانی کی لفٹنگ کے مقام کا دورہ

سپلائی کے نظام کو موثر بنانے کے لیے اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں، بات چیت

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال نے گنداخہ ٹاؤن میں پینے کے پانی کی فراہمی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے گنداخہ واٹر سپلائی اسکیم اور پانی کی لفٹنگ کے مقام کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے واٹر سپلائی کے تالابوں میں پانی کی منتقلی، پانی کی لفٹنگ اور عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سیف اللہ مگسی کینال سے گنداخہ واٹر سپلائی کے تالابوں تک پانی پہنچانے کا عمل جاری ہے اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے واٹر سپلائی تالاب (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

شہدا اور غازی ہمارے قومی ہیروز ہیں، حبیب احمد

پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور قومی یکجہتی کے تحفظ کے لیے ہم سب متحد رہیں گے

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے 6 ستمبر یومِ دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن ہماری قومی تاریخ کا ایک روشن باب ہے، جو ہمیں پاک فوج کے شہدا، غازیوں اور ان تمام بہادر سپوتوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے مادرِ وطن کے دفاع، سلامتی اور خودمختاری کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 ہماری قومی یکجہتی، عزم، بہادری اور حب الوطنی کی عظیم مثال ہے۔ افواج پاکستان نے قوم کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا اور دفاعِ وطن کے لیے بے مثال جرات وقربانی کا مظاہرہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن نے کہا کہ شہدا اور غازی ہمارے قومی ہیروز ہیں (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر)

تھانہ منظور شہید کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد

قلعہ سیف میں ایرانی پیٹرول پمپ کے قریب دستی بم پھٹنے سے 2 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ منظور شہید کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب تھانہ منظور شہید کے علاقے مری گلی کے قریب پہاڑی علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی تشدد زدہ نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ قلعہ سیف اللہ کے علاقے میں ایرانی پیٹرول پمپ کے قریب دستی بم پھٹنے سے 2 افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ شب قلعہ سیف اللہ میں ژوب شاہراہ پر نامعلوم ملزمان (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

پارلیمانی سیکرٹری بین المذاہب ہم آہنگی سنجے کمار پچوانی، سینیٹر دنیش کمار کی قیادت میں یوم دفاع 6 ستمبر پاک فوج سے اظہار یکجہتی ریلی ایرپورٹ روڈ سے گزر رہی ہے

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری بین المذاہب ہم آہنگی سنجے کمار پچوانی، سینیٹر دنیش کمار اور روی کمار پہوجہ نکالی گئی 6 ستمبر کے حوالے سے ریلی کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

وطن کے دفاع کی خاطر اپنی جانوں کی قربانی سے بھی گریز نہیں کریں گے، مینا مجید بلوچ

معرکہ حق کی کامیابی نے قوم کے حوصلوں کو بلند کیا اور ہم سب اپنی افواج کو سلام پیش کرتے ہیں

قومیں جنگیں ہتھیاروں سے نہیں بلکہ ایمان اور حوصلے سے جیتتی ہیں، صوبائی مشیر کھیل

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ 6 ستمبر 1965 ہماری دفاعی تاریخ کا یادگار دن ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ 6 ستمبر کو پاکستانی فوج نے نہ صرف مادرِ وطن کا دفاع کیا بلکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا کہ پاکستان ہر قسم کی جارحیت کو شکست دینے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے۔ بزدل دشمن نے لاہور پر قبضہ کرنے کے لیے رات کی تاریکی میں حملہ کیا اور پوری دنیا نے دیکھا کہ افواج پاکستان کے جری سپوتوں نے بے مثال بہادری سے دشمن کو پسپا کیا۔ پاک وطن کے جوانوں نے اپنی لازوال قربانیوں سے ثابت کیا کہ قومیں جنگیں ہتھیاروں سے نہیں بلکہ ایمان اور حوصلے سے جیتتی ہیں، تاریخ عالم پاک فوج کی بہادری کی لازوال داستانیں رقم کرنے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

تھانہ شالکوٹ پر دستی حملے کے نتیجے میں پولیس اہلکار اور ایک راہگیر زخمی

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ شالکوٹ پر نامعلوم ملزمان نے یکے بعد دیگرے 3 دستی بم پھینکے جو تھانے کے قریب گر کر زور (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

پاکستانی افواج نے سازشوں کو بہادری کے ساتھ خاک میں ملایا ہے، خلیل جارج

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما، سابق وفاقی وصوبائی اقلیتی وزیر خلیل جارج بھٹو، کوارڈینیٹر وزیراعظم یوتھ افیئرز بلوچستان حیدر خان اچکزئی، خواتین رہنما ثناء انتظار کی قیادت میں یوم دفاع کے موقع پر گرلز کالج سے ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے بینرز، پلے کارڈ اور سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے۔ ریلی کے شرکاء مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے اسمبلی چوک پر پہنچ کر مظاہرہ کیا اور 6 ستمبر 1965 کے شہداء کو خراج عقیدت (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر)

سیدال خان ناصر کی سابق سینیٹر نصیب اللہ بازئی کی عیادت

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے الشفا انٹرنیشنل ہسپتال اسلام آباد میں زیر علاج سابق سینیٹر نصیب اللہ بازئی کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے سابق سینیٹر نصیب اللہ بازئی کی صحت کے بارے میں آگاہی حاصل کی اور ان کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سیدال (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

6" ستمبر کو پاک فوج اور پوری قوم نے مل کر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا، ناصر خان

کوئٹہ (آن لائن) ایم کیو ایم پاکستان بلوچستان کے صوبائی نائب صدر کمانڈر ناصر خان بڑیچ نے اپنے بیان میں کہا کہ 6" ستمبر 1965 وہ تاریخی دن ہے جب پاک فوج اور پوری قوم نے مل کر دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ یہ دن ہمیں اتحاد، قربانی اور وطن سے محبت کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

ہم بلوچستان میں کسی کو بے سہارا نہیں رہنے دیں گے، ہدایت الرحمٰن بلوچ

عوام جماعت اسلامی پر اعتماد کر کے امن ترقی وخوشحالی کی راہ میں ہمارا ساتھ دیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ نوجوانوں سے کہتا ہوں کہ پہاڑ نہیں، سڑک اور کلاشنکوف نہیں، قلم وکتاب ہمارا ہتھیار ہے۔ اس جدوجہد میں ہر بلوچ، ہر پشتون، ہر مظلوم اور اقلیتی برادری ہمارا ساتھ دے۔ عوام ترقی، خوشحالی، امن اور انصاف کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ حکومت، اختیار اور قومی خزانہ ہمارے حوالے کیا جائیگا ہم ثابت کریں گے کہ کوئی فرد بے روزگار نہیں رہے گا، بدامنی، بے روزگاری اور بدعنوانی کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام قوم پرست، مذہب (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

نوجوانوں کی تربیت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا' یاسر اقبال دشتی

قوموں کی ترقی کا عمل جدید علوم اور ٹیکنالوجی کے فروغ سے ممکن ہے، ڈپٹی کمشنر کیچ

تربت (این این آئی) بالی اسکلز ہب تربت کے زیرِ اہتمام تربت پریس کلب کے آڈیٹوریم ہال میں پہلے بیچ کے فارغ التحصیل طلبہ وطالبات میں سرٹیفکیٹس اور لیپ ٹاپس تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی تھے، جبکہ تقریب کی میزبانی بالی اسکلز ہب کے اونر شاہ دوست دشتی نے کی۔ تقریب میں طلبہ وطالبات، ان کے والدین و سرپرستوں، اساتذہ، صحافیوں، تاجروں، سماجی رہنماؤں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

شہداء اور غازیوں کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قیمتی سرمایہ ہیں، سردار سحر گل

6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش دن ہے، قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع کوئٹہ کے صدر سردار سحر گل خان خلجی نے یومِ دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہمیں اپنی مسلح افواج کی جرات، بہادری اور لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ یہ دن اس عزم کی تجدید کا موقع ہے کہ ملک کی سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے پوری قوم متحد ہو کر اپنی ذمہ داریاں ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ 1965ء کی جنگ میں پاک فوج کے جوانوں نے دشمن کے مذموم عزائم کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور اپنی بہادری سے ثابت کیا کہ پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت کے لیے قوم کا ہر فرد اپنی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ڈی آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ویسٹ زون ڈاکٹر قریش خان گفتگو کر رہے ہیں

یوم دفاع پاکستان کی تاریخ میں ایک عظیم دن ہے، ولی محمد نورزئی

ہمارے وطن کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، ریلی سے مقررین کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان کی تاریخ میں ایک عظیم دن ہے 6 ستمبر 1965 کو مسلح افواج بھارت کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئی، پاکستان کی بہادر فوج نے بھارتی افواج کا غرور خاک میں ملا دیا پوری قوم وطن عزیز کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادروں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے، 1965 کی طرح معرکہ حق میں بھی پاکستان کی مسلح افواج نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا کہ وہ نہ صرف مادر وطن (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

بلوچستان کے عوام امن، ترقی اور اپنے بچوں کیلئے بہتر مستقبل چاہتے ہیں، سینیٹر محمد عبدالقادر

چیف آف ڈیفنس فورسز کا دورہ بلوچستان امن، استحکام اور ترقی کے عزم کا اظہار ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

بلوچستان میں امن، ریاستی رٹ، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور معاشی ترقی ایک ہی قومی حکمت عملی کے مختلف اجزا ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے دورہ کوئٹہ کو بلوچستان کی سلامتی، امن وامان، ترقی اور عوامی فلاح کے حوالے سے انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دورہ اس عزم کا واضح اظہار ہے کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ بلوچستان کو دہشت گردی، تخریب کاری، سرحدی چیلنجز اور دیگر سیکیورٹی مسائل کا سامنا ہے۔ ایسے حالات میں ریاستی اداروں کے درمیان موثر رابطہ اور مکمل ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انٹیلی جنس اداروں، سول انتظامیہ، پولیس، ایف سی اور دیگر قانون (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

ملک کی بقا وسلامتی کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا، عبدالحفیظ

ہرنائی (خ ن) یوم دفاع پاکستان کے تاریخی اور پروقار موقع پر پولیس اسٹیشن سٹی ہرنائی میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں 6 ستمبر 1965 کے شہدا اور غازیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب کا مقصد پاکستان مسلح افواج کی بے مثال قربانیوں اور وطن عزیز کے دفاع کے لیے ان کے ناقابل فراموش کردار کو اجاگر کرنا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے 6 ستمبر کی تاریخی اہمیت اور افواج پاکستان کے شاندار کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 ہماری قومی تاریخ کا وہ درخشاں باب ہے جب ہماری مسلح افواج نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملاتے ہوئے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

شہدائے وطن کی عظیم قربانیاں ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں، طارق احمد جعفری

کوئٹہ (آن لائن) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے ترجمان ولسان تحریک طارق احمد جعفری نے کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے یہ وہ دن تھا جب ہماری دلیر اور بہادر مسلح افواج نے دشمن بھارت کی جارحیت کے خلاف اپنے وطن کا کامیابی سے دفاع کیا 1965 میں ہماری افواج نے غیر معمولی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا اور ہماری قوم کے دفاع کیلئے ایک ناقابل تسخیر دیوار بن گئی اس تاریخی واقعہ نے ثابت کر دیا کہ اتحاد، اتفاق اور ایمان اسلحہ یا عدد (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس
پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون
روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
"روزنامہ عوام"
302 یونیورسل کمپلیکس جناح
روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

یوم دفاع 6 ستمبر
پاکستان ہمیشہ زندہ باد

سابق وفاقی وزیر خلیل جارج کی قیادت میں یوم دفاع 6 ستمبر پاک فوج سے اظہار یکجہتی ریلی جالی روڈ سے گزر رہی ہے

انجینئرز کے پروموشن پر قوانین کے مطابق عملدرآمد یقینی بنایا جائے، نورزمان

سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق ملک بھر کی ڈپلومہ اور بی ٹیک انجینئرز کو ترقیاں دی گئی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی صدر نورزمان کاکڑ، صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی محمد ابراہیم زہری، نائب صدر حضرت علی اچکزئی، حاجی کریم بلوچ، جوائنٹ سیکرٹری اسلم کھیتران، خالد جاوید، اری گیشن کے صدر نادر شاہ، بی ڈی اے کے صدر عارف بنگلزئی، اربن کے ظہور مینگل اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سپریم کورٹ کے پانچ رکنی بینچ کے فیصلے کے مطابق ڈپلومہ اور بی ٹیک انجینئرز کے پروموشن اور دیگر معاملات پر قوانین کے مطابق عملدرآمد کیا جائے۔ انہوں (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

ڈیڑھ ماہ سے یوریا کھاد کی بندش، زمیندار شدید پریشان

زمینداروں کا کل 8 ستمبر کو قومی شاہراہ بلاک کرنے کا اعلان

خضدار (آن لائن) نال زمیندار ایکشن کمیٹی کی جانب سے یوریا اور دیگر زرعی کھاد کی مسلسل بندش کے خلاف 8 ستمبر 2026 کو صبح 8 بجے خضدار گھوڑا چوک پر احتجاج اور کوئٹہ – کراچی قومی شاہراہ بلاک کرنے کا اعلان کیا گیا ہے زمیندار ایکشن کمیٹی کے مطابق تقریباً ڈیڑھ ماہ سے یوریا کھاد کی بندش کے باعث نال، خضدار اور گردونواح کے زمیندار شدید مشکلات اور پریشانی کا شکار ہیں۔ کھاد کی بروقت فراہمی نہ ہونے سے موجودہ زرعی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں جبکہ زمینداروں کو اپنی فصلوں کے حوالے سے بھی شدید تشویش لاحق ہے۔ زمینداروں کا کہنا ہے کہ آنے والی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

FIRST FOR HUNTERS

اسلام آباد: قائمقام صدر یوسف رضا گیلانی کو سفاری کلب انٹرنیشنل کی پاکستان شاخ کے چیئرمین سید صمصام علی بخاری بریفنگ دے رہے ہیں